تحت الوحدة الذاتية
المطلقة القاهرة فذات
الانسان بمثابة غيب الهوية
وادراكه نفسه بنفسه وسائر
كمالاته ادراكا اجماليا
من غير امتياز جامع
للقابليات السلبية والايجابية

حیات اور علم اور قدرت اور ارادہ کو چاہتا
ہے کیونکہ فعل وتاثیر بغیر ان صفات کے
نہیں ہو سکتا اور ہر صفت کیساتھ جو ظہور ہے
وہ مغایر ہے اوس ظہور کے جو دوسری صفت
سے ہے اور جو ایک صفت سے تعین ہے
اور دوسری صفت کے تعین سے علیحدہ ہے
پس کثرت کا منتشر ہونا عین وحدہ حقیقة
میں ہے جو جامع ہے اور صلاحیت کیساتھ
ناعت ہے پھر منتشر ہونا کثرت کا باعتبار تجرد
فی العلم کے پھر تعین میں ہے پس کثرة یا تو عین
میں ہے یا علم میں اور جو علم میں ہے یا تو
بالاجمال ہے یا بالتفصیل یہ تینوں محل ہیں کثرة
کے جو وحدۃ ذاتیہ مطلقہ قاہرہ کی تحت
میں ضبط کی گئی ہے پس انسان کی ذات
بمنزلہ غیب ہویة کے ہے اور اپنے نفس کو
اور اپنے تمام کمالات کو اپنی ذات سے
ادراک کرتا ہے مگر ادراک اجمالی
ہے بغیر ایسے امتیاز کے جو قابلیات
سلبیہ اور ایجابیہ اور فعلیہ

Marfat.com

والفعلية والانفعالية بمانزل
التعين الاول وقابلياته
المندرجة فيه بمنزلة الشيون
الذاتية فتلك الجملة اما
قابلية من حيث التجرد من
جميع النسب والاضافات
فهي مثابة الاحدية الصرفة
الاجمالية واما قابلية من حيث
التلبس بالنسب والاضافات
فهي بمثابة الواحدية التفصيلية
وادراكه نفسه بنفسه وسائر
كمالاته ادراكا تفصيلا
بالامتياز بين الايجابية
والسلبية والفعلية والانفعالية
على وجه الفرق بحيث يكون له
بنفسه بنسبة كل قابلية ظهور
خاص في العلم بمنزلة التعين
الثاني والقابليات فيه اما من
شانها الفعل والانفعال فالفعليات

وانفعالیہ کو جامع ہو بمنزلہ تعین اول کے
اور اسکی قابلیات بمنزلہ شیون ذاتیہ کے
ہیں پس وہ مدرکات مجملہ بحیثیت تمام
نسبتوں اور اضافات سے مجرد ہونے
کی ہے پس وہ بمنزلہ احدیۃ محضہ کے ہے
اور یا قابلیہ بحیثیت تلبس کے ہے ساتھ
نسبتوں اور اضافتوں کے پس وہ
بمنزلہ واحدیۃ تفصلیہ کے ہے اور
وہ اپنے نفس کو اور تمام کمالات
کو خود اپنی ذات سے ادرک
کرتا ہے اور ادراک تفصیلی ہوتا ہے
اور جو قابلیات ایجابیہ اور سلبیہ
اور فعلیہ اور انفعالیہ کے درمیان
امتیاز کے ساتھ علی وجہ الفرق ہے
اسی طرح پر کہ اس کے لئے خود ہر
ایک کی نسبت قابلیت ظہور خاص
کے علم میں ہو بمنزلہ تعین ثانی کے ہے
اور قابلیات جو اس میں ہیں یا تو
انکی شان فعل ہے یا انفعال ہے اور فعلیات

Marfat.com

والانفعاليات اجمال وتفصيل
فاجمال الاولى بمنزلة الالوهية
وتفصيله بمنزلة الاسماء والصفات
واجمال الثانی بمنزلة الحقيقة
الامكانية وتفصيله فی العلم
بمنزلة الاعيان الثابتة وفی العين
بمنزلة العالم والقابليات كلها
ظاهرة من ذات الانسان
وقائمة بها لكن ظهورها
بالقابليات الفعلية لا يوجب
التعدد الوجودی بل هو فی
عين الظهور بالقابليات
الفعلية فی وحدته الصورية
بخلاف القابليات الانفعالية
فانه عند ظهوره بها يوجب
التعدد الوجودی +

مرحلة فی الناس اما محجوبون

فلا يرون الا الكثرة والغيرية
واما محجوبون فلا يرون الا الواحد

اور انفعالیات کیلئے اجمال اور تفصیل ہے
پس فعلیات کا اجمال بمنزلہ الوہیت کے
ہے اور تفصیل اسکی بمنزلہ اسماء اور صفات
کے ہے اور اجمال ثانی کا بمنزلہ حقیقت
امکانیہ کے ہے اور اسکی تفصیل علم میں
بمنزلہ اعیان ثابتہ کے ہے اور عین میں
بمنزلہ عالم کے ہے اور تمام قابلیات انسان
کی ذات سے ظاہر ہیں اور اسی کے ساتھ
قائم ہیں لیکن قابلیات فعلیہ کے ساتھ
اس کا ظہور تعدد وجودی کو واجب نہیں
کرتا بلکہ وہ اپنی وحدۃ صوریہ میں
قابلیات فعلیہ کے ساتھ عین ظہور میں
ہے بخلاف قابلیات انفعالیہ کے
کیونکہ وہ ان کے ساتھ ظاہر ہونے کے
وقت تعدد وجودی کو واجب کرتا ہے
لوگوں کی دو

مرحلہ چودھواں

قسمیں ہیں یا
تو محجوب و محروم ہیں پس وہ کثرت اور
غیریت کے علاوہ اور کچھ نہیں دیکھتے اور یا محجوب ہیں

Marfat.com

والعینیۃ فیہا لا یصل
للاقتداء بہما لانہما محجوبان
بظلمۃ الکثرۃ او بنور الوحدۃ
والعارف المقتدی ھو الذی
اجمع الطورین فیثبت الوحدۃ
فی بواطن الاشیاء ویثبت الکثرۃ
فی ظواہرہا فعین وحدتہ
مفتوحۃ مع عین کثرتہ وکذا
العکس فیثبت الربوبیۃ
والعبودیۃ والعینیۃ الغیریۃ
فی البواطن والظواہر ولا یطمس
احکاماً فالممکنات عینیۃٌ حقیقۃً
وغیرہ اعتباراً فمن حیث التعینات
الغیریۃ مسلمۃ ومن حیث
الحقیقۃ العینیۃ محققۃ فالممکنات
حیث بجمیع الوجوہ عینیۃ
ولا غیرہ بل بوجہ الذات
عینیۃ وبوجہ التعین غیرہ
کما ان زیداً عین الانسان

جو سوائے وحدت اور عینیت کے اور کچھ نہیں دیکھتے پس
یہ دونوں اقتدار کے لائق نہیں ہیں.
کیونکہ دونوں محجوب ہیں پہلا تو کثرت کی
ظلمت سے اور دوسرا وحدۃ کے نور سے اقتدا
کے لائق وہ عارف ہے جو دونوں طریق کا جامع
ہو پس اشیاء کے باطن میں تو وحدۃ کو
ثابت کرے اور اونکے ظاہر میں کثرت کو
پس اسکی وحدۃ کی آنکھ کثرۃ کی آنکھ کیساتھ
کھلی ہے اور کثرۃ کی آنکھ وحدۃ کی آنکھ
کیساتھ کھلی ہے پس ربوبیت وعبودیت و عینیت
کو وہ باطن کے اشیاء میں ثابت کرتا ہے اور
غیریت کو ظاہر اشیاء میں اور ہر ایک کے
احکام کو محو نہیں کرتا ہے پس ممکنات
حقیقۃً اوسکے عین ہیں اور اعتباراً اسکے
غیر ہیں پس بحیثیت تعینات غیر کے تو ممکنات مسلم
ہی ہیں اور بحیثیت حقیقت عینیہ کے محقق ہیں
پس ممکنات تمام وجہات سے اسکے عین نہیں
ہیں اور نہ تمام وجہات سے اسکے غیر ہیں بلکہ باعتبار
ذات کے اسکے عین ہیں اور باعتبار تعین کے غیر

Marfat.com

حقیقة وغیرها تعینا فان الامتیاز
یخل بالاطلاق قال الشیخ
ابو الحسن الشاذلی قدس سرہ
ینبغی ان یکون الفرق علی
لسانک والجمع فی قلبک وهذا
هو الکمال فالمقید محتاج
الی المطلق فی الوجود والمطلق
مشتاق الی المقید فی الظهور
وسیجئ نبذ من الکلام فی
هذا المرام الممکنات من
حیث الاطلاق متحدة ومن
حیث التقییدات متعددة
فاحکام الاطلاق باقیة عند
التقییدات واحکام التقییدات
نافذة عند الاطلاق ولا تزاحم
ولا تعارض ولا تناکر فی احکام
مختصة بکل واحد منهما
فانها متعارضة مثلا الانسان
اذا قیس بالنسبة الی زید

جیسا کہ زید عین انسان ہے حقیقةً اور غیر انسان ہے
تشخص کے کیونکہ امتیاز اور متعین ہونا اطلاق
کو مخل ہے شیخ ابو الحسن شاذلی قدس سرہ فرماتے
ہیں کہ مناسب ہے کہ فرق تیری زبان پر ہو اور
جمع تیرے قلب میں ہو اور یہی کمال ہے پس
مقید مطلق کا وجود میں محتاج ہے اور مطلق مقید کا
ظہور میں مشتاق ہے اور کچھ کلام اس بحث کے
متعلق آگے بھی آویگا پس ممکنات بحیثیت اطلاق
کے متحد ہیں اور بحیثیت تقیدات کے متعدد ہیں
پس اطلاق کے احکام تقیدات کے نزدیک
باقی ہیں اور تقیدات کے احکام اطلاق کے
نزدیک نافذ ہیں اور دونوں کے احکام
میں کچھ تعارض و تزاحم اور تناکر نہیں ہے
بخلاف ان احکام کے جو ہر ایک کے
ساتھ مختص ہیں کیونکہ وہ آپس میں
متعارض ہیں جیسا کہ انسان جب زید
کی نسبت سے قیاس کیا جاوے تو
. . . .
. . . .

Marfat.com

فحكم الكلية مثلاً يزاحم حكم
الجزئية الثابت فى زيد و
اما كونه جسماً ومتحركاً بالارادة
لايزاحمه الزيدية وكذلك
الوجوب والامكان والقدم
والحدوث فان كلاً من حيث
التلبس يعارض الآخر واما من
حيث التجرد فلا كيف وهذه
الاحكام فى عين التجرد منغمسة
الا ترى ان عصا موسى على نبينا
عليه الصلوة والسلام ترا الحية و
اما فى الواقع لم يكن الا عصا فهى عصا
وليست بحية وحية وليست
بعصاة والعصاة عين الحية
والحية عين العصاة والعصا
غير الحية والحية غير العصا و
كذا حبال السحرة وعصيهم حيات فى
نظرنا والحيات حبال وعصى كل هذا فى
التخيل فليس فى نفس الامر الا ذات واحدة

تو کلیۃ کا حکم جزئیۃ کے حکم کے جو زید میں
ہے مزاحم و معارض ہے۔ مگر انسان
کے جسم سے و متحرک و بالارادہ ہونے کو
زیدیت مزاحم و معارض نہیں ہے۔
اسی طرح وجوب اور امکان اور قدم
اور حدوث پس ہر ایک بحیثیت تلبس
کے دوسرے کے معارض ہے۔ اور
بحیثیت تجرد کے معارض نہیں ہے اور معارضہ
کیسے ہو سکتا ہے حالانکہ یہ احکام عین
تجرد میں ڈوبنے والے ہیں۔ دیکھتے
نہیں ہو کہ حضرت موسیٰ علیٰ نبینا و
علیہ الصلوٰۃ والسلام کا عصا سانپ
دکھائی دیتا تھا لیکن واقع میں عصا ہی تھا
پس وہ عصا تھا سانپ تھا اور سانپ تھا اور
عصا نہ تھا اور عصا عین سانپ تھا اور سانپ غیر
عصا تھا۔ اور اسی طرح ساحروں کی رسیاں
اور ان کے عصا ہماری نظر میں سانپ تھے
اور سانپ رسیاں اور عصا یہ سب تخیل میں ہے
پس حقیقت میں سوائے ایک ذات کے اور کچھ نہیں ہے

Marfat.com

متلبسة باحكام تخييل انها
غيرها بسبب تلك الاحكام

مرحلة هي علم ان هذه المسئلة
لغموضها مزلة الاقدام ومرمى الاوهام
ومزلقة الافهام ومضغث الاحلام
وينشأ للخائض فيها رتوق منه
باب الرسوخ في العقل ثم ينكشف
للغائر حق الغور فتوق يستفتح بها
غلق الباب ويطمئن القلب فلنذكر
من الرتوق والفتوق لتكون حلى
بصيرة وتكون التحقيقات لك
ذخيرة **رتق** الوجود الواجب
اذا كان ساريا في جميع الممكنات
ينبغي ان يكون جميع الممكنات
واجب الوجود اذ المقيد عين المطلق
وليس كذلك **فتق** لا يلزم من
وجوب الشيء ان يكون لوازمه
واجبا فالممكنات لوازم الوجود
ايضا للوجود حيثيات والاستحال

جو ایسے احکام کیساتھ متلبس ہو کہ ان احکام
کے سبب سے یہ خیال کیا جاتا ہے کہ وہ اسکے غیر ہیں

مرحلہ پندرھواں جاننا چاہیے کہ یہ مسئلہ بسبب
مشکل ہونے کے لغزش اقدام کی جگہ ہے
اور جگہ پریشان ہونے خیالات کی ہے جو اس میں
مشغول ہونیوالا ہے اس کو بہت سے اعتراضات
ایسے پیش آتے ہیں کہ مطلب کو عقل میں
مستقر و راسخ ہونے سے روک دیتے ہیں پھر
جو پوری طرح غور کرنے والا ہے تو اس کو
جوابات بھی اُن اعتراضات کے منکشف
ہوجاتے ہیں کہ جن سے دروازہ بستہ کھل
جاتا ہے اور قلب مطمئن ہوجاتا ہے پس اب
ہم کو چاہیے کہ کچھ سوالات و جوابات کریں
تاکہ تو بصیرت حاصل کرے اور یہ تحقیقات
تیرے لیے ذخیرہ ہوں سوال وجود حق
واجب . . . جبکہ تمام ممکنات میں ساری ہے
تو لازم آویگا کہ تمام ممکنات واجب ہوں
کیونکہ مقید مطلق کا عین ہوا کرتا ہے حالانکہ
نہیں جواب کسی شی کے وجوب سے یہ لازم
نہیں آتا کہ اس کے لوازم بھی واجب ہوں پس ممکنات وجود کے لوازم ہیں اور نیز وجود کے لیے مختلف حیثیتیں ہیں ورنہ

من الوحدة صدور الكثرة فهو
بحيث انه سار في حقائق
الممكنات لم يتصف بالوجوب وانما
هو وصف للتجرد دون التلبس فالوجود
من حيث انه واجب لا يكون
ممكنا ومن حيث انه ممكن لا يكون
واجبا فلكل حيثية حكم اخرى

ستق الوجود يتكثر بتكثر المحال
والواجب لا تكثر فيه **فتق**
لا تكثر فيه انما التكثر في شئونه
وهو هو قبل اكتسابه بالتعين
الوجوبي والامكاني وبعده
والا لزم التغير والانقلاب
بالضد في الوجود الا انه بحسب
الظهور سمي بالحصص المتعينة
فهو ازلا وابدا على ما هو عليه
من الصرافة والصفا والتكثر
انما هو في امداد الوجود وتوجهه
وتعلق الموجودات به وتكثر كل واحد

واحد سے کثرت کا صدور نہ ہوتا پس وہ بحیثیت
اس کے کہ حقائق ممکنات میں ساری ہے وجوب
کے ساتھ متصف نہیں کیونکہ وجوب تجرد کا وصف
ہے نہ تلبس کا وجود بہ حیثیت واجب ہونیکے
ممکن نہ ہوگا اور بحیثیت ممکن ہونیکے واجب
ہوگا پس ہر حیثیت کا ایک حکم ہے جو دوسری
حیثیت کے حکم کے مغایر ہے۔

سوال وجود کے اندر محل کی کثرت سے کثرت
آجاتی ہے اور واجب کے اندر تکثر نہیں ہے
جواب تکثر اس میں نہیں ہے تکثر اس کے
شیون میں ہے اور وہ وہ ہی ہے تعین وجوبی
اور امکانی کے ساتھ مکتسب ہونے سے پہلے
بھی اور بعد بھی ورنہ تغیر اور انقلاب ضد کیساتھ
اسمیں لازم آویگا مگر وہ باعتبار ظہور کے حصص
متعینہ کیساتھ نام رکھدیا گیا ہے پس وہ ازل
وابد میں اسی صفت بساطت پر ہے جیسا کہ تھا
اور نیز تکثر تو وجود کی امداد اور توجہ اور تعلق
جو اس کو موجودات سے ہے اس میں ہے
اور ان میں سے ہر ایک کا۔

Marfat.com

منها لا يورث التعدد في الهمة الموجهة
فلا تكثر في الواجب رتق الموجود
اما واجب واما ممكن وايضا اما
قديم او حادث فلزم ان لا يكون
الوجود واجبا وكذلك لا يكون
قديما والّا لزم انقسام الشيء الى نفسه
غيره وذلك باطل فتق الوجوب
والامكان وكذا القدم والحدوث
من اسماء نسب الوجود لا من
اسمائه الذاتية التي المتقابلات
كلها بالنسبة اليها سواء فالقسمة
انما هي لنسبة الوجود لا للوجود من
حيث الوحدة والاطلاق اذ لا
نسبة ثمه اصلا وايضا لا قسمة
هناك مطلقا كيف القسمة ضم
مخصص مشترك والمخصص
غير المشترك ليفيد التميز
والامتياز فالمنقسم المطلق مع
ضم المخصص غير لنفسه فلا يلزم

تکثر ممدود اور متوجہ میں تکثر کو پیدا نہیں کرتا
پس واجب میں کچھ بھی تکثر نہیں سو اگر وجود
یا تو واجب ہوگا یا ممکن اور نیز یا قدیم ہوگا یا
حادث پس لازم آتا ہے کہ وجود نہ واجب
ہو اور نہ قدیم ہو ورنہ انقسام شی کا اپنی
طرف اور اپنے غیر کی طرف لازم آتا ہے اور
یہ باطل ہے جواب وجوب اور امکان
اور ایسے ہی قدم اور حدوث وجود کی نسبتوں
کے اسماء میں سے ہیں اور ان اسماء ذاتیہ میں
سے نہیں ہیں کہ کل متقابلات اسکی ذات کی
نسبت سے برابر ہیں پس تقسیم نسبت وجود کی ہے
وجود بحیثیت وحدۃ اور اطلاق کے نہیں ہے
کیونکہ وہاں تو کوئی نسبت ہی نہیں ہے اور
نیز نہ وہاں کسی طرح کی تقسیم ہے پس تقسیم وہاں
کیسے ہو سکتی ہے حالانکہ تقسیم نام ایک
مخصص کو ایک مشترک کیساتھ ضم کرنے کا
ہے اور مخصص مشترک کے غیر ہے تاکہ تمیز اور
امتیاز کو مفید ہو پس مطلق جو منقسم ہوا ہے
ضم مخصص کیساتھ اپنے نفس کا غیر ہے۔

Marfat.com

تقسیمہ الشیٔ الی نفسہٖ والی غیرہٖ
ولیس کذلک فیما نحن فیہ فان
ظہور الوجود بھذہ الموجودات
من قبیل التمثل کتصور الحقیقۃ
الملکیۃ بصورۃ البشر فلا یق
ان تلک الصورۃ البشریۃ غیر
الحقیقۃ الملکیۃ فالوجود واحد حقیقۃ
وظہورًا الا ان النسب الاعتباریۃ
اوجبت تمیزًا وکثرۃ وھمیۃ والا
فلا کثرۃ ثمہ ھکذا قالوا وفیہ
وما فیہ۔ رلق المطلق لا وجود
لہ الا فی الذھن والواجب الوجود رفتق
المراد من المطلق لیس ما ھو المتبادر
یفھمہ العقل بل المراد امر ذات
تعینھا لا ینافی سائر التعینات
بل یجامع جمیع التعینات بحیث لا
یشذ تعین من التعینات
فھو متعین بتعین ھو تعین
ذاتہ رلق المطلق لا وجود لہ

تقسیم شئے اپنے نفس کی طرف اور اپنے
غیر کی طرف نہ لازم آوے اور جس امر
میں ہم کلام کر رہے ہیں وہ ایسا نہیں ہے
کیونکہ ان موجودات کے ساتھ وجود کا
ظہور تمثیل کی قسم سے ہے جیسے حقیقت ملکیہ کا
صورت بشر میں ظاہر ہونا پس یہ نہیں کہا
جاتا کہ صورۃ بشریہ حقیقیہ ملکیہ کی غیر ہے۔
پس حقیقت اور ظہور کے اعتبار سے وجود واحد
ہے، مگر نسبتوں اعتباریہ نے تمیز اور کثرت کو
پیدا کر دیا اور نہ تمیز اور کثرت وہمیہ ہے
بزرگوں نے اس مقام کو اسیطرح لکھا ہے اور اسمیں
جو کچھ خدشات ہیں ہیں سوال مطلق کا وجود
صرف ذہن ہی میں ہوتا ہے اور واجب الوجود
خارج میں موجود ہے پس مطلق واجب الوجود نہ ہوگا۔
جواب مطلق سے مراد وہ معنی نہیں ہیں جو عقل کے
فہم میں متبادر ہوتے ہیں بلکہ مطلق سے مراد
ایسی ذات ہے کہ اسکا تعین اور تعینات کے منافی نہیں ہے
بلکہ تمام تعینات کیساتھ اسیطرح جمع ہو سکتا ہے
کہ کوئی تعین تعینات میں سے اس سے نکلتا نہیں پس

واجب ایسے تعین سے متعین ہے کہ وہ تعین اسکا عین ذات ہے، پس وہ موجودہ خارجی ہے اور اطلاق حقیقی سے مطلق ہے اور ایسی تعین سے متعین ہے، کہ وہ تعین
عین ذات ہے۔ سوال مطلق کا وجود

Marfat.com

الا فی تعین ضمن الخاص فیلزم ان یکون للواجب وجودًا الا فی ضمن غیرہٖ وھٰذا محال فانہٗ موجود قبل کل موجودٍ **فتق** الموجود اما موجود بالوجود او نفس الوجود فالماھیۃ التی توجد بمقارنۃ الوجود ینبغی ان یتعین ثم یقترن بالوجود فیکون موجودًا والمطلق والعام من ھٰذا الباب بخلاف ماھیۃ ھی نفس الوجود فھی موجودۃ تقترن بذاتھا فلا یحتاج فی الموجودیۃ الی الغیر فلا یکون الواجب موجودًا فی ضمن الغیر **رتق** الوجود معلوم لکل احدٍ حتی قیل انہ بدیھی فلو کان الواجب عین الوجود لکان معلومًا لکل احد بل بالبداھۃ ولیس کذٰلک فلیس عینیۃ **فتق** الوجود لیس بمعلوم بالکنہ

مقید کے ہی ضمن میں ہوتا ہے اور ایسے ہی عام کا وجود خاص ہی میں ہوتا ہے پس یہ لازم آتا ہے کہ واجب کا وجود ضمن غیر ہی میں ہو اور یہ محال ہے کیونکہ وہ پہلے ہر وجود کے موجود ہے **جواب** موجود کی دو قسم ہیں اول یہ کہ وہ یا تو وجود زائد کے ساتھ موجود ہوگا یا نفس وجود ہوگا پس وہ ہیئت کہ وجود کی مقارنۃ کیساتھ پائی جاتی ہے اول متعین ہوگی اور پھر اُسکے وجود ساتھ مقترن ہوکر موجود ہوگی اور مطلق اور عام اسی باب سے ہے بخلاف اوس ماہیت کے جو خود نفس وجود ہے پس وہ اپنی ذات سے موجود ہے پس وہ موجود ہونے میں غیر کی محتاج نہیں ہے پس واجب ضمن غیر میں موجود نہ ہوگا **سوال** وجود ہر ایک کو معلوم ہے حتی کہ یہ کہا گیا ہے کہ وجود بدیہی ہے پس اگر واجب تعالیٰ عین وجود ہوتا تو ہر ایک کو معلوم ہوتا۔ بلکہ بداہۃً معلوم ہوتا۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے پس معلوم ہوا کہ واجب عین وجود نہیں ہے **جواب** وجود کی کنہ کسی کو معلوم نہیں ہے

Marfat.com

لاحد ولو كان بديهيًا تحققا
ذاتية فهو اظهر الاشياء وابطنها
كنها سر قوله الوجود لو كان
عين الواجب فلا يخلو اما هو
باطلاقه عينه او بتقييده عينه
فعلى الاول يلزم ان يتصف الوجود
بصفة التخليق والايجاد لان
الواجب متصف بها لان الشئ
اذا كان متحد الشئ لابد ان
يتصف باوصاف ذلك الشئ
والمتصف بالاوصاف لا يكون
مطلقا بل مقيدا وعلى الثاني
يلزم ان يكون الواجب مركبا كما
هو شان المقيدات ضرورة تحقق
لوازم الشئ في عين المتحد بذلك
الشئ قلنا الاطلاق اطلاقان
وكذا الوجوب وجوبان اطلاق
معرّى عن النسب كلها من الفعل
والانفعال والوجوب والامكان

اگرچہ باعتبار تحقق ذاتی بدیہی ہو پس معلوم
ہوا کہ وجود باعتبار تحقق کے سب اشیاء سے
زیادہ ظاہر ہے اور باعتبار کنہ کے بہت
زیادہ مخفی ہے سوال وجود اگر عین واجب
ہو پس تو دو حال سے خالی نہیں یا تو اپنے
اطلاق سے عین واجب ہوگا اور یا اپنی تقیید
سے تقدیر اول پر یہ لازم آتا ہے کہ وجود تخلیق
یعنی پیدا کرنے کی صفت اور ایجاد کے ساتھ
متصف ہو اس واسطے کہ واجب ان دونوں
وصفوں کیساتھ متصف ہے کیونکہ جب کوئی
شے اول دوسری شے سے متحد ہو تو اوصاف کے
ساتھ بھی متصف ہو اور جو شے اوصاف کے
متصف ہوا کرتی ہے وہ مقید ہوتی ہے مطلق
نہیں ہوتی اور تقدیر ثانی پر یہ لازم آتا ہے
کہ واجب مرکب ہو جیسی کہ تمام مقیدات کی شان
ہے کیونکہ جو لوازم کسی شے کے ہوتے ہیں وہ
اس شے میں ضرور متحقق ہوتے ہیں جو کہ اس
شے کے ساتھ متحد ہو جواب اطلاق کی دو قسم
ہیں اور اسی طرح وجوب کی دو قسم ہیں اول وہ

۲ اطلاق مجرد تمام نسبتوں سے جیسے فعل اور انفعال اور وجوب اور امکان سے خالی ہو

۲ یعنی کسی شے کے ساتھ متحد ہونا ضروری ہے

Marfat.com

والاطلاق معرای عن جمیع النقائص
الامکانیة من التعینات الجسمانیة
والمثالیة والروحیة والاول هو الذات
فقط والثانی مع الاسماء والصفات
والواجب اما ذات صرفة لاتعین
ولاتقیید فیها اصلاً او ذات
ماخوذة مع الاسماء والصفات
فالواجب الحقیقی هو الاول وهو
الاطلاق بالمعنی الاول والثانی
عین الثانی ولامنافات بین
الاطلاق الحقیقی وبین الاطلاق
المتصف بالخلق والایجاد فان
قلت خالق الشئ لایحمل علی
ذلک الشئ والمطلق یحمل علی المقید
فلا یکون الوجود من حیث الاطلاق
واجباً قلت الحمل یقتضی الاتحاد
من وجه والتغائر من وجه آخر
وهذا یتحقق فی الصورتین الاولی
الاتحاد بحسب الصورة والتغایر

اور دوسرا اطلاق وہ کہ تمام نقائص امکانیہ سے
مثل تعینات جسمانیہ مثالیہ وروحیہ کے خالی ہو
اول اطلاق تو محض ذات ہے اور دوسرا ذات
مع اسماء وصفات کے ہے اور واجب کے
دو حال ہیں تو ذات محضہ ہو کہ اسمیں تعین اور
تقیید بالکل نہو اور دوسرے ذات جو اسماء و
صفات کے ساتھ لی گئی پس واجب حقیقی اول ہے
اور وہ اطلاق . . . بمعنے اول ہے اور دوسرا
دوسرے کا عین ہے اور اطلاق حقیقی اور اس
اطلاق کے درمیان جو خلق اور ایجاد کیساتھ
متصف ہے کچھ منافاۃ نہیں ہے پس اگر تو
یہ کہے کہ کسی شے کا خالق اس شے پر محمول
نہیں ہوا کرتا اور مطلق مقید پر محمول ہوتا ہے
پس وجود بحیثیت اطلاق کے واجب نہ ہوگا تو
میں کہتا ہوں کہ حمل اتحاد من وجہ اور تغائر
من وجہ کو مقتضی ہے اور یہ دو صورتوں میں
متحقق ہوگا - اول اتحاد باعتبار صورت کے
اور تغایر باعتبار . . . .
. . . .

Marfat.com

بحسب المعنی کقولک زید
انسان وھما متحدان فی الخارج
متغایران فی الذھن للجزئیۃ
الناشیۃ بالتشخص والکلیۃ
یرفع ذلک التشخص الثانیۃ
التغایر بحسب الصورۃ والاتحاد
بحسب المعنی کجبریل والصورۃ
الدحیۃ ولو لم یکن الاتحاد لم یکن
ما یظھر من الصورۃ الدحیۃ
ظاھرا وعن جبریل فیما نحن فیہ
التغایر بحسب الصورۃ والاتحاد
بحسب المعنی فظھور ذلک المعنی
فی صورۃ صورۃ کمال لہ لا نقصان
لہ بل لو لم یظھر لنقص فان فی الظھور
لا تغییر الذاتہ مما کان علیہ
فلا یکون الحمل بین الموجد والموجد
والفاعل والقابل ممتنعا لامن
حیث النسب المتمیزۃ بینھما
کما ذکرناہ فی وحیۃ الکلبی الحقیقۃ

معنی کے جیسے کہ قول تیرا زید انسان ہے کیونکہ
زید و انسان خارج میں ایک ہیں اور ذہن میں
متغائر ہیں بسبب اُس جزئیت کے جو تشخص
سے پیدا ہوا اور کلیت اس تشخص کو اٹھاتی ہے
اور دوسرے صورۃ یہ ہے کہ باعتبار ظاہر کے
تغایر ہو اور باعتبار باطن کے اتحاد ہو جیسے
جبرئیلؑ اور صورۃ دحیہ رضی اللہ عنہ کے اور
اگر اتحاد نہ ہوتا تو صورۃ دحیہ جو ظاہر ہوئی تھی
وہ جبریل سے ظاہر نہ ہوتی پس جس بات
میں ہم کلام کر رہے ہیں تغایر باعتبار صورۃ
کے ہے اور اتحاد باعتبار معنی ہے پس اس
معنی کا ظاہر ہونا ایسی صورت میں ہے کہ وہ
صورۃ اُس کے لیے کمال ہے نہ نقصان بلکہ
اگر ظاہر نہ ہو تو اسمیں نقصان لازم آتا ہے کیونکہ
ظہور میں اُس کے ذات میں اُس حالت سے
جس پر وہ ہے تغیر تو لازم آتا ہی نہیں پس
موجد اور موجد اور فاعل اور قابل کے درمیان
حمل جو ممتنع ہوگا تو بحیثیت اُسی نسب کے ہے
جو اپنی ذات سے ممتاز ہیں جیسا کہ ہم نے وحیہ کلبی او حقیقۃ

Marfat.com

الملكية فاذا نظر الى الموجد
تعالى من حيث ايجاده وتقدمه
بالوجود على الموجد تمتنع الحمل
واذا انظر اليه من حيث اطلاقه
بمعنى ان له ان يتمثل باية صورة
يشاء من الصور العلوية والسفلية
مع بقائه على ما هو عليه قبل التمثل
يصح الحمل كما ان الحيوان باعتبار
انه جزء ومادة متقدمة بالذات
ممتنع حمله على الانسان وباعتبار
اطلاقه يحمل عليه فعلم ان الايجاد
والاطلاق لا يجتمعان لاختلاف
لوازمهما فان الاول يقتضى
ان لا يكون الموجد محمولاً على
من وجده والثانى يقتضى ان
يكون المطلق محمولاً على المقيدات
فيلزم ان لا يكون كل من الوجود
والواجب عين الآخر اذ لا شك
ان الوجود ممكن واجب..

ملکیہ میں ذکر کیا ہے پس جب موجد کی طرف
اس حیثیت سے نظر کی جاوے کہ وہ موجد
ہے اور موجد پر وجود کے اعتبار سے متقدم
ہے تو حمل ممتنع ہے اور جب اس حیثیت سے
نظر کی جاوے کہ وہ مطلق اس کو یہ بات پہونچتی
ہے کہ وہ جس صورۃ میں چاہے خواہ وہ صور
علویہ میں سے خواہ صور سفلیہ میں سے متمثل
ہو جائے اور باوجود تمثل کے پھر بھی وہ
جیسا کہ پہلے تمثل کے تھا اسی طرح رہے تو
اس نظر کے اعتبار سے صحیح ہے جیسے کہ
حیوان باعتبار اس کے کہ وہ جز اور مادہ ہے
اور بالذات متقدم ہے حمل اس کا انسان
پر ممتنع ہے اور باعتبار اس کے اطلاق کے
اس پر محمول ہوتا ہے پس معلوم ہوا کہ ایجاد
اور اطلاق جمع نہیں ہوتے کیونکہ ان کے
لوازم مختلف ہیں پس اول معنی اطلاق کے
تو اس کو مقتضی ہیں کہ موجد موجد پر محمول
نہ ہو اور معنی ثانی اسکو مقتضی ہیں کہ مطلق مقیدات
پر محمول ہو پس اس صورت میں لازم آتا ہے کہ

Marfat.com

. . . .
. . . لم يمكنه ان يكون موجدا
لتحقق المانع من الاطلاق
فالحاصل ان الوجوب الذاتی
والاطلاق الحقیقی لا مجال
لنسبة ما فيه وهو هو اذ لا في
غير الوجود اصلاً من هذه
الحيثية واما الوجوب الوصفی
والاطلاق الغير الحقيقي
ای الاطلاق عن التعينات
الامکانية لا عن الاعتبارات
کلها فلها اعتباران احدهما
فی لحاظ بالتقييد بالصفة الوجوبية
فلا يصح حمله على المقيدات
الامکانیة لاختصاص کل
من الواجب والممكن بخصوصية
تمنع الحمل وثانيهما لحاظ بالاطلاق
ای ذاته وانكان له تعين
خاص الا انه ليس بتعين

کیونکہ اسمیں کچھ شک نہیں ہے کہ موجود اگر
واجب ہوتا تو اُس کا موجد ہونا ممکن نہ تھا
کیونکہ مانع اطلاق سے متحقق ہے پس حاصل
یہ ہے کہ وجوب ذاتی اور اطلاق حقیقی میں
کسی نسبت کی گنجائش نہیں ہے پس وہ
ہی وہ ہے کیونکہ اس حیثیت سے وجود میں
کوئی غیر نہیں ہے اور رہے وجوب وصفی
اور اطلاق غیر حقیقی یعنی وہ اطلاق کہ جو صرف
تعینات امکانیہ سے ہے . . . تمام
اعتبارات سے اطلاق نہو تو اُن کے لئے
دو اعتبار ہیں اول صفت وجوبیہ کے ساتھ
مقید ہونے کا لحاظ پس اس اعتبار سے
تو مقیدات امکانیہ پر حمل صحیح نہیں بطور
کیونکہ واجب اور ممکن میں سے ہر ایک ایسی
خصوصیت کے ساتھ مختص ہے کہ وہ
خصوصیت حمل کو مانع ہے اور دوسرا
اعتبار اطلاق کا یعنی ذات کا لحاظ کرنا ہے
تو اگرچہ اس اطلاق کے لئے بھی ایک تعین
خاص ہے مگر وہ ایسا تعین نہیں ہے

Marfat.com

ينافي التعيّنات الامكانية بل
تعين يجامع مع كل تعين منها
وجميعها وتمثل بها مع بقائه
على كماله واطلاقه
فيصح الحمل سوال الوجود
مقول على افراده على وجه
التشكيك فان وجود العلة
مقدم على وجود المعلول و
وجود الجوهر اولى من وجود العرض
ووجود القار بالذات اشد من
وجود غير قار الذات وكل ما هو
مقول على افراده على
وجه التشكيك لا يكون عين
ماهية افراده ولا جزءها بل
هو عارض لها فيمتنع ان يكون
واجبا لان الواجب لا يكون
عارضا لشئ ولا مقول على
غيره سيما بالتشكيك

جو تعینات امکانیہ کے منافی ہو بلکہ ایسا
تعین ہے جو تمام تعینات امکانیہ کے ساتھ
جمع ہو سکتا ہے اور ہر ایک تعین کے ساتھ
بھی جمع ہو سکتا ہے اور ہر ایک کے ساتھ
متمثل ہو سکتا ہے باوجود اس کے کہ وہ اپنے
اطلاق اور کمال پر رہتا ہے اس کے اطلاق اور
کمال میں کچھ فرق نہیں آتا پس اس صورت میں
حمل صحیح ہے **سوال** وجود اپنے افراد پر
تشکیک کے طور پر محمول ہوتا ہے پس بیشک
علۃ کا وجود معلول پر مقدم ہوتا ہے اور
جوہر کا وجود عرض کے وجود سے اولیٰ ہوتا
ہے اور وجود قار بالذات کا غیر قار بالذات
کے وجود سے اشد ہوتا ہے اور جو شئے اپنے
افراد پر تشکیک کے طور پر محمول ہوتی ہے وہ
اپنے افراد کے نہ تو عین ماہیت ہوتی ہے
اور نہ جز ماہیت بلکہ وہ ماہیت کو عارض
ہوتی ہے پس اس کا واجب ہونا بھی ممتنع
ہوگا۔ کیونکہ واجب کسی شئے کو عارض نہیں
ہوا کرتا۔ اور نہ غیر پر محمول ہوتا ہے خصوصاً

متن لیس التفاوت فی الوجود
من حیث ھو ھو فان التقدم
والاولویۃ والشدۃ ومقابلتھا
امور اضافیۃ والوجود من حیث
ھو ھو فالنسبۃ ھناک وایضاً
ان التشکیک انما یعرض باعتبار
الکلّیۃ والعمومیۃ والوجود من
حیث ھو لا عام ولا خاص
ولا کلی ولا جزئی بل یعرض
لہ ھذہ الامور من حیث
الماھیات ولا یستلزم ذلک
مقولیتہ بالتشکیک من حیث
ھو فالتشکیک باعتبار ظھور الوجود
فی الظاھر لا باعتبار حقیقۃ الوجود
فالاختلاف راجع الی الظھور
فیہ لا الحقیقۃ فحقیقۃ الافراد
ھی حقیقۃ الوجود لا الحقیقۃ
المکتنزۃ بالنسب والاضافات

جواب وجود میں بحیثیت اسکے کہ وجود
وجود ہے تفاوت نہیں پس تقدّم اور
اولویت اور شدۃ اور اُن کے جو مقابل ہیں
اُمور اضافیہ ہیں اور وجود میں بحیثیت اس کے
کہ وجود وجود ہے کوئی نسبت نہیں ہے اور
نیز تشکیک تو باعتبار کلیّت اور عمومیت کے
عارض ہوتی ہے اور وجود بحیثیت اُسکے
کہ وہ وجود ہے نہ عام ہے نہ خاص نہ کلّی نہ
جزئی بلکہ یہ امور اُس کو بحیثیت ماہیات
کے عارض ہوتے ہیں اور یہ عارض ہونا اُسکے
بحیثیت وجود ہونے کے بطور تشکیک کے محمول
ہونے کو مستلزم نہیں ہے پس تشکیک
باعتبار اس کے ہے کہ وجود ظاہر میں ظہور
کر رہا ہے نہ باعتبار حقیقۃ وجود کے پس
اختلاف ظہور کی طرف راجع ہے نہ حقیقت
کے پس جو حقیقۃ افراد کی ہے وہ ہی حقیقۃ
وجود ہے نہ وہ حقیقت جو نسب اور اضافات
کے ساتھ مجتمع ہے۔

متن۔ الوجود لو کان ساریا

سوال وجود اگر ساری ہوتا ہے

Marfat.com

فی الممکنات وھو ذاته للزم
تلطخ الذات الالھیة بالقاذورات
ولعید فضله القائل به موجدة
وھذا احتمال لا یجری علیه ذو عقل
ان یتقول به وایضاً قد ظھرت
فی الوجود لبعض القبائح المستقبحة
عقلاً وشرعاً فکیف ینسب
وجودھا الی الوجود الحق تعالیٰ
قلت النجم الساری ھو الذات
ولا یلزم التلطخ للطاقة غایة
اللطافة الا تری ان نور الشمس
یحیط بالقاذورات ولا یتلطخ
اصلاً ونور البصر یقع علیھا
ولا یتلطخ فما لك بنور الخالق
انما التلطخ فی اقتران الجسم
مع الجسم والموجد ھو الموجود
الساذج بمعنی الذات مع غیر
اقتران بماھیة امکانیة والفضلة
ماھیة امکانیة قرنت

ممکنات میں اور حالانکہ وہ وجود ذات باری تعالیٰ
ہے تو یہ لازم آتا ہے کہ ذات الٰہیہ قاذورات
کیساتھ متلطخ ہو اور یہ ایسی بات ہے کہ کوئی
عاقل اس کے کہنے کی جرأت نہیں کر سکتا اور
نیز وجود میں بعض ایسے قبائح ظاہر ہوئے
ہیں کہ جو عقلاً اور شرعاً قبیح ہیں پس اُن کا
وجود وجود حق تعالیٰ کی جانب کیسے منسوب ہوگا
جواب بیشک ساری ذات ہی ہے
اور تلطخ بسبب نہایت لطافت کے لازم
نہیں آتا دیکھتے نہیں ہو کہ آفتاب کی دھوپ
گندگیوں پر محیط ہوتی ہے اور اُن سے بالکل
متلطخ نہیں ہوتی اور آنکھ کا نور گندگیوں پر
پڑتا ہے لیکن اُن میں مخلوط نہیں ہوتا پس
کیا خالق کے نور کے ساتھ تیرا گمان ایسا
ہو سکتا ہے تلطخ اور اختلاط تو جسم کے جسم کے
ساتھ قریب ہونے میں لازم آتا ہے اور
موجد تو وہ موجود خالص بمعنی ذات ہے
ماہیت امکانیہ کے ساتھ اس کو اقتران نہیں
ہوتا اور فضلہ و گندگیاں وغیرہ ایسے ماہیت

[illegible]

له گندگی

Marfat.com

بحضرة الوجود البحت فليس
لها الاتحاد واعلم ان الخير
بالذات هو الوجود والشر بالذات
هو العدم وذلك لان الشر لا
ذات له بل عدم مانع لكمال
غيره اذ وجود الشئ لا يبطل
شيئا مثلا البرد والسحاب
مبطل الاثمار وفعل القضاء
ويظهر عند التامل ان البرد فى
نفسه ليس بشر بل هو كمال
من الكمالات انما هو شر بنسبة
الى الاثمار لا مطلقا بل من حيث
انه افسد مزاجها فالشر بالذات
هو فقدان الاثمار كمالاتها اللائقة
بها والبرد انما صار شرا بالعرض
لاقتضائه ذلك فالشر بالذات
هو فقدان الامور كمالاتها
اللائقة وانما اطلق على اسبابه
المؤدية اليه بالعرض فتدبر

پس اُس ماہیت کے لیے اتحاد نہیں ہے
جاننا چاہیئے کہ خیر بالذات وجود ہے اور
شر بالذات عدم ہے۔ اور وجہ اس کی یہ
ہے کہ شر کی کوئی حقیقت و ذات نہیں ہے بلکہ
شر ایک عدم ہے جو کمال غیر کو مانع ہے کیونکہ
وجود کسی شئے کا کسی شئے کو باطل نہیں کرتا
مثلاً برد و ابر پھلوں کو باطل کرنے والے ہیں
اور تامل کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ برد
فی نفسہ شر نہیں ہے بلکہ وہ کمالات میں سے
ایک کمال ہے اگر شر ہے تو پھلوں کے
اعتبار سے ہے مطلقاً شر نہیں ہے بلکہ
اس حیثیت سے شر ہے کہ اُس نے میوہ
کے مزاج کو فاسد کر دیا ہے پس شر بالذات
پھلوں کا معدوم ہونا اور جو کمالات اُسکے
لائق ہیں ان کا معدوم ہونا ہے اور لفظ شر
کا اطلاق اُسکے اسباب پر بالعرض ہوتا ہے
ورنہ وہ شر نہیں ہیں شر واقعی عدم ہے
پس خوب غور کرلے۔ ....

....

Marfat.com

فانه مفتاح المشکلات

مرحلة ١٦ ما فی الخارج

اما ممکن او واجب لانه ان

احتاج الی ضمیمة تنضم الیه

فیترتب علیه الآثار فهو ممکن

والضمیمة الوجود بمعنی الذات

وان لم یحتج الیها فی ترتب الآثار

علیه بل ذاته یستقل فیه فهو

واجب وهو الضمیمة فی الممکن

اما الوجود الذی هو من المعقولات

الثانیة بمعنے الحصول والکون

فهو عرض عام للممکن والواجب

الا ان حمله علے الواجب لیس

بالمواطاة بل بالاشتقاق ای

الواجب موجود واما حمل الوجود

الذی هو بمعنی الذات علی

الواجب فلا یحتاج الی الاشتقاق

بل یحمل علیه مواطاة ولو اشتق

الوجود من هذا الذی بمعنی الذات

کیونکہ یہ بحث بہت سی مشکلات کے لیے

مفتاح ہے۔ **مرحلہ سولہواں** جو شئے

خارج میں موجود ہے اس کی دو قسم ہیں اول

ممکن دوم واجب کیونکہ موجود اگر کسی ضمیمہ منضم

کا محتاج ہو اور اُس کے بعد اُس پر آثار

مرتب ہوں تو وہ ممکن ہے اور ضمیمہ یہاں وجود

بمعنے ذات ہے اور اگر ترتیب آثار میں

ضمیمہ کی احتیاج نہو بلکہ اسکی ذات مستقل

ہو وہ واجب ہے اور یہی واجب ممکن میں

ضمیمہ ہے اور جو وجود معقولات ثانیہ سے ہے

یعنی وہ جو بمعنی حصول وکون ہے وہ ممکن

اور واجب کے لئے عرض عام ہے مگر

فرق یہ ہے کہ وجود بمعنی حصول کا حمل

واجب پر حمل مواطاۃ نہیں ہے بلکہ حمل

اشتقاق ہے یعنی واجب موجود ہے اور

حمل واجب پر اُس وجود کا کہ جو معنی میں

ذات کے ہے تو وہ اشتقاق کا محتاج نہیں

ہے بلکہ وجود بمعنی ذات اُس پر حمل مواطاۃ

سے محمول ہوگا اور اگر موجود اُس وجود سے

Marfat.com

نمعناه ذوالوجود فان الواجب
ذوالذات وكذلك الممكن
ذوالذات ولا يخفى ان الواجب
لا يحتاج الى الوجود بمعنى الكون
والحصول فى ترتب الآثار عليه
فانها مترتبة على ذاته بل من
جملة الآثار الوجود بمعنى الكون

رتق لفظ الوجود صار مشتركا
بين الذات والكون والحصول
فمن يقول بعينية الواجب اراد
بمعنى الذات ومعنى من يقول انه
ليس عين الذات اراد بمعنى
الكون والحصول فالنزاع لفظى
وليس هذا من داب المخلصين

فتق نقول الذى يقترن
بالماهيات وبسبب اقترانه
يترتب عليه الآثار والاحكام
ويعبرونه بالوجود هل هو
موجود حقيقى اى الوجود بمعنى

اس وقت اُسکے معنی ذو وجود یعنی وجود والے
کے ہونگے، کیونکہ واجب ذو ذات ہے اور
اسی طرح ممکن بھی ذو ذات ہے اور اسمیں
شک نہیں ہے کہ واجب ترتب آثار میں
وجود بمعنی حصول کا محتاج نہیں ہے کیونکہ
آثار ذات پر مترتب ہیں بلکہ وجود بمعنی
کون وحصول ہی منجملہ آثار کے ہے۔

سوال لفظ وجود تقریر بالا کے موافق
ذات اور کون اور حصول کے درمیان مشترک
ہے پس جو وجود اور واجب کے عین ہونیکا
قائل ہے اُس نے وجود سے مُراد ذات
لی ہے اور جو یہ کہتا ہے کہ عین ذات نہیں
ہے اُسنے وجود کے معنی کون اور حصول
لئے ہیں پس نزاع لفظی ہوا اور نزاع لفظی میں
مشغول ہونا مخلصین کا طریق نہیں ہے **جواب**
ہم کہتے ہیں کہ اختلاف اس میں ہے کہ جو
شئے ماہیات سے مقترن ہوتی ہے اور
اس کے اقتران سے آثار اور احکام اسپر
مترتب ہوتے ہیں اور اسکو وجود سے تعبیر کرتے ہیں

Marfat.com

الذات او امر اعتباری ای الوجود
بمعنے الکون فالنزاع حقیقے
او لفظی **مرحلہ ذی** الوجود
بمعنے الذات من حیث هو
من غیر ملاحظة نسبة و
اعتبار سواء کانت نسبة تجرد
او تلبس یقال لہ الوجود المطلق
والذات البحت والغیب الهویة
والاحدیة المطلقة والاحدیة
الذات لا یتعلق بہ علم ولا کشف
احدٍ من المخلوقین الا ان لہ
مراتب الظهور والتنزل والتمثل
علماً وعیناً فبهذہ الاعتبارات
یتعلق بہ الادراک اولها تنزل
علمی بشان کلی جامع لجمیع الشئون
الالٰهیة والکیانیة والازلیة
الابدیة بمعنے انہ علم نفسہ بهذا
الشان الکلی المجمل من غیر امتیاز
بین الشئون الذاتیة وهی الکثرة

ذات ہے یا امر اعتباری ہے یعنی وجود بمعنی
کون ہے پس معلوم ہوا کہ نزاع حقیقی ہی لفظی
نہیں ہے **مرحلہ سترھواں** وجود کو
جو بمعنی ذات ہے بحیثیت وجود کے بغیر لحاظ
کسی نسبت اور اعتبار کے خواہ وہ نسبت تجرد کی
ہو یا تلبس کی وجود مطلق کہتے ہیں اور ذات خالص
اور غیب ہویۃ اور احدیۃ مطلقہ اور احدیۃ ذاتیہ کی
کنہ کا علم کسی کو نہیں اور نہ کشف کسی مخلوق کا اُسکے
متعلق ہو سکتا ہے مگر اس کے لئے ظہور اور
تنزل اور تمثل باعتبار علم اور عین کے ہے پس
ان اعتبارات سے اُس سے ادراک متعلق
ہو سکتا ہے اول اُن اعتبارات میں سے
تنزل علمی جو متعلق ایک شان کلی کے ہے جو
تمام شیون الٰہیہ و کیانیہ و ازلیہ و ابدیہ کو
جامع ہے یعنی وہ اپنے نفس کو شان کلی
مجمل کے ساتھ جانتے ہیں بغیر امتیاز کے درمیان
شیون ذاتیہ کے اور وہ کثرۃ ہے۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Marfat.com

المندرجة فی الوحدة ولکل
شان بالنسبة الی احکامه وآثاره التی
تظهر فی النشأة الاخری خفاء فان
مرتبة التفصیل مختصة فی الاجمال
بل لکل شان بالنسبة الی شان
آخر خفاء مع ان حضرة الوجود لا
یخفی علیه شیء ونسبة ظهور الشئون
واحکامها وآثارها فی مرتبة
واحدة فی العلم وهذا من
خاصیة الوحدة الحقیقیة فالتعین
الاول هو الوحدة الصرفة
والقابلیة المختصة المنشاء منها
قابلیة التجرد عن الصفات
والاعتبارات وقابلیة التلبس
بها وهی المسماة بالحقیقة المحمدیة
صلی الله علیه وسلم باعتبار التجرد
عن کل صفة حتی التجرد عن قابلیة
التجرد مرتبة الاحدیة ومن
شانها البطون والاولیة والازلیة

جو وحدت کے تحت میں مندرج ہے اور ہر
شان کے لئے بہ نسبت اُس کے اُن احکام
اور آثار کے جو نشأۃ آخرہ میں ظاہر ہوں گے
خفا ہے کیونکہ مرتبہ تفصیل کا اجمال میں مختص ہے
بلکہ ہر شان کے لئے بہ نسبت دوسری شان کے
خفا ہے باوجود اس کے کہ حضرت وجود پر کوئی
شے پوشیدہ نہیں ہے اور شیون اور اُن کے
احکام وآثار کے ظہور کی نسبت باعتبار علم کے
ایک مرتبہ میں ہے اور یہ وحدۃ حقیقیہ کے
خواص میں سے ہے پس تعین اوّل وحدۃ خالص
ہے اور نیز وہ قابلیت مختصہ کہ جس سے صفات
اور اعتبارات سے تجرد کی قابلیت اور اُن سے
تلبس کی قابلیت پیدا ہوتی ہے اور وہ حقیقۃ
محمدیہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ موسوم
کی جاتی ہے پس ہر صفت سے تجرد کا اعتبار
حتیٰ کہ قابلیت تجرد سے بھی تجرد مرتبہ
احدیت کا ہے اور اس مرتبہ کی شان
بطون اور اولیت وازلیت ہے۔

Marfat.com

واعتبارة التلبس لجميع الصفات
والاعتبارات مرتبة الواحدية
ومن شانها الظهور والآخرية
والابدية واعتبارات هذه المرتبة
منها ما يتصف به الذات باعتبار
مرتبة الجمع ولا يتوقف على الحقائق
الكونية كالحيوة والعلم والارادة
فهولاء اسماء الالوهية والربوبية
وصفاتها وصور معلومية الذات
متلبسة بالاسماء والصفات
الحقائق الالهية اويتوقف عليه
كالخالقية والرزاقية ولا يتعدد
ظاهر الوجود بهما ومنها ما يتصف
الذات به من باعتبار مرتبة الفرق
كالاجناس والفصول والخواص
والتعينات الجزئية التي
بها يتمايز الاعيان الخارجية
وصور معلومية الذات
متلبسة بتلك الاعتبارات

اور تمام صفات واعتبارات کے ساتھ تلبس
کا اعتبار مرتبہ واحدیہ کا ہے اور اس کی
شان ظہور اور آخریہ اور ابدیہ ہے اور اس
مرتبہ کے اعتبارات میں سے بعض اعتبار
ایسے ہیں کہ باعتبار مرتبہ جمع کے ذات
ان کے ساتھ متصف ہوتی ہے اور وہ اتصاف
حقایق کونیہ پر موقوف نہیں ہے جیسے حیات
اور علم اور ارادہ پس یہ الوہیت اور ربوبیت
کے اسماء اور صفات ہیں اور ذات کے معلوم
ہونے کی صورتیں اسماء وصفات ہیں اور
ذات کے معلوم ہونے کی صورتیں اسماء اور صفات
کے ساتھ جو حقایق الٰہیہ ہیں تلبس ہیں اور
بعض صفات کے ساتھ اتصاف حقائق کونیہ
... پر موقوف ہے جیسے خالقیت اور رازقیت
اور ظاہر وجود ان دونوں کے سبب سے متعدد نہ ہوگا
اور بعض صفات وہ ہیں کہ ذات اُن کے ساتھ
باعتبار مرتبہ فرق کے موصوف ہوتی ہے جیسے
اجناس اور فصول اور خواص اور وہ تعینات
جزئیہ کہ جن کے سبب سے اعیان خارجیہ

ہم ایک دوسرے سے متمیز ہیں۔ اور ذات کے معلوم ہونے کی صورتیں اُن اعتبارات کے ساتھ کہ

Marfat.com

الحقائق الكونية ويتعدد مظاهر
الوجود بها واعلم ان من الحقائق
الكونية حقيقة تكون مظهر لجميع
الاسماء الالهية بالغالبية والمغلوبية
عند سريان الوجود منها كحقائق
الانبياء عليهم السلام والاولياء
قدست اسرارهم بخلاف حقيقة
المظهر الاتم فانها على الاعتدال
التام وحقيقة يكون مظهر البعض
الاسماء دون بعض كسائر الحقائق
الموجودة الا ان الوجوب الذاتي
والاستغناء الذاتي لا يظهر في
حقيقة من الحقائق الكونية اصلاً
والذات الاحدية الشاملة
لجميع الشيون الالهية والكونية
سارية في جميع الحقائق التي هي
تفاصيل مرتبة الواحدية
عالم الارواح وعالم المثال
وعالم الحس ازلاً وابداً ادنيا

جو حقائق کونیہ ہیں متلبس ہیں اور ظاہر وجود اُن
صورتوں کی وجہ سے متعدد ہوتا ہے اور جاننا
چاہیے کہ بعض حقائق کونیہ میں بعض ایسی حقیقتیں
ہیں کہ جب وجود اُنمیں ساری ہوتا ہے وہ تمام
اسماء الٰہیہ کا غالبیت اور مغلوبیت کے ساتھ
مظہر ہو جاتی ہیں جیسے کہ انبیاء علیہم السلام اور
اولیاء قدست اسرارہم کے حقائق بخلاف
مظہر اتم کی حقیقت کے کیونکہ وہ اعتدال تام
پر ہوتی ہے اور بعض حقائق ایسے ہیں کہ بعض
اسماء کا تو مظہر ہیں بعض کا نہیں جیسے اور
حقائق موجودہ مگر وجوب ذاتی اور استغناء
ذاتی کے حقائق کونیہ میں سے کسی حقیقت میں
ہرگز ظاہر نہیں ہوتا اور ذات احدیہ جو تمام
شیون الٰہیہ اور کونیہ کو شامل ہے اُن تمام
حقائق میں ساری ہے کہ جو تفاصیل ہیں مرتبہ
واحدیہ کی اور حقائق عالم ارواح
اور عالم مثال اور عالم [illegible] ہیں کہ جو ہمیشہ
ہی سے ہیں اور ہمیشہ رہیں گے اور
دنیا . . . .

Marfat.com

وعقيب لرتق فيلزم من هذا التقرير ان من الحقيقة
في فرد وحصة في فرد آخر فيكون الحقيقة
منفصل ومتعدد **فتق** ان اردتم
من الحصة الجزء والبعض فلا نسلم
لان البعض والجزء غير الكل
والحقيقة لم يسر في فرد من الافراد
وانما سرى جزء وبعض منها فلا يكون
زيد انسانا لانه لم يسر فيه حقيقة
الانسان وان اردتم ان الحقيقة
عرضت لها تعينات وتشخصات
مخصوصة فبعروضها يرى انها غير
في فرد آخر فمسلم ولا يلزم من
هذا القدر التعدد والتجزي في
نفس الحقيقة **رتق** سريان
الذات في العوالم الثلثة توجب
ازليتها وابديتها فان السريان
نسبة يقتضي الساري والمسري
فيه والساري ازلي فالمسري فيه
ايضا ينبغي ان يكون ازليا

اور عقبی **سوال** تقریر مذکور کے موافق یہ
لازم آتا ہے کہ ایک حصہ تو حقیقت کا ایک فرد
میں ہو اور ایک حصہ ایک دوسرے فرد میں
ہو پس اس صورت میں حقیقت منفصل اور
متعدد ہو گئی۔ **جواب** ہم دریافت کرتے
ہیں کہ حصہ سے تمہاری کیا مراد ہے اگر حصہ سے
مراد جزء اور بعض ہے تو ہم تسلیم نہیں کرتے
کہ بعض اور جزء کل کے غیر ہوتا ہے پس حقیقت
نے افراد میں سے کسی فرد میں بھی سرایت
نہیں کی بلکہ ایک جزء اور بعض حقیقۃ نے
سرایت کی ہے پس زید حقیقت انسان نہ ہوگا
کیونکہ اسمیں انسان کی حقیقت نے سرایت
نہیں کی اور اگر حصہ سے مراد یہ ہے کہ
حقیقۃ کو کچھ تعینات و تشخصات مخصوصہ عارض
ہو گئی ہیں پس انکے عروض سے یہ دکھائی دیتا
ہے کہ وہ دوسرے فرد میں اور ہے تو یہ مسلم
ہے لیکن اس قدر سے تعدد اور تجزی نفس
حقیقۃ میں لازم نہیں آتی **سوال** عالم ارواح
اور عالم مثال اور عالم حس میں ذات کے ساری

[illegible]

عہ پس مسری فیہ کا بھی ازلی ہونا ضروری ہے

Marfat.com

والعوالم كلها سيما النشاة الدنياوية
لا ازلية ولا ابدية **فتق**
العالم ازلى والامتداد الذى
يتوهم بين المفيض سبحانه
وبين المستفيض العالم يتكلم فيه
انه واجب او ممكن لا جائز ان
يكون واجبا والا لتعدد الواجب
فتعين انه ممكن ولا مسافة اذا
بينه وبين الذات سيما سبحانه جل مجده
او يقول لو كان الامتداد المتوهم
ازليا للزم تعطيل الاسماء والصفات
الى ظهور العالم والتعطيل محال
وتحقيق المقام ان الواجب تعالى
ليس بزمانى فان الزمان على ما
قالوا حركة فلك الافلاك فكما
ان الواجب ليس بزمانى كذلك
الاول العالم ليس بزمانى فالقبلية
والبعدية فى العالم والواجب
لو كانتا لكانت زمانيا اذ لا معنى

اور عالم تمام خصوصاً یہ نشاۃ دنیاویہ نہ ازلی
ہیں نہ ابدی **جواب** عالم ازلی ہے اسمیں
کچھ کلام نہیں کلام اس میں ہے کہ جو امتداد مفیض
یعنی حق تعالیٰ اور مستفیض یعنے اس عالم کے
درمیان متوہم ہے یہ واجب ہے یا ممکن واجب
ہونا تو ضروری نہیں ورنہ واجب متعدد ہو جاتے
مگر پس متعین ہو گیا کہ ممکن ہے پس اس صورت
میں اس کے درمیان اور حق سبحانہ تعالیٰ کے
درمیان کوئی مسافت نہیں ہے یا یہ کہا جاوے
اگر وہ امتداد جو ان کے درمیان میں متوہم ہے
ازلی ہو تو تعطیل اسماء اور صفات کے
ظہور عالم تک لازم آتی ہے اور تعطیل محال
ہے اور اس مقام کی تحقیق یہ ہے کہ واجب
تعالیٰ زمانی نہیں ہیں کیونکہ زمان جیسا کہ حکماء
نے کہا ہے فلک الافلاک کی حرکت کا نام ہے
پس جیسا کہ واجب زمانی نہیں ہے اسی طرح
اول عالم بھی زمانی نہیں ہے پس اگر قبلیت
اور بعدیت عالم اور واجب میں ہوتی تو زمانی
ہوتی۔

Marfat.com

لقولنا زید قبل عمرو وعمرو بعد
زید الا ان زیدًا فی زمان هو قبل
زمان عمرو وعمرو فی زمان هو بعد
زمان زید فیلزم ان الواجب
والعالم زمانیین ولیس الامر
کذلک نعم یقال ان الواجب
والعالم موجودان معًا الا ان
الواجب علة العالم وهو معلوله
وله تقدم بالذات علیه فلا
یسال السائل متی اوجد الله
لانه سوال عن زمان العالم
ولیس له زمان رفع التعطیل
انما یحصل باثبات ممکن من الممکنات
وقد ذهب بعض الی ان الروح
ازلی کما هو ابدی وبقضیة البرهان
یلزم ازلیة النشاءة کلها روحیة
کانت او مثالیة او حسیة ولا
شك ان النشاءة الدنیاویة
غیر ازلیة کما انها غیر ابدیة البتة

کیونکہ ہم جو مثلاً کہتے ہیں کہ زید عمرو کے قبل ہے
اور عمرو زید کے بعد ہے تو اُسکے معنی یہی ہیں کہ
زید ایسے زمانہ میں ہے کہ وہ زمانہ عمرو کے زمانہ سے
پہلے ہے اور عمرو ایسے زمانہ میں ہے کہ وہ زمانہ
بعد زمانہ زید کے ہے پس جب قبلیت اور بعدیت
کے معنی یہ ہوئے تو لازم آتا ہے کہ واجب اور
عالم زمانی ہوں حالانکہ ایسا نہیں ہے ہاں یہ
کہا جاسکتا ہے کہ واجب اور عالم دونوں ایک
ساتھ موجود ہیں مگر اتنا فرق ہے کہ واجب عالم
کی علت ہے اور عالم معلول ہے اور واجب
معلول پر متقدم بالذات ہے پس سائل یہ
نہیں سوال کرسکتا کہ اللہ نے کب ایجاد کیا کیونکہ
یہ سوال عالم کے زمانہ دریافت کرنے کے متعلق
ہے اور اُس کے لئے زمانہ نہیں ہے سوال
تعطیل کا ارتفاع اس طرح بھی حاصل ہوسکتا ہے
کہ ممکنات میں سے کوئی ممکن ثابت کردیا جاوے
اور حالانکہ بعض کا مسلک یہ ہے کہ روح ازلی ہے
جیسے کہ وہ ابدی ہے اور تمہاری دلیل کے مقتضی سے
تمام عالم کی ازلیت ثابت ہوتی ہے خواہ عالم م

۴ اعلیٰ عالم مثال اور عالم حس تو اس میں شک نہیں کہ نشاۃ دنیاویہ ازلی نہیں جیسے کہ ابدی نہیں ہے

فتق مقتضیٰ ذوات الموجودات
العدم والوجود والبقاء انہما
من الفیض الالٰہی لولاہ طرفة
العین لانصرفت الی الموطن
الاصلی ای العدم وذلک الفیض
ھو التجلی الواحد الذی یظہر
للقوابل حسب استعداداتہا
تعینات متعددة وصفات
متکثرة متجددة لا ان ذلک
التجلی متعدد بل امرہ واحد
کلمح بالبصر فکما ان الموجود الاول
مستمد من ذلک التجلی کذلک
الموجود المؤخر مستمد منہ والتجلی
قائم بہ وما قام بہ لا تعدد فیہ
لانہ احدی الذات واحدی
الصفات واحدی الافعال
وان کان یتوہم التقدم والتاخر
فیہا بتعدد التعلقات الا تری
ان علمہ تعالیٰ حقیقة واحدة

جواب موجودات کی ذات کا مقتضیٰ عدم
ہے اور اُس کا وجود اور بقاء فیض الٰہی سے ہے
اور اگر فیض الٰہی ذرا سی دیر بھی ہو تو اپنے وطن اصلی
یعنی عدم میں چلے جاویں اور یہ فیض جو ایک تجلی
واحد کا نام ہے کہ جو قوابل کے لئے موافق
اُن کی استعداد کے تعینات متعددہ اور صفات
متکثرہ متجددہ کو پیدا کرتی ہے اور بات
یہ نہیں ہے کہ وہ تجلی متعدد ہے بلکہ اس کا
حال تو ایک ہی ہے اور مثل آنکھ کے جھپکنے
کے ہوتی ہے پس جیسا کہ موجود اول اس سے
امداد حاصل کرتا ہے اسی طرح موجود آخر بھی
اُسی سے امداد حاصل کرتا ہے اور تجلی اُسکے
ساتھ قائم ہے اور جو اس کے ساتھ قائم
ہے اُسمیں تعدد نہیں ہے کیونکہ وہ تو ایک
ذات اور ایک صفت اور ایک فعل ہے اور اگر
تعلقات متعدد ہونے کی وجہ سے اُسمیں تقدم
اور تاخر کا توہم ہوتا ہو تو دیکھتے نہیں کہ
حق تعالیٰ کا علم حقیقة واحد ہے کہ

Marfat.com

يعلم به جميع المعلومات دفعة
واحدة فالعلم وتعلقه كلاهما
قديمان وكذا الارادة و
سائر الصفات وتعلقاتها لاتفاوت
فيها بالنسبة الى وجود الموجودات
وعدمها فان علمه فى الوجود
والعدم واحد فذلك الفيض
الوجودى وان كان يتوهم
فيه التعدد والتجدد بتعدد
القابليات والاستعدادات
والتقدم والتأخر بنسبة بعض
الى بعض الا انه بحسب الذات
والحقيقة واحد مطلق وسيع
جامع للجميع يشمل الازل والابد
دفعة واحدة وتعدد الموجودات
وتجددها لا يكون منافيا للوحدة
وقادحا فى الاطلاق ولا يلزم
منهما للمراتب الموجودات من الازلية
لانها مسبوقة بالعدم الذاتى

اس سے تمام معلومات ایک مرتبہ معلوم ہو جاتے
ہیں پس علم اور اس کا تعلق دونوں قدیم ہیں
اور اسی طرح ارادہ اور باقی صفات اور انکے
تعلقات کو سمجھنا چاہیئے کہ صفات بھی قدیم
ہیں اور تعلقات بھی قدیم ہیں موجودات کے
وجود اور عدم سے انمیں کچھ تفاوت نہیں
کیونکہ علم باری تعالیٰ کا وجود میں اور عدم میں
واحد ہے پس اس فیض وجودی میں بھی اگرچہ
قابلیات اور استعدادات کے تعدد سے اور
ایک دوسرے کے تقدم اور تاخر سے تعدد اور
تجدد متوہم ہوتا ہے لیکن وہ باعتبار ذات
اور حقیقہ کے واحد مطلق وسیع ہے اور سب کو
جامع ہے اور ازل و ابد کو دفعۃً شامل ہے
اور موجودات کا تعدد اور تجدد وحدت کے
مخالف ومنافی نہیں اور اطلاق میں قادح
نہیں ہے اور اس سے مراتب موجودات کی
ازلیت لازم نہیں آتی۔ کیونکہ موجودات عدم
ذاتی ۔ . . . .
. . . .

Marfat.com

والحدوث الاصلي لعدم
وجودها بنفسها واحتياجها الى
حضرة الذات المطلقة بل ليس
هناك ازل وابد وانما الازلية
والابدية باعتبارك لان التعدد
من لوازمك ولا منع تكونها كون
ازليا وابديا بالنسبة اليه
سبحانه من حيث علمه وفيضه
سبحانه وانما المنع بالنسبة اليك
فعلمت ان الذات الاحدية
بالتساوي سارية في العوالم ومن
ثم قالوا كل شئ في كل شئ ليتم
به معنى الاستجلاء اي شهوده
لنفسه بهذه الاعتبارات كما
تم جلائه اي ظهوره بسبب هذه
الاعتبارات فالجلاء كمال ذاتي
ومفصل في مجمل في العلم والغيب
مجردا عن الغيرية والاستجلاء
كمال اسمائي مجمل في مفصل والعين

اور حدوث اصلی کیا تھا مسبوق ہیں کیونکہ وہ
خود اپنی ذات سے موجود نہیں ہیں ذات مطلقہ
کے محتاج ہیں بلکہ وہاں تو ازل اور ابدی نہیں
ہے ازلیہ اور ابدیہ تو تیرے اعتبار سے ہے
کیونکہ تعدد تیرے . . . لوازم سے ہے
اور اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے علم کے نزدیک تو
کون کے ازلی اور ابدی ہونے سے کوئی مانع
نہیں ہے تیرے اعتبار سے اور تیری نسبت
سے مانع ہے پس اب تو نے جان لیا کہ ذات
احدیہ علی السواء تینوں عالم میں ساری ہے
اور اسی واسطے صوفیہ نے کہا ہے کہ ہر شے
ہر شے میں ہے تاکہ اس سے معنے استجلاء
کے تمام ہوں یعنی شہود اس کا اپنی ذات کے
لئے ان اعتبارات سے ہے جیسا کہ جلاء
یعنی ظہور اس کا انہی اعتبارات سے تمام ہوا
ہے پس جلاء کمال ذاتی ہے جو علم اور غیب
کے اعتبار سے مفصل ہے کہ جو مجمل میں
موجود ہے اور غیریت سے مجرد ہے اور
استجلاء کمال اسمائی اور عین . . .

Marfat.com

والعیان متلبسا بالغیریة فما
یتصور من الکثرة فی مراتب
الوجوب والامکان من الشیون
فهی مندرجة فی حضرت الذات
فهو بالذات غنی عن العالمین
فهو یعلم بعلم واحد علی الوجه
الاتم من غیر تفاوت بین المعلومات
فی العلم والعین والبطون والظهور
والتقدم والتاخر وانما التفاوت
بالنسبة الیك فماضیك ومستقبلك
وحالك متسهلك فی الزمان
الالهی الذی الماضی فیه عین
المستقبل وبالعکس بل الازل
والابد وسائر المتقابلات فیه
مضمحلة فی ذاته لاطلاقه عن
کل تقیید فکل مقید بالنسبة
الی ذات المطلق معدوم النفس
فالشان الظاهر فی هذا الزمان
الالهی یشمل جمیع الشیون الالهیة

اور معاینہ میں ایک مجمل ہے کہ جو مفصل میں
موجود ہے اور غیریت کے ساتھ متصل و متلبس
ہے پس جو کثرۃ مراتب وجوب اور امکان میں
یعنی شیون میں متصور ہے وہ سب حضرت
ذات میں مندرج ہے پس وہ بالذات جہان
والوں سے غنی ا پس وہ علم واحد سے
علے وجہ الکمال ہر شئے کو جانتے ہیں اور
انکے معلومات کے درمیان کچھ تفاوت نہیں
ہے نہ علم میں نہ عین میں نہ بطون میں نہ ظہور میں
نہ تقدم میں نہ تاخر میں اور تفاوت تیرے ہی
اعتبار سے ہی پس ماضی تیرا اور مستقبل تیرا اور حال
تیرے اس زمان الہی میں متسہلک ہے کہ
مستقبل ہے اور مستقبل عین ماضی ہے بلکہ ازل
اور ابد اور تمام صفات اللہ ہی کی ذات میں مضمحل
اور ہالک ہیں اور ہر تقیید سے مطلق ہے
پس ہر مقید کی ذات ان کے ذات کے اعتبار
سے معدوم ہے پس اس زمان الہی میں جو شان
ظاہر ہے وہ تمام شیون الہیہ کو شامل
ہے۔

Marfat.com

فان سعة المظهر يورث سعة
الظاهر فاشتمل شانه على ما في
العوالم المتعددة المختلفة ذاتا
وصفة وثبوتا وتغيرا من غير
تغير في زمانه تعالى وانما
اضافة اليه تعالى تشريفا
كبيت الله فكان في زمانه الكلي
شوبا من علمه القديم **رتق** -
هو سبحانه يعلم الكليات
والجزئيات على الوجه الكلي
والجزئي ومعلومات باسرها
قديمة والا لكان سبحانه محل الحوادث
وظهور الممكنات الثابتة في علمه
سبحانه لانفسها اما قديم
او حادث لا سبيل الى الاول
لانها الظهور لها بنسبة انفسها
في القدم والا لم يبق فرق بين الوجود
العلمي القديم والعيني الحادث
وكيف الوجود العيني انما هو ظهور الممكنات

کیونکہ مظہر کی وسعت ظاہر کی وسعت کو پیدا کر دیتی
ہے پس جو کچھ کہ اُن عالمین متعددہ میں ہے کہ
جو ذات اور صفت اور ثبوت اور تغیر کے اعتبار سے
مختلف ہیں اُن پر وہ شان شامل ہے اور زمانہ
حق تعالیٰ میں کسی طرح تغیر نہیں ہے اور زمانہ کو
جو اللہ تعالیٰ کی طرف مضاف کرتے ہیں شرف
کی وجہ سے کرتے ہیں جیسے بیت اللہ پس گویا کہ
زمانہ کلی میں اللہ کے علم قدیم میں سے ایک آمیزش تھی
سوال حق سبحانہ وتعالیٰ کلیات وجزئیات
کو علی وجہ الکلی اور علی وجہ الجزئی جانتے ہیں اور
معلومات حق سبحانہ وتعالیٰ کی سب قدیم
ہیں ورنہ حق سبحانہ تعالیٰ کا محل حوادث ہونا
لازم آتا ہے اور ممکنات کا ظہور اپنے نفس کے
لئے جو حق تعالیٰ کے علم میں ثابت ہے وہ ظہور
یا تو قدیم ہے یا حادث قدیم تو ہو ہی نہیں
سکتا کیونکہ قدم میں اپنے نفس کے اعتبار سے
ممکنات کا ظہور نہیں ہے ورنہ وجود علمی قدیم
اور علم عینی حادث میں کچھ فرق نہ ہوتا اور فرق
کیونکر نہیں ہے حالانکہ وجود علم عینی کا یہی ہے کہ ممکنات کا

Marfat.com

لا نفسها واطلاعها بذواتها و
واحوالها وليس ذلك الا في الحوادث
ولا سبيل الى الثاني لان الحدوث
فيها وان كان متعلق العلم القديم
فيلزم قدم جميع الموجودات العينية
في الازل وان كان متعلق العلم
الحادث لزم ان يحدث علمه تعالى
وكلاهما سقطه **فتق** العلم الالهي
الذي هو عين ذاته الغير المتناهية
اظهر الموجودات باسرها من الاستهلاك
العدمي دفعة لا على سبيل
التناوب والتعاقب من غير تغير
وتجدد في الذات القائمة
فالموجودات العلمية والعينية
زمانية كانت او غير زمانية
مستوية النسبة الى حضرة الذات
فلا تقدم ولا تاخر للموجودات
بالنسبة اليه تعالى لا بالنسبة
الى نفسها فليس هناك لا ماض

اپنے نفس کے لئے ظاہر ہوں اور اپنے ذوات
و احوال کیساتھ اطلاع ہو اور اس کا تحقق
حوادث ہی میں ہو سکتا ہے اور حادث بھی
نہیں ہو سکتا کیونکہ حدوث کی دو صورتیں ہیں یا
تو حدوث علم قدیم کے متعلق ہو تو اس صورت میں
تو تمام موجودات عینیہ کا قدم ازل میں لازم آتا ہے
آتا ہے اور یہ دونوں باطل ہیں۔

اور علم حادث کو متعلق ہو تو حق تعالیٰ کے علم کا حدوث لازم

جواب علم الٰہی کہ ذات باری تعالیٰ کی
عین ذات ہے غیر متناہیہ ہے اُس نے تمام
موجودات کو استہلاک عدمی سے دفعۃً ظاہر
کر دیا ہے۔ نوبت بہ نوبت اور ایکدوسرے کے
بعد ظاہر نہیں کیا ذات اور قائمیہ میں کوئی تغیر
نہیں ہوا۔ پس موجودات علمیہ و عینیہ خواہ زمانیہ
ہوں یا غیر زمانی حضرت ذات کے نزدیک سب
برابر ہیں پس موجودات کے لئے حق تعالیٰ کے
نزدیک نہ تقدم ہے نہ تاخر بخلاف موجودات
کے کہ ان کے نزدیک تقدم و تاخر ہے پس
وہاں نہ ماضی ہے۔

ولا مستقبل وانما هما بالنسبة
الينا .... فالحدوث
انما هو ظهور بعض لبعض والحق
سبحانه قبل خلق الزمان وحيث
خلقه كاحد من مخلوقات لم
يتغير من ذاته شئ و بعد خلقه
هو علی ما کان هو علیه فالزمان
والزمانيات كغير الزمانيات في
منظر الشهود دفعة حاضرة عنده
سرمدا ويلزم على هذه قدم
وجود الاشياء الحادثة بالنسبة
اليه تعالى ولا بأس في ان يكون
الاشياء عند القديم قديمة
وعند الحادث حادثة فعلم انه
تعالى واحد بالوحدة الحقيقية
وهذه صفة نفيسة له تعالى
وليست امرا زائدة على ذاته
بل هي عين ذاته وهو على هذه
الصفة دائما ازلا وابدا

نہ مستقبل ہے ماضی و مستقبل ہمارے نزدیک ہے
پس بعض کا بعض کے لئے ظاہر ہونا حادث ہے
اور حق تعالیٰ نزدیک ظہور قدیم ہے اور حق سبحانہٗ
و تعالیٰ زمانہ کے پیدا کرنے سے پہلے ہیں کیونکہ جیسی
اور مخلوق ہو زمانہ بھی ایک مخلوق ہے اور اسکے
پیدا کرنے سے زمانہ کو اس پر جاری نہ تھا اور
بعد پیدا کرنے کے وہ اسی طرح ہے جیسا کہ پہلے تھا۔
پس زمانہ اور زمانیات شہود کے اعتبار سے
مثل غیر زمانیات کے ہیں اُنکے نزدیک سب
ہمیشہ سے دفعۃً ظاہر ہیں اور اس تقدیر پر
حق تعالیٰ کے نزدیک اشیاء حادثہ کا قدم
لازم آتا ہے اور اسمیں کچھ حرج نہیں ہے
کہ اشیاء قدیم کے نزدیک قدیم ہوں اور حادث
کے نزدیک حادث ہوں پس معلوم ہوا کہ
حق تعالیٰ واحد بوحدۃ حقیقیہ ہیں اور یہ صفت
حق تعالیٰ کی ذاتی ہے اور کوئی امر زائد اُنکی
ذات پر نہیں ہے بلکہ صفات عین ذات ہیں
اور وہ اس صفت پر ازل سے ابد تک ہیں

Marfat.com

قبل ظهورہ بصور الموجودات وبعد
ظهورہ بصورها واشکالها فالوجود
منحصر فی الظهور والبطون فالوحدۃ
حقیقیۃ والکثرۃ اعتباریۃ فهو
فی الذوات عین الذات وفی
الصفات عین الصفات وفی الافعال
عین الافعال وفی الآثار عین
الآثار وفی الکل عین الکل و
فی البعض عین البعض فتمثله
فی الکثرۃ کتمثل الحقیقۃ الجبرئیلیۃ
فی الصورۃ البشریۃ لمریم علیها
السلام فالامر العرضی والاعتباری
ای الکثرۃ لایقادم الواحدۃ
الاصلیۃ الحقیقیۃ فعلمه تعالیٰ
بذاتہ عین علمه بالعالم وعلمه
بالعالم عین علمه بذاتہ مرحلۃ
المطلق لاینفک عن مقیدہ وکل
مقید لاینفک عنہ ومع ذٰلک
المطلق فی غنائہ الذاتی والمقید

موجودات کی صورتوں میں ظاہر ہونے سے
پہلے بھی وہ ایسے ہی تھے اور بعد ظہور کے
بھی ایسے ہی ہیں پس وجود ظہور اور بطون میں
منحصر ہے پس وحدۃ حقیقۃ ہے اور کثرۃ
اعتباریہ ہے پس وہ ذوات میں عین ذات
ہے اور صفات میں عین صفات ہے اور
افعال میں عین افعال ہے اور آثار میں عین
آثار ہے اور کل میں عین کل ہے اور بعض
میں عین بعض ہے پس کثرۃ میں اس کا تمثل
مثل تمثل حقیقت جبرئیلیہ کی ہے صورۃ بشریہ
میں مریم علیہا السلام کے لئے پس امر عرضی
اعتباری یعنی کثرۃ وحدۃ اصلیہ حقیقیہ کا مقابلہ
نہیں کر سکتی پس اللہ تعالیٰ کا اپنی ذات کا علم
بعینہ عالم کا علم ہے اور عالم کا علم
بعینہ ذات کا علم ہے۔

مرحلہ اٹھارہواں (۱۸) مطلق اپنے مقید
سے منفک نہیں ہوتا ہے اور ہر مقید مطلق
سے علیحدہ نہیں ہوتا اور باوجود اس تلازم
کے مطلق استغنائے ذاتی میں ہے اور مقید

Marfat.com

فی افتقاره الذاتی فالمقید محتاج
الی المطلق فی الوجود والمطلق
مشتاق الی المقید فی الظهور
والاحتیاج فی الوجود لابد ان
یکون من طرف واحد لئلا یلزم
تقدم الشئی علی نفسه والاشتیاق
یجوز ان یکون من الطرفین
فانه من الامور الزائدة علی
الوجود فالمطلق الحقیقی مالا
قید له بوجه من الوجوه فلا
کلیة ولا جزئیة ولا نسبة
ولا خصوصیة فیه ولا فاعلیة
ولا قابلیة ولا عالمیة ولا
ملومیة ولا اسم ولا رسم
ولا تنزیه ولا تشبیه ولا یضاف
الیه جمال ولا جلال فانه
ساقطة عن بابه حتی صفة
طلاق کالتقیید مطرحة عن
جنابه فالتعاند فی مرتبته

اپنے احتیاجِ ذاتی میں ہے۔ پس
مقید مطلق کا وجود محتاج ہے اور مطلق
مقید کا ظہور میں مشتاق ہے اور وجود
میں احتیاج ... ایک طرف سے ہونا
ضروری ہے۔ تاکہ تقدم شئی کا اپنی
ذات پر لازم نہ آوے اور اشتیاق
طرفین سے ہو سکتا ہے کیونکہ وہ ایسے
امور سے ہے جو کہ وجود پر زائد ہے،
پس مطلق حقیقی وہ ہے کہ جس میں کسی وجہ
سے کوئی قید نہ ہو پس مطلق حقیقی میں نہ کلیۃ
ہے نہ جزئیت ہے نہ نسبت ہے نہ خصوصیۃ
اور نہ فاعلیۃ اور نہ قابلیت ہے اور نہ عالمیت
ہے اور نہ معلومیت ہے اور نہ اس کا اسم
اور نہ رسم ہے اور نہ تنزیہ ہے نہ تشبیہ
اور اسکے جانب نہ جمال مضاف ہوتا ہے
نہ جلال پس صفات متقابلہ اسکے دروازہ
علیحدہ ہیں یہانتک کہ صفتِ اطلاق بھی وہاں نہیں
ہے جیسے کہ تقیید اس کے درگاہ سے
علیحدہ ہے۔ پس تعاند اس کے مرتبہ میں

Marfat.com

فی الصورة التوافق والتغائر فی
کسوة التطابق فالوحدة و
الکثرة مسلوبتان عن ساحتہ
والذات والصفة مطردتان
عن باحتہ وقد یطلق المطلق علی
ماتجرد عن النسب الامکانیة
والاضافات الجسمانیة والروحانیة
فلا یتوقف وجودہ علی المراتب
الکونیة والتعلقات الخلقیة
فالمطلق بالمعنی الاول ھو المسمی
بحضرة الغیب وغیب الھویة والاحدیة الذاتیة والمطلق بالمعنی
الثانی ھو المسمی بحضرة الالوھیة فبینھما
عموم مطلق والمقید ماھو
المتعین المحدود المتناھی
فان کان تعینہ اوسع التعینات
یکون محاطا لما فوقہ فانہ
لابدلہ من مبدء او محیط اما
تحتہ وان کان اخص التعینات
فمحاط ولا محیط وبینھما مراتب شتی
من وجہ وسیع ومن وجہ

صورة توافق میں ہے اور تغائر کا لباس
اس پر متفق ہیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم
تمام مخلوقات سے افضل ہیں پھر اہل
بدعة و اہل اہواء کا ظہور ہوا اور انھوں
نے اس میں اختلاف کیا اور اس مقام
میں افضلیت سے مراد اللہ کے نزدیک
ثواب میں زیادتی ہے، مادہ کی افضلیت
مراد نہیں کہ بعض کا مادہ نور ہے اور بعض
کا نار ہے اور بعض کا مٹی ہے اور ثواب
کی زیادتی عمل کی جزاء ہے اور محل جزاء
جنت ہے اور ملائکہ کو جنت میں عمل کی
جزا میں ثواب ملنا محل اختلاف ہے حتی کہ
علماء نے کہا ہے کہ اہل جنت جو ثواب
دیئے جائیں گے یا تو انسان ہوں گے
یا جن ہوں گے ملائکہ نہ ہوں گے کیونکہ یہی
دو قسم ہوں گے۔ لیکن اگر یہ کہا جائے
کہ افضلیت سے مراد شرافت ذاتیہ اور
مبدء سے زیادتی مناسبت ہے تو البتہ
ہو سکتا ہے اور افضلیت سے ایسے معنی مراد
لیے جائیں کہ جو ہر دو اطلاق سے عام ہوں۔

من الملائكة مطلقا سواء كانت
علوية او سفلية والقاضي
ابو بكر الباقلاني وابو عبد الله
الحليمي والاستاذ ابو اسحق الاسفرا
وابو عبد الله الحاكم والحكماء
الاسلاميون والمعتزلة
كلهم ذهبوا الى تفضيل الملائكة
العلوية على الانبياء والانس
وذكر القاضي عضد الدين
في المواقف انه لا نزاع ان
الانبياء من الانس افضل
من الملائكة السفلية
الارضية وانما النزاع في
الملائكة العلوية السماوية
وقال السيد السند في شرحه
للمواقف اكثر اهل الملل
على تفضيل الانبياء على الملئكة
مطلقا وقال الامام فخر الدين
الرازي في التفسير الكبير

یعنی خواہ اکثریہ ثواب ہوں۔ خواہ اکثریہ
ثواب عبد کے ساتھ ہوں۔ جاننا چاہئے
کہ تمام اشاعرہ کا اس پر اجماع ہے کہ
خواص بشر یعنی انسانوں میں سے انبیاء ملائکہ سے
ہیں خواہ ملائکہ علویہ ہوں یا سفلیہ اور
قاضی ابوبکر باقلانی اور ابو عبداللہ حلیمی
اور استاذ ابو اسحاق اسفرائنی اور ابو عبداللہ
حاکم اور تمام حکماء اسلامیین اور تمام
معتزلہ اس طرف گئے ہیں کہ ملائکہ علویہ انبیاء
انس پر افضل ہیں۔ قاضی عضد الدین نے
مواقف میں لکھا ہے کہ اسمیں کوئی نزاع نہیں
کہ ملائکہ سفلیہ ارضیہ سے افضل ہیں۔ نزاع اور بحث
علویہ سماویہ میں ہے۔ سید السند نے شرح
مواقف میں کہا ہے کہ اکثر اہل مذاہب
انبیاء کو ملائکہ پر مطلقاً افضل کہتے ہیں۔
امام فخر الدین رازی نے تفسیر کبیر میں فرمایا
ہے کہ اس پر اجماع ہو گیا ہے کہ محمد صلی اللہ
علیہ وسلم تمام ملائکہ سے افضل ہیں اور
خلاف اور نزاع اور انبیاء میں ہے۔

Marfat.com

انعقد الاجماع علی ان محمدا
صلی الله علیه وآله وسلم افضل
من الملائکة والخلاف فی
دونه واعلم ان الانسان
الکامل عبارة عن جمیع المراتب
الالهیة والکونیة من
العقول والنفوس کلیة و
جزئیة والطبیعة الی آخر
التنزلات للوجود ویقال
لهذه المرتبة المرتبة
العمائیة ایضا لمشابهته
هذه المرتبة الکونیة
بالمرتبة الالهیة ای
التعین الثانی اعنی الواحدیة
ویقال لها العمائیة لانها
برزخ وحائلة بین الوحدة
والکثرة وقد ظهر الحق فیها علما
بصفات الخلق تنزلا من مرتبة
مختصة براے حضرة الوجوب

جاننا چاہیے کہ انسان کامل وہ شخص
کہلاتا ہے کہ تمام مراتب الٰہیہ کونیہ
کو جیسے کہ عقول اور نفوس ہیں،
خواہ کلیہ ہوں یا جزئیہ سب کو اور مراتب
طبیعیہ کو آخر تنزلات وجود تک جامع ہو
اور اس مرتبہ کو مرتبہ عمائیہ بھی کہتے ہیں۔
کیونکہ یہ مرتبہ کونیہ مرتبہ الٰہیہ یعنی تعین
ثانی یعنی واحدیت کے مشابہ ہے اور
اس کو عمائیہ اس لیے کہا جاتا ہے کہ یہ مرتبہ
وحدة اور کثرة کے درمیان برزخ اور
حائل ہے اور اس رتبہ میں حق باعتبار علم
کے صفات خلق کے ساتھ ظہور کیا ہے
اور وجہ اس کی یہ ہے کہ حضرت وجوب
سے کہ جو مرتبہ خاص حق کا ہے تنزل ہوتا
ہے پس اس وقت اللہ تعالیٰ کی طرف
وہ اشیاء مضاف کی جاتی ہیں کہ جو خلق
کی طرف مضاف ہوتی ہیں جیسے تعجب اور
ضحک وغیرہ نقائص اس کی طرف کسی
حال میں اور کسی صورة سے بھی مضاف

Marfat.com

فیضاف الله تعالے اکل ما یضاف
الی الخلق من التعجب و الضحک
وامثال ذلک ولحجت عن
اضافۃ النقائص لله تعالے
بوجہ من الوجوه کذلک المرتبۃ
عمائیۃ لھذا ابرزخ بین ھذا
العالم والحق وقد انصف
الحق سبحانہ فی ھذہ المرتبۃ
علیا بصفات الخلق ولحجت عن
النقائص الا ان العمائیۃ
الی المرتبۃ الربوبیۃ والعمائیۃ
الثانیۃ المرتبۃ المربوبیۃ

مرحلہ ۴۱ اعلم ان اھل
الملل اتفقوا علی ان لله تعالے
صفات ثبوتیۃ منھا ما یتوقف
علیہ افعالہ ومنھا ما لا یتوقف
علیہ افعالہ اما الحکماء فھم
نفوا الصفات وتفرقوا الی بین
شرذمۃ من قدماء الفلاسفۃ

نہیں کی جاتیں گے۔ اسی طرح یہ مرتبہ یعنی
انسان کامل مرتبہ عمائیہ ہے۔ کیونکہ وہ
حق اور عالم کے درمیان برزخ ہے
اور اس مرتبہ میں حق سبحانہ تعالیٰ واقع
میں صفات خلق کے ساتھ متصف ہے
لیکن فرق اتنا ہے کہ پہلے عمائیہ مرتبہ
ربوبیت کا ہے اور دوسرے عمائیہ
مرتبہ مربوبیت کا ہے۔

(الی الانسان الکامل مرتبۃ …)

مرحلہ اکتالیسواں جاننا چاہئے
کہ تمام اہل مذہب نے اس پر اتفاق کیا
ہے کہ اللہ تعالیٰ کیلئے صفات ثبوتیہ ہیں
بعض صفات تو ایسی ہیں کہ اُن پر باری
تعالیٰ کے افعال موقوف ہیں اور بعض
صفات ایسی ہیں کہ ان پر اللہ تعالیٰ کے ←
صفات کے بارے میں دو قسم پر منقسم
ہیں ایک فرقہ تو قدماء فلاسفہ کا ہے کہ
جو قابل شمار بھی نہیں۔ وہ تو یہ کہتے ہیں
کہ اللہ تعالیٰ کو عالم کے صادر اور موجود
ہونے میں کچھ شعور اور خبر نہیں پس وجود

(صفات ثبوتیہ … افعال موقوف نہیں ہیں …)

لایعباء بهم قالوا فی العلم
لا شعور له تعالی فی صدور
العالم عنه فانما صدر الوجود
وما یتبعه لازم ذاتی له
تعالی لزوم الضوء للشمس
بحیث لا شعور لها به ولا
انفکاک له عنها ولم یدروا
انه یستلزم منقصة الجهل
تعالی الله عما یقول الظالمون
علوا کبیرا واستعذرت طائفة
من قبلهم فقالوا انهم ارادوا
النفی العلم المستلزم للتکثر
فی ذاته واستمسک الباقون
بانه لو علم شیئا لیعلم ذاته
اذ یعلم ان یعلمه والعلم
نسبة لایتصور الا بین
اثنین ولا اثنینیة فیه
بوجه من الوجوه والجواب العلم
لیس بنسبة بل صفة ذات نسبة

اور لوازم وجود کا عطا کرنا یہ اس کا
لازم ذاتی ہے جیسا کہ روشنی آفتاب
کو لازم ہے. کیونکہ اس کو بھی کچھ شعور
اور علم اُس روشنی کا نہیں اور نہ وہ
روشنی اس سے منفک ہو سکتی ہے
اور وہ اس سے آگاہ نہ ہوئے کہ یہ
اس سے جہل لازم آتا ہے اور حق
تعالیٰ اس سے بہت برتر ہیں اور ایک
گروہ نے ان کی طرف سے یہ عذر کیا
ہے کہ انھوں نے اس علم کی نفی کی ہے
جو اس کی ذات میں تکثر کو مستلزم ہوا
اور بعض نے اس علم پر اس طرح
استدلال کیا ہے کہ اگر باری تعالیٰ کو
کسی شئے کا علم ہوتا تو تو اپنی ذات کا
ضرور علم ہوتا کہ مجھ کو علم ہے اور علم اُس
نسبت کو کہتے ہیں جو دو شئے کے درمیان
میں متصور ہو اور علم باری تعالیٰ میں تعدد
کسی طرح بھی نہیں اور جواب اس کا
یہ ہے کہ علم نسبت نہیں ہے بلکہ صفت نسبت

Marfat.com

تمتة الطرفان للنسبة بينه
وبين المعلوم والعالم ولو...
يرد عليه انه تعالى يلزم ان لا
يكون عالما بهذين الاعتبارين
لتقدمها على العلم وطائفة
من المتاخرين وكثير من
من القدماء قالوا ما يترتب
على المخلوق على ثبوت صفة
من الصفات الزائدة ...
..... على الذات فهو
يترتب على ذاته تعالى من
من غير اعتبار صفة فذاته حي
عليم قادر مريد سميع
بصير متكلم باعتبار ظهور
آثار الحيوة والعلم والقدرة
والارادة والسمع والبصر
والتكلم منه فالذات وحدها
باعتبار تعلقها بهما المختلفة تسمى
بها الحي والعليم الى آخره

سلمنا انه نسبة تكفي في تغاير الطرفين باعتبار

ہے پس دوئی اس نسبت کے لئے
ثابت ہوگی کہ جو عالم اور معلوم کے درمیان
ہے اور اگر تسلیم بھی کر لیا جائے کہ علم
نسبت ہی ہے تو تغایر اعتباری طرفین
میں کافی ہے اور اس جواب پر ایک
اعتراض واقع ہوتا ہے اور وہ یہ ہے کہ
اس تقدیر پر لازم آتا ہے کہ باریتعالیٰ
ان دونوں اعتباروں کے عالم نہ ہوں
کیونکہ یہ دونوں اعتبار علم پر مقدم ہیں
اور متاخرین کے ایک گروہ اور اکثر قدماً
نے کہا کہ جو صفت صفات زائدہ از ذات
میں سے مخلوق پر مرتب ہوتی ہے وہ ہی
صفتہ۔ ذات باری تعالیٰ پر بغیر اعتبار
کسی صفتہ کے مرتب ہوتی ہے۔ پس حق
تعالیٰ کی ذات باعتبار ظاہر ہونے آثار
حیات اور علم اور قدرۃ اور ارادہ اور سمع
اور بصر اور تکلم کے حی علیم قدیر، مرید، سمیع
بصیر متکلم ہے پس ذات واحد کو باعتبار
تعلقات مختلفہ کے حی علیم وغیرہ کہتے ہیں

Marfat.com

ولیس هناك صفة اصلا ولا
مذهب علیك ان مذاق
الانبیاء علیهم السلام یشهد
بخلاف هذا فانهم یثبتون
الصفات

مرحلہ ۴۲ ان الناس
فی مرج فی امر الصفات فالق
السمع شهید النفصل علیك
نبذا من التحقیقات فی صفاتہ
لتكون علی بصیرة اعلم انه
لاشبهة ان مفهوم الذات
مغایر لمفهوم الصفات فمن
قال بغیریتها لها انما اعتبر
المفهوم ولا شك انه لاینفك
احدهما عن الآخر ومن ههنا
ترا المتكلم یقول انها لیست عینه
ولا غیره بالنظرین المذكورین
فاثبت الذات وصفة زائدة
علیها حقیقة کفی بالحالة القائمة

ورنہ کوئی صفۃ وغیرہ نہیں اور تجھ کو یہ
وہم نہ ہو کہ انبیاء علیہم السلام کا مذاق
اس کے خلاف شہادت دیتا ہے کیونکہ وہ
صفات کو ثابت کرتے ہیں، نفی نہیں
کرتے ۔ **مرحلہ بیالیسواں** ۔

صفات کے بارے میں تحقیق زائد

صفات باری تعالیٰ کے باب میں علماء
بہت اضطراب میں واقع ہوئے ہیں
پس تو خوب سن تاکہ کچھ تحقیقات اس بات
میں ہم بیان کر دیں تاکہ بصیرۃ حاصل
ہو جائے پس جاننا چاہیے کہ اس میں
تو کچھ شبہہ نہیں کہ ذات کا مفہوم مفہوم
صفات کے مغائر ہے پس جو صفات کا
باری تعالیٰ سے غیر ہونیکا قائل ہے اس
نے مفہوم کا اعتبار کیا ہے اور اس میں
شک نہیں مفہوم صفات اور مفہوم
ذات میں سے ایک دوسرے سے منفک
نہیں اور اس واسطے متکلمین دونوں
اعتباروں کی طرف نظر کر کے کہتے ہیں کہ
صفات نہ عین ذات ہیں نہ غیر ذات ۔

Marfat.com

بناءِ الغاذية بالتصرف في
مادة الغذاء المحيلة الى شبيه
اجزاء المتغذي بدل لا يتحلل
والنامية التي توجب الزيادة
اي الاجزاء على ما يناسب
محفوظة في الاقطار حتى يبلغ
الى كمال مقدار و المولدة
التي توجب افتزال فضلة
من المادة ليكون مبداء
لشخص لبقاء النوع والجاذبة
لمدد الغذاء والهاضمة
المعدة للتصرف والماسكة
التي يحفظ الغذاء الى تمام
الفعل والدافعة للنقل و
هذه الدافعة الاخيرة
خادمة للغاذية وهي خادمة
للنامية والنامية خادمة
للمولدة مخدومة القوى
هذا مذهب جمهور الاشاعرة .

پس ذات اور صفت زائدہ کو حقیقت
ثابت کرتے ہیں جیسے وہ قوی جو ہمارے
اندر قائم ہیں مثلاً قوۃ مجیلہ غاذیہ جو
مادہ غذا میں تصرف کرتی ہے یعنی غذا
کھانے والے کے اجزاء کے مشابہ بدل
مایتحلل بناتی ہے اور دوسری قوت
نامیہ یعنی وہ قوت جو اجزاء پر زیادتی کو بقدر مناسب
تمام اطراف میں واجب کرتی ہے یہاں
تک کہ کمال مقدار تک پہونچ جاتا ہے۔
اور تیسرے قوۃ مولدہ یعنی وہ قوۃ جو مادہ
کے فضلہ کو اس کے لئے متعین کرتے تاکہ
وہ علتہ بقاء نسل کے لئے جوہر بنجاوے
اور چوتھی قوۃ جاذبہ جو غذا کی مدد کیلئے
ہے اور پانچویں قوت ہاضمہ جو غذا میں
تصرف کرتی ہے اور چھٹی قوت ماسکہ یعنی
وہ قوۃ جو غذا کو تاثیر کے تمام ہونے تک
حفاظت کرتی ہے اور ساتویں قوۃ جو
ثقل کو دفع کرتی ہے اور یہ قوۃ دافعہ
غاذیہ کی خادم ہے اور غاذیہ نامیہ کی خادم

Marfat.com

غیر ابی الحسن الاشعری فی
بعض الصفات والامام ابو حامد
الغزالی وسایر اهل الکشف
یقولون فی الجمیع انها عینها
قال یعسوب الموحدین امیر
المومنین علی کرم الله وجهه
کمال الاخلاص له تعالی و
فی الروایة کمال التوحید
نفی الصفات عنه یعنی جمیع
الصفات عین الذات من
حیث الوجود لیس ثم موجودات
متغایرة بالذات لصفاتنا
وقرانا القائمة بنا المختلفة
من حیث الوجود والمفهوم
بالحقیقة بل صفاتنا شئون
انتزاعیة للذات الواجب الوجود
لیس لکل واحدة وجود
علاحدة مغایرة للذات
بل هی موجودات لوجود

ہے اور نامیہ مولدہ کی خادم ہے پس
مولدہ تمام قوی کی مخدوم ہے یہ مذہب
بعض صفات میں سوائے ابوالحسن اشعری
کے تمام اشاعرہ کا ہے اور امام ابو حامد غزالی
اور تمام اہل کشف تمام صفات کے
بارہ میں یہ کہتے ہیں کہ عین ذات ہیں۔
یعسوب موحدین امیر المومنین علی کرم اللہ
وجہہ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالے کیلئے
کمال اخلاص یہی ہے اور ایک روایت
میں کمال توحید کا لفظ آیا ہے صفات
کو کہ باری تعالیٰ سے نفی کیا جاوے یعنی
. . . .
. . . . ما بحیثیت
وجود کے تمام صفات عین ذات ہیں
صفات موجودات متغائرہ از ذات
نہیں ہیں جیسے کہ ہماری صفات اور
ہمارے قویٰ بحیثیت وجود اور مفہوم
کے حقیقۃً متغائر ہیں بلکہ ہمارے صفات
ذات واجب الوجود کے لئے حالات

Marfat.com

الذات فهي عين الذات من
حيث الوجود ومغائرة لها
وبعضها لبعض من حيث
المفهوم قال الشيخ في الفتوحات
كون الباري حيا عالما قادرا
وكذا سائر الصفات نسب
واضافات له لا اعيان زائدة
لما يؤدي الى نعتها بالنقص
اذ الكامل بالزائد ناقص
بالذات عن كماله بهذا
الزائد وهو تعالى كامل
لذاته فالزائد اي زيادة
حقيقية على الذات محال
وبالنسب والاضافات ليس
بمحال واما قول القائل لا
هي عينه ولا هي غيره فالكلام
في غاية البعد فانه قد دل
على اثبات الزائد وهو الخير
بالاشارة الا انه الكوهذا

انتزاعی ہیں۔ کسی صفت کا وجود وجود
علیحدہ مغائر ذات کے نہیں ہے بلکہ
وجود ذات کے لئے موجودات ہیں پس
صفات بحیثیت وجود کے عین ذات
ہیں اور باعتبار مفہوم کے مغایر ذات
ہیں اور اسی طرح آپس میں بھی ایک
دوسرے کے مغایر ہیں۔ شیخ نے فتوحات
میں کہا ہے کہ باری تعالیٰ کا حی عالم
قادر ہونا اسی طرح تمام صفات باری
تعالیٰ نسب اور اضافات ہیں اشیاء
مستقل زاید از ذات نہیں ہیں کیونکہ
اگر زاید ہوں تو یہ لازم آتا ہے کہ ذات
نقص کے ساتھ موصوف کیونکہ جو شے
کسی زاید شے سے کمال حاصل کرتی
ہے وہ اپنی ذات کے اعتبار سے اس کمال سے
ناقص ہوتی ہے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ
اپنی ذات سے کامل ہیں پس زائد از ذات
بزیادۃ حقیقت محال ہوا اور زائد بالاعتبار
بالاضافۃ محال نہیں ہے اور صفات کے بارے میں

بعض کا یہ قول ہے کہ صفات نہ عین ذات ہیں اور نہ غیر ذات ہیں غرض یہ کہ یہ کلام انتہائی بعید ہے کیونکہ ...

الاطلاق لا غیر ثم الحکم فی
الحد بان قال الغیران هما
الذان یجوز مفارقة احد
هما عین الاخر زمانا ومکانا
ووجودا وعدما فنفی الغیریة
بهذا المعنی عن الصفات و
لیس هذا الحد الغیرین
عند جمیع العلماء انتهی کلامه
قال بعض العلماء الغیریة
امتیاز شیء عن اخر بحیث
یقال ویشار الیه بالاثنینیة
قال فی شرح المواقف ان
صفات الحق تعالی اضافات
والاضافة کما یطلق علی
النسبة المتکررة لا یطلق علی
معروضها وقال الامام الغزالی رح
لا یکون له صفة زائدة علی
الذات لانه ان کان یتقوم
وجوده بتلک الصفة حتی

یہ کلام زائد کا اثبات کر رہا ہے اور
وہ زائد حقیقۃً بلاشک غیر ہے مگر اس پر
صرف غیر کے اطلاق کرنے کا اس قایل
نے انکار کیا ہے اس کے بعد غیر کی
تعریف میں تحکم کیا ہے چنانچہ غیر کی
تعریف اس طور سے کی ہے کہ غیرین
وہ دو شی ہیں کہ ایک کی مفارقت دوسرے
سے نہ باعتبار زمانہ کے اور نہ باعتبار
مکان کے اور نہ باعتبار وجود کے اور نہ
باعتبار عدم کے ہو سکے۔ پس اس معنی
میں صفات سے غیریت کی نفی کی ہے
اور تمام علماء کے نزدیک یہ تعریف
غیرین کی نہیں ختم ہوا کلام قائل
کا۔ اور بعض علماء نے کہا ہے کہ غیریت
ایک شے کے دوسری شے سے اسی
طرح ممتاز ہونے کو کہتے ہیں کہ ان کو
دو کہا جا سکے۔ شرح مواقف میں کہا
ہے کہ اللہ تعالی کے صفات اضافات
ہیں اور اضافہ جیسا کہ نسبت متکررہ

Marfat.com

يبطل وجوده بتقدير عدمها
فقد تعلق على عدمها وصار مركباً
من اجزاء لا يتم ذاته الا
بمجموعها وكل مركب معلول
وان كان لا يلزم عدمه من
تقدير عدم تلك الصفة
فهي عرضية فيه كالعلم في
الانسان وذلك محال لان
كل عرضي معلول وح علة
ان كانت ذات الواجب كانت
الذات فاعلا وقابلا وكونه
فاعلاً غير كونه قابلا لانه يفعل
لا من حيث يقبل ويقبل
لا من حيث يفعل فيكون
مركبا فيه كثرة بوجه ما و
قد تبين ان الكثرة في ذات
الواجب بوجه من الوجوه
مح فانه سبحانه واحد من
كل وجه وان كانت غير الواجب

کو کہتے ہیں اسی طرح اس نسبت متکررہ
کے معروض کو بھی کہتے ہیں اور امام غزالی
رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ حق تعالیٰ
کے لئے کوئی صفت زائد از ذات نہیں ہے
کیونکہ اگر صفت زائد از ذات مانی جائے
تو یا تو وجود باری تعالیٰ کا اس صفت
سے متقوم ہوگا حتیٰ کہ اگر اس صفت کا
عدم فرض کیا جاوے تو اس کا وجود
باطل ہو جاوے تو اس صورۃ میں تو
باری تعالیٰ اجزاء سے مرکب ہونگے
ذات بغیر ان اجزاء کے تمام نہ ہوگی۔
اور ہر مرکب معلول ہوتا ہے اور اگر
اس صفت کا عدم نہ لازم آوے تو
وہ صفت اس میں عرضی ہوگی جیسے کہ
انسان میں علم ہوتا ہے اور یہ محال ہے
کیونکہ ہر عرض معلول ہوتی ہے اور ہر
دو تقدیر پر اگر علۃ اس معلول کی ذات
واجب ہوگی تو یہ لازم آتا ہے کہ ذات
فاعل بھی ہو اور قابل بھی ہو اور اس کا

Marfat.com

فبطلانہ بدیھی

مرحلہ چہل

قال بعض العلماء ان علمہ اما عین ذاتہ او خارج عنہ
وح اما قایم بنفسہ او بذاتہ
تعالٰے او بامر آخر و بغموض
ھذہ المسئلہ الی کل احتمال
ذھب طائفۃ قال افلاطون
علمہ تعالٰی صورۃ قائمۃ
بنفسھا فمعنٰے انہ عالم ان
لہ نسبتہ الیھا و یرید
بالصورۃ الامر المجرد الذی
یکون لہ للمشاھدۃ و تکون
قایمًا بنفسہ کالذرۃ قایمۃ
بذاتھا والة المشاھدۃ
والامر المشاھد عنہ متحد
مع تلك الصورۃ ذاتا مغایر
لہ بالاعتبار وقیام الصورۃ
بنفسھا لا ینافی کونہ عرضا او

فاعل ہونا قابل ہونے کے غیر ہوگا کیونکہ
وہ بحیثیت فعل کے قابل نہ ہونگے اور
اور بحیثیت قبول کے فاعل نہ ہونگے.
پس اس صورت میں ذات مرکب ہوگی
کہ اس میں ایک وجہ سے کثرت ہوگی اور
پہلے معلوم ہو چکا ہے کہ ذات واجب میں
کثرۃ ہر طرح سے محال ہے کیونکہ اللہ سبحانہٗ
ہر طرح سے واحد ہیں اور اگر وہ علمہ تعالیٰ غیر ذات
ہے تو اس کا بطلان تو بدیہی ہے۔

مرحلہ تینتالیسواں

بعض علماء نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا علم یا تو عین ذات
ہے یا خارج از ذات ہے خارج ہونے کی
صورت میں یا علم اپنی ذات سے قائم
ہے اور یا کسی اور شئے کے ساتھ قائم ہے
اور اس مسئلہ کے اشکال کی وجہ سے ہر
احتمال ایک جماعۃ کا مسلک ہے چنانچہ
افلاطون نے کہا ہے کہ اللہ تعالےٰ کا
علم ایک صورۃ ہے جو اپنی ذات سے
قائم ہے. پس اس تقریر پر اللہ تعالیٰ کے

(اللہ تعالیٰ کا علم عین ذات ہے یا غیر ذات)

Marfat.com

او یجوز ان یکون قایما بنفسہ فی عالم و قایمًا بغیرہ فی عالم اٰخر و کما ان الانسان قایم بنفسہ فی الخارج و قایم بغیرہ فی الذہن و کالاعمال فی الدنیا یصیر جواہر فی العالم الاٰخر فی الوزن و فی الجنۃ و کذالک صور المعدومات الممکنۃ بل الممتنعات یجوز قیامہا بنفسہا فی عالم الانوار وان لم یوجد فی الخارج بل یجوز ...... ان لا یوجد امر فی الخارج والذہن کلیہما مع انہ قایم بنفسہ فی عالم الانوار کالمعدوم المطلق فانہ یجوز ان یکون لہ ثبوت فی عالم الانوار لایترتب علیہ الاٰثار المطلوبۃ منہ

عالم ہونے کے یہ معنی ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو اس صورۃ سے ایک نسبت اور تعلق ہے اور صورۃ سے مراد وہ امر مجرد ہے کہ جو مشاہدہ کا آلہ ہو اور اپنی ذات سے قایم ہو جیسے کہ آئینہ اپنی ذات سے قایم ہوتا ہے اور مشاہدہ کا آلہ ہوتا ہے۔ پس جو امر اس سے مشاہدہ کیا جاتا ہے وہ ذات کے اعتبار سے اُس صورۃ کے ساتھ متحد ہوتا ہے اور اعتبار سے مغایر ہوتا ہے اور صورۃ کا اپنی ذات کے ساتھ قائم ہونا اُس کے عرض ہونے کے منافی نہیں ہے یا یہ کہ اپنی ذات سے ایک عالم میں قایم ہو اور غیر کے ساتھ دوسرے عالم میں قائم ہو جیسا کہ انسان اپنی ذات سے خارج میں قایم ہے اور غیر کے ساتھ ذہن میں اور جیسے کہ افعال دنیا میں اعراض ہیں اور دوسرے عالم میں یہ جواہر ہیں۔ مثلاً وزن میں اور جنت میں اور اسی طرح معدومات ممکنہ کی صورتیں

Marfat.com

في الخارج والذهن ويؤيده
ما قيل ان الشيئية على
قسمين شيئية الثبوت و
وشيئية الوجود فالشيئية
الوجودية هي ظهور الامر
في الوجود العيني في عالم من
العوالم والشيئية الثبوتية
هي ثبوت في العلم لا في
الخارج والمعتزلة انما قالوا
بالشيئية الثبوتية الا ان الثبوت
على مذهبهم عيني وعلى هذا
المذهب علمي تميزا لمعدومات
مطلقا عندهم في الخارج
وعنده تميز الموجودات
الخارجية في عالم الانوار
فمذهبه قريب من القول
بالاعيان الثابتة التي
ذهبت اليها الصوفية
قدس اسرارهم وطريق

بلکہ ممتنعات کی صورتوں کا اپنی ذات
سے عالم انوار میں قائم ہونا جائز ہے۔
اگرچہ خارج میں نہ پائے جاویں بلکہ
یہاں تک جائز ہے کہ خارج اور ذہن
دونوں میں کوئی شے نہ پائی جاوے اور
عالم انوار میں وہ شے اپنی ذات سے پائی
جائے جیسے کہ معدوم مطلق کا عالم انوار
میں ثابت ہونا جائز ہے اور خارج اور
ذہن میں جو اس سے آثار مطلوب ہیں
جائز ہے کہ وہ مرتب نہ ہوں اور اسی مذہب
کے مؤید وہ ہے جو کہا گیا ہے کہ شیئیۃ
الثبوت اور شیئیۃ الوجود شیئیۃ وجودیہ
تو ظاہر ہونا کسی امر کا ہے وجود عینی
میں خواہ کسی عالم میں ہو عالموں میں
سے اور شیئیۃ ثبوتیہ ثابت ہونا کسی امر کا
علم میں ہے نہ خارج میں اور معتزلہ بھی
شیئیۃ ثبوتیہ کے قائل ہیں مگر اتنا فرق ہے
کہ ثبوت معتزلہ کی مذہب پر عینی ہے اور
اس تقریر کے موافق علمی ہے اور

Marfat.com

اثبا تہ المشاہدۃ بعد
الریاضات الشاقۃ والمجاہدات
الکاملۃ التی ما یبقی منہا
المزاج

مرحلہ دم تال

جمہور الفلاسفۃ علمہ
تعالے عین ذاتہ ومحل
النزاع العلم بمعنے دانش
لا بمعنے دانستن فہو
نور تجلی بہ الاشیاء و
تمیز بعضہا عن بعض وبہ
الاحکام علیہا فذاتہ تعالیٰ
نور الانوار کان ذاتہ بذاتہ
فی اجلی مراتب الظہور
لذاتہ ولا تنظرق الیہ
الخفاء والغیبۃ اصلا فیکون
ذاتہ عالما ومعلوما وعلما
من غیر تکثر لا ذاتا ولا
اعتبارا فی الشفاء واجب

معدومات کی تمیز مطلقاً معتزلہ کے
نزدیک خارج میں ہے اور افلاطون کے
نزدیک موجودات خارجیہ کی تمیز عالم انوار
میں ہے پس افلاطون کا مذہب اعیان
ثابتہ کے قایل ہونے کے قریب ہے کہ جو
مسلک صوفیہ کا ہے اور اس کے اثبات
کا طریق مشاہدہ ہے اور یہ بعد ریاضات
شاقہ اور ایسے مجاہدات کاملہ کے کہ آن
کے سبب سے مزاج بہت کم باقی رہتا ہے
حاصل ہوتا ہے

مرحلہ چوالیسواں

جمہور فلاسفہ نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ
کا علم عین ذات ہے اور محل نزاع علم
بمعنی دانش ہے نہ بمعنی دانستن پس
علم ایک نور ہے کہ اشیاء اس سے منکشف
ہوتی ہیں اور بعض اشیا بعض سے متمیز
ہوتی ہے۔ پس اللہ تعالیٰ کی ذات
نور الانوار ہے اس کی ذات اپنی ذات
سے مراتب ظہور میں نہایت جلی تر ہے اور
خفا اور غیبت کو اس کی طرف بالکل

Marfat.com

الوجود عقل محض لذاته
عقل ومعقول وعاقل لا
ان هناك اشياء متكثرة و
ذلك لانها هو هوا لمجرد
عقل وبما يعبر له ان
هويته المجردة لذاته
فهو معقول لذاته وبما
يعبران ذاته له هوية
مجردة هو عاقل لذاته الى
ان قال فى آخره فقد فهمت
ان نفس كونه عاقلا و
معقولا لا يوجب كونه اثنين
فى الاعتبار ايضا فانه ليس
تحصيل الامرين لا اعتبار
ان ماهية مجردة لذاته
وان ماهية مجردة ذاتها
له وههنا تقديم وتاخير
فى ترتيب المعانى والغرض
المحصل شئ واحد انتهى

راہ نہیں پس اس کی ذات ہی عالم ہے
اور معلوم ہے اور علم ہے اور اس میں نہ
بالذات تکثر ہے اور نہ بالاعتبار شفاء
میں ہے کہ واجب الوجود عقل محض ہے۔
اس کی ذات ہی عقل بھی ہے اور معقول
بھی ہے اور عاقل بھی ہے اور اسکے
یہ معنی نہیں کہ وہاں اشیاء متکثرہ ہیں۔
کیونکہ باری تعالیٰ بحیثیت ذات کے مجرد
ہے اور عقل ہے اور اس اعتبار سے
کہ اس کی ذات کے لئے ہویت مجردہ
لذاتہ ہے تو وہ معقول لذاتہ ہے اور
اس اعتبار سے کہ اس کی ذات کیلئے
ہویت مجردہ ہے عاقل ہے حتیٰ کہ
آخر میں کہا ہے کہ صرف اس کا عاقل
اور معقول ہونا اس کی ذات میں دو
ہونے کو مستلزم نہیں اور نہ اعتبار میں
دو ہونے کو مستلزم ہے پس یہ دونوں
امر اس کو حاصل نہیں، کیونکہ یہ اعتبار
کیا گیا ہے کہ ماہیت اس کے لذاتہ مجرد ہے

Marfat.com

كلا هذه وما ذكر من الاعتبارات
تصوير وتفهيم لكونه
عقلا وعاقلا ومعقولا لا
ان تلك الاعتبارات واسطة
الثبوت لقيامه به يعني ما
ذكره في الترتيب من
الاعتبارات تصوير وتفهيم
لكونه عاقلا ومعقولا وعقلا
كذلك لا ان تلك الاعتبارات
واسطة في الثبوت فلا تنبيت
الا بعد الاعتبار الاعتبارات
وقد يعبر العلم بالتجرد
وعدم الغيبة فيوهم
. . . .
. . . . انه امر عدمي
وقد يعبر بالحضور والحصول
فيتوهم انه اضافة وقد
يعبر بالارتسام والتمثيل
فيوهم كونه انفعالا وقد

اور اس کی ہیئت نے اس کی ذات مجردہ
اور اس مقام پر ترتیب تقریر میں تقدیم
تاخیر ہو گئی ہے لیکن اصل مقصود ایک ہی ہے
ہے۔ ختم ہوا کلام شیخ کا۔ اور جو اعتبارات
ذکر کئے گئے ہیں یہ اس کے ذات کے عقل اور
عاقل اور معقول ہونے کے محض تصویر و
تفہیم ہے۔ یہ مطلب نہیں ہے کہ یہ اعتبارات
واسطہ فی الثبوت ہے یعنی ترتیب کے
بارہ میں جو اعتبارات ذکر کئے گئے ہیں یہ
اس کے عاقل اور معقول اور عقل ہونیکی
تفہیم و تصویر ہے۔ یہ نہیں ہے کہ یہ اعتبارات
واسطہ فی الثبوت ہیں پس اعتبار معتبر پر
موقوف ہے۔ اور کبھی علم کو تجرد اور عدم غیبت
سے تعبیر کرتے ہیں، تو اس تعبیر سے یہ وہم
ہوتا ہے کہ علم امر عدمی ہے اور کبھی علم کو
حضور اور حصول سے بھی تعبیر کرتے ہیں،
اس سے یہ وہم ہوتا ہے کہ علم اضافہ ہے
اور کبھی ارتسام اور تمثیل سے تعبیر کرتے ہیں
اس سے یہ وہم ہوتا ہے کہ علم انفعال

Marfat.com

يعبر بالصورة الحاصلة فيوهم
كونه صفة ذات اضافة
لكنها تعبيرات بلوازمه
بحسب المقامات المناسبة
فعلمه تعالى نور تظهر به
وتنجلي كل ما هو واقع في
سلسلة المبدئية كليا كان
او جزئيا دفعة فعلمه بسيط
مشتمل على جميع الاشياء
كاشتمال العلم البسيط الذي
يحضر عند السؤال عن مسئلة
على التفصيل الذي يقع
بعده وهو غير الملكة التي
يقتدر بها على الجواب فانها
حاصلة قبل السؤال وهذه
حالة بسيطة يحضر عند
السؤال لا تركيب ولا تعدد
فيه ومبدء للتفصيل الذي
يقع بعده هذا هو المقدار

اور کبھی صورۃ حاصلہ سے تعبیر کرتے ہیں۔
اس سے یہ وہم ہوتا ہے کہ علم صفۃ ذات
کی ہے اور اضافتہ ہے لیکن یہ تمام
تعریفیں لوازم کے ساتھ ہیں اور باعتبار
مقامات مناسبہ کے تعبیرات ہیں پس
اللہ تعالیٰ کا علم ایسا نور ہے کہ جو کچھ سلسلہ
مبدئیت میں ہے خواہ کلی ہو یا جزئی ہو
دفعتاً ظاہر اور متجلی ہے پس اللہ تعالیٰ کا
علم بسیط ہے جو تمام اشیاء کو مشتمل ہے
جیسا کہ وہ علم بسیط ہوتا ہے کہ جب کوئی
مسئلہ دریافت کیا جاتا ہے کہ وہ علم
تفصیلاً سامنے آجاتا ہے اور وہ علم اس
ملکہ کے سوا ہے کہ جس کے سبب سے جواب
پر قادر ہے۔ کیونکہ وہ ملکہ تو سوال سے
پہلے بھی حاصل ہے اور یہ حالت بسیط
جو سوال کے وقت آتی ہے۔ نہ اس میں
ترکیب ہے اور نہ تعدد ہے اور اس
تفصیل کا مبدء ہے جو اس کے بعد
واقع ہوتی ہے اس قدر تقریر علم کے

اللطافة البشرية واما ..
الاطلاع علی کنہ علمہ فلا سبیل
الیہ لانہ موقوف علی العلم
بکنہ ذاتہ ولنا لا سبیل الیہ
اصلا وهذا معنے وقع فی
عبارۃ ابن سینا والشیخ
المقتول انہ منطبق علی علم الکل
انطواء النواۃ علی الشجرۃ والیہ
اشار بہمنیار فی التحصیل
حیث قال ان علمہ حقیقۃ
یصدر عنها مفصل الموجودات
کما ان المعقول البسیط عند
نا علۃ المفصل المعقولات بلا
قسمۃ لکن المعقول البسیط
عندنا موجود فی عقولنا و
هنالک نفس وجود ومعنے
البسیط انہ کما یکون بینک
وبین من یناظرک فاذا
تکلم بکلام کثیر خطر ببالک

متعلق طاقۃ بشریہ کے موافق ہے اور کنہ
علم پر اطلاع کا تو کوئی طریق ہی نہیں،
کیونکہ یہ اطلاع اللہ تعالیٰ کے کنہ ذات
کے جاننے پر موقوف ہے اور اس کا بالکل
کوئی طریق نہیں اور ابن سینا اور شیخ
مقتول نے جو کہا ہے کہ اللہ علم پر ایسے
مشتمل ہیں جیسے کہ گٹھلی درخت پر، تو اس
عبارۃ کے معنی یہی ہیں اور اسی طرح بہمنیار
نے تحصیل میں اشارہ کیا ہے کیونکہ اس نے
کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا علم ایک ایسی حقیقت
ہے کہ اس سے موجودات کی تفصیل صادر
ہوتی ہے جیسا کہ عقول بسیط ہمارے
نزدیک تفصیل معقولات کے بلا قسمت علۃ
ہے لیکن معقول بسیط ہمارے نزدیک ہماری
عقول میں موجود ہے اور اللہ تعالیٰ کے
اعتبار سے معقول اس نفس کا وجود ہے
اور بسیط کے معنی یہ ہیں کہ جیسا کہ تیرے
درمیان اور اس شخص کے درمیان جو
تجھ سے مناظرہ کرے تیرے قلب میں

Marfat.com

جوابه ثم بفضله شيئ بعد
شيئ انتهى كلامه قال الفارابي
واجب الوجود مبدأ
كل فيض وهذا ظاهر فله
الكل من حيث انه لا كثرة
فيه فهو من حيث هو ظاهر
سال الكل بذاته فعلمه
بالكل بعد ذاته وعلمه
بذاته نفس ذاته وكثرة
علمه بالكل كثيرة بعد ذاته
ويتحد الكل بالنسبة الى ذاته
فهو الكل فى وحدة ثم لما
كان هذا العلم مبدأ للعلم
بالاسباب والمسببات من
حيث السببية والمسببية كان
هذا العلم المرتب على ذلك
العلم البسيط علماً فعلياً
لوجود جميع الموجودات الواقعة
فى السلسلة على النمط الذى

جواب منعکس ہوتا ہے چنانچہ جب مقابل بہت
کلام کرتا ہے، تیرے قلب میں اس کا
جواب آتا ہے اور پھر اس کی تفصیل
تھوڑی تھوڑی آجاتی ہے۔ ختم ہوا
کلام ہمینار کا اور فارابی نے کہا ہے
واجب الوجود مبدء فیض کا ہے اور یہ
ظاہر ہے پس تمام اشیاء واجب الوجود
کے لئے اس حیثیت سے کہ اس میں کثرۃ
نہیں ہیں پس ذات بحیثیت ذات کے
ظاہر ہے پس واجب الوجود کو تمام اشیاء
کا علم بعد ذات کے ہے اور خود اس کو
اپنی ذات کا علم نفس ذات ہے اور تمام
اشیاء کے ساتھ اس کے علم کی کثرت بعد
ذات کے ہے اور باعتبار ذات واجب
الوجود کے تمام کل ہیں ایک ہیں چونکہ یہ علم
اسباب اور مسببات کے علم کا بحیثیت
سببیت اور مسببیت کے مبدء ہے،
اس لئے یہ علم جو اس علم بسیط پر مرتب ہو
علم فعلی ہوگا اس لئے کہ تمام موجودات جو

Marfat.com

اقتضتہ العنایۃ الازلیۃ فعلم اللہ تعالیٰ علم حضوری فی سلسلۃ المبدئیۃ فکان العلم بالمعلومات مع ما اشتملت علیہ من الصفات والاعتبارات فی عزتیۃ الوجود علماً تفصیلیاً حضوریاً مرتبا علی ذلک العلم البسیط ولم تیجد وفی ھذہ المراتب الا الاضافات .... وتعدد الاضافات لایخل بوحدانیتہ

مرحلہ ھم اعلم ان مراتب العلم التفصیلی اربع الاول ما یعبر عنہ بالقلم والنور والعقل فی الشریعۃ کما جاء فی الحدیث اول ما خلق اللہ القلم و فی ...... اول ما خلق اللہ

سلسلہ میں واقع ہیں، ایسے طریق پر ہیں کہ جس طرح عنایت ازلیہ کا مقتضیٰ ہے پس اللہ تعالیٰ کا علم سلسلہ مبدیت میں علم حضوری ہے پس معلومات کا علم مع ان صفات اور اعتبارات کہ جو مرتبہ علم میں اُس پر مشتمل ہیں علم تفصیلی حضوری ہے جو اس علم بسیط پر مرتب ہے اور ان مراتب میں سوائے اضافات کوئی شے متعدد نہیں ہوئی اور اضافات کا تعدد اس کی وحدانیت میں مخل نہیں ہے

مرحلہ بیستا لیسواں - جاننا چاہیے کہ علم تفصیلی کے مراتب چار ہیں اول وہ کہ جو شریعت میں قلم اور نور اور عقل سے تعبیر کیا جاتا ہے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اول قلم پیدا کیا ہے اور ایک حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا اور ایک حدیث میں ہے کہ اول مخلوقات میں سے عقل ہے اور اصطلاح صوفیہ میں عقل کل سے تعبیر کیا جاتا ہے اور

علم تفصیلی کے مراتب اور اسکی تحقیق کہ علم اجمالی حضوری کی تفصیل

عقل اول ہے

النور وفي حديث اول ما
خلق الله العقل وفي اصطلاح
الصوفية ما يعبر عنه بالعقل
الكل وفي اصطلاح الحكماء
ما يعبر عنه بالعقل الاول
فالقلم الذي هو اول المخلوقات
حاضر بذاته مع ما هو
مكنون فيه عند الواجب
تعالى فهو علم تفصيلي
بالنسبة الى العلم الاجمالي
الذي هو عين ذاته و بسيط
بالنسبة الى ما في المراتب
والثانية ما يعبر عنه باللوح
المحفوظ في الشريعة وفي
اصطلاح الصوفية النفس
الكلي وفي اصطلاح الحكماء
بالنفوس الكلية المجردة
فاللوح المحفوظ حاضر بذاته
مع ينتقش فيه من صور الكليات

اصطلاح حکماء میں اسی کو عقل اول
سے تعبیر کرتے ہیں پس قلم جو اول مخلوقات
ہے اپنی ذات سے معہ اپنی اُس شے کے
جو اُس میں پوشیدہ ہے اللہ تعالے کے
نزدیک حاضر ہے پس وہ قلم باعتبار
اُس علم اجمالی کے جو اُس کی عین ذات
ہے علم تفصیلی ہے اور باعتبار اُس شے
کے جو مراتب میں ہے بسیط ہے اور دوسرا
مرتبہ علم تفصیلی کا وہ ہے کہ جس کو شریعت
میں لوح محفوظ سے تعبیر کرتے ہیں اور
اصطلاح صوفیہ میں نفس کلی کہتے اور اصطلاح
صوفیہ میں لوح محفوظ اپنی ذات سے معہ
اُن کلیات کی صورتوں کے جو اس میں
نقش پذیر ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک
حاضر ہے۔ پس وہ بہ نسبت اُن دو مرتبہ
کے جو اس کے اوپر ہے علم تفصیلی ہے اور
تیسرا مرتبہ علم تفصیلی کا کتاب محو اور
اثبات ہے اور وہ قوت جسمانیہ ہے کہ
اس میں جزئیات مادیہ کی صورتیں نقش

Marfat.com

عند الواجب تعالى فهو علم
تفصيلي بالنسبة الى المرتبتين
اللتين فوقها والثالثة كتاب
المحو والاثبات وهو القوة
الجسمانية التي تنتقش
فيها صور الجزئيات المادية
وهي المطبعة في الاجسام
العلوية والسفلية فهذه
القوى مع ما فيها من النقوش
حاضرة عنده تعالى والرابعة
الموجودات الخارجية من
الاجزاء العلوية والاجسام
السفلية واحوالها فانها
حاضرة بذاتها عند الواجب
في مرتبة الايجاد فعلمت
ان هذه التفاصيل للامور
كلية كانت او جزئية صورا
ادراكية كانت او عينية
حاضرة بذواتها ولوازمها

پذیر ہوتی ہیں اور وہ قوت اجسام
علویہ اور سفلیہ میں نقش پذیر ہے پس
یہ قویٰ معہ اُن کے نقوش کے اللہ تعالیٰ
کے نزدیک اپنی ذات سے مرتبۂ ایجاد
میں حاضر ہیں پس اس تقریر سے تونے
جان لیا کہ یہ تفاصیل امور کلیہ
ہوں یا جزئیہ صور ادراکیہ ہوں یا
عینیہ اپنی ذوات اور لوازم اور اعتبارات
سے مرتبۂ ایجاد میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک
حاضر ہیں پس یہ تفاصیل ایک اعتبار
سے علوم ہیں اور ایک اعتبار سے
معلومات ہیں کیونکہ ان تفاصیل کا
وجود اپنی ذات میں ... وجود اللہ
تعالیٰ کے لئے ہے جیسا کہ کہتے ہیں کہ
وجود عرض کا فی نفسہ وہ وجود اُس
کا ہے جو محل کے لئے ہے مگر فرق اتنا
ہے کہ عرض کا وجود محل کے لئے قبول
کے ساتھ ہے اور ان تفاصیل کا وجود
اللہ تعالیٰ کے لئے باعتبار نفس کے ہے

Marfat.com

واعتبارها عند الله تعالى في
مرتبة الايجاد فهي علوم
باعتبار ومعلومات باعتبار
فان وجود في ... انفسها
هو وجودها له تعالى كما
يقال ان وجود العرض في
نفسه هو وجوده لمحله لا
ان وجود العرض للمحل --
بالقبول ووجودها باعتبار
بالفعل وهذا معنى قول
المشائين علمه بذاته
بمعلولاته نفسها واعلم
انك اذا فهمت حق الفهم
ماتلونا عليك من التحقيقات
الفائقة والتدقيقات
الرائقة بان لك ان علمه
عين ذاته صدقا ومغائر لنا
مفهوما وله اعتبارات
لامتناهي على حسب معلوماتها

اور یہی معنے ہیں اس قول مشائین کے کہ
اللہ تعالیٰ کو اپنی ذات کا علم انہی معلولات
کا علم ہے۔ جان تو کہ جو کچھ ہم نے تحقیقات
فائقہ اور تدقیقات رائقہ ذکر کئے ہیں
جب تو نے ان کو خوب سمجھ لیا تو یہ ظاہر
ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ کا علم باعتبار صدق
کے عین ذات ہے اور باعتبار مفہوم
کے مغائر ہے اور اس علم کے موافق معلومات
کے اعتبارات غیر متناہیہ ہیں پس یہ
کہنا صحیح ہے کہ علم ایک صفت ہے یعنی
ایک امر ہے جو اس کی ذات کے ساتھ
بقیام انتزاعی قائم ہے یا ایک ایسا
امر ہے جو ذات پر باعتبار تغایر مفہوم
کے محمول ہوتا ہے اور جب وہ اشیاء
منکشف ہو جاتی ہیں یا ایک تعلق ہے
جو انکشاف کو واجب کرتا ہے۔ پس
بہ حیثیت اس کے کہ وہ تجلی اور انکشاف
کا سبب ہے اور اس کو علم کہتے ہیں
اور وہ عالم انوار میں صورت مجردہ کے

Marfat.com

فیصلح ان یقال انہ صفۃ ای
امر تام ثم بذاتہ تعالی قیاما
انتزاعیا او امر محمول علی
الذات بحسب التغایر فی
المفہوم ینکشف بہا الاشیاء
عند تعلقہ بہا و تعلق یوجب
الانکشاف یق لہ العلم
وانہ مبدء فی العالم
الانوار الصورۃ المجردۃ القائمۃ
بذواتہا وجودہا فی انفسہا
ھو وجودہا تعالی فعلاً
کما ان وجود الاعراض فی
انفسہا ھو وجودہا فی
محالہا قبولاً فیصلح ان یق
علمہ تعالی صور قائمۃ
بذاتہا ای فی مرتبۃ التفصیل
وان یقال انہ حضوری بمعنے
ان الاشیاء منکشفۃ لذاتہ
تعالی من غیر ارتسام شیء فیہ

لئے جو اپنے ذات کے ساتھ قائم
ہے مبدء ہے اور اس صورۃ مجردہ
کا وجود فی نفسہٖ اُس کا ہی وجود ہے
فعلاً جو واجب کے لئے ہے جیسا کہ
وجود اعراض کا فی نفسہٖ وہی وجود ہے
جو ان کے محل میں باعتبار قبول کے ہے
پس اس تقریر کے بعد یہ کہنا صحیح ہے کہ
اللہ تعالیٰ کا علم صور تین ہے۔ جو مرتبہ
تفصیل میں اپنی ذات کے ساتھ قائم
ہے اور یہ بھی کہنا صحیح ہے کہ اللہ تعالیٰ کا
علم حضوری ہے یعنی اشیاء اللہ تعالیٰ
کی ذات کیلئے بغیر نقش پذیر ہونے کسی
شے کے منکشف ہیں کیونکہ ذات مقدسہ
اور مجردہ معہ اُن کے صفات اور اعتبارات
کے مرتبہ تفصیل میں اپنی ذات سے حاضر
ہیں اور وہ علم حصولی ہے کیونکہ تمام
معلومات معہ اُن کے اعتبارات...
.......اور لواحق کے بذریعہ
علم بسیط کے جو مبدء تفصیل کا ہے۔

Marfat.com

لان الذات المقدسة والجواهر المجردة مع ما فيها من الصفات والاعتبارات حاضرة بانفسها فی مرتبة التفصیل وانه هو حصولی لان جمیع المعلومات مع اعتباراتها ولواحقها حاصلة له تعالے بالعلم البسیط الذی هو مبدء التفصیل وانه عین الذات صدقا وانه غیرها مفهوما وانه لا عینه اے مفهوما ولا غیره اے صدقا

مرحلة مو قالت الاشاعرة ان العلم قائم بذاته تعالیٰ فقال جمهورهم العلم صفة حقیقیة ذات تعلق وقال المحققون منهم هو نفس التعلق و علے التقدیرین یلزمهم القول

اللہ تعالیٰ کو حاصل ہیں اور نیز یہ کہنا صحیح ہے کہ علم باریتعالیٰ باعتبار صدق کے عین ذات اور باعتبار مفہوم کے غیر ذات ہے اور نیز یہ کہنا بھی صحیح ہے کہ نہ عین ذات باریتعالیٰ ہے یعنی باعتبار مفہوم کے اور نہ غیر ہے یعنی باعتبار صدق کے۔

مرحلہ چھیالیسواں اشاعرہ نے کہا ہے کہ علم اللہ تعالیٰ کی ذات کے ساتھ قائم ہے چنانچہ تمام فلاسفر نے کہا ہے کہ علم ایک صفت حقیقت تعلق والی ہے اور ان میں سے محققین نے کہا ہے کہ علم نفس تعلق کا نام ہے اور ہر دو تقدیر پر انکو اس بات کا قائل ہونا پڑے گا کہ علم معدوم کے متعلق ہے۔ اور یہ باطل ہے کیونکہ انھوں نے وجود ذہنی کی نفی کی ہے اور علم کے تعلقات کے ازلی ہونے کے قائل ہوئے ہیں اور یہ علم نہیں ہے لیکن

علم اللہ تعالیٰ ازلی اور جز صفات میں اشاعرہ کا مذہب

يتعلق العلم بالمعدوم
الصرف وهو سفسطة
لانهم نفوا الوجود الذهني
وقالوا بازلية تعلقات العلم
لصعوبة هذا الامر ذهب
الامام الى القول بالوجود
الذهني في علمنا وانه ليس
بعلمه لكنه شرط لحصول العلم
والجواب ان المعدوم
الخارجي له ثبوت علمي حال
تعلق العلم به فلا يلزم تعلق
العلم بالمعدوم خارجا
والموجود علما ولا استحالة
فيه ويرد عليه ان التعلق
مقدم على الثبوت العلمي
فيكون تعلق العلم بالمعدوم
الصرف والجواب ان المقدم
على التعلق ذات المعلوم اذ
هو الذي تعلق به العلم

حصولِ علم کی شرط ہے اور جواب یہ
ہے کہ علم جب معدوم خارجی کے متعلق
ہوتا ہے تو معدوم کا ثبوت علمی ہے پس تعلق
علم کا معدوم محض کے ساتھ لازم نہیں
آتا بلکہ یہ لازم آتا ہے کہ علم معدوم
خارجی اور موجود علمی کے متعلق ہو، اور
اس میں کچھ استحالہ نہیں ہے اور اس
جواب پر یہ اعتراض وارد ہوتا ہے کہ
تعلق ثبوت علمی پر مقدم ہے پس علم کا
تعلق معدوم محض ہی کے ساتھ ہے
نہ معدوم خارجی اور موجود علمی کے ساتھ
جواب اس اعتراض کا یہ ہے کہ تعلق
پر مقدم معلوم کی ذات ہے کیونکہ علم
اُسی کے متعلق ہوا ہے اور تعلق، اور
ثبوت علمی دونوں بالذات ایک زمانہ
میں ہیں ایک کو دوسرے پر تقدم نہیں
ہے اور ایک اعتراض ان پر یہ وارد
ہوتا ہے کہ اگر صفات واجب ممکن
ہوں تو صفات کا حدوث لازم آتا ہے

Marfat.com

والتعلق والثبوت العلمی هما
معا بالذات لا تقدم
لاحدهما علی الاخر ویرد
علیهم لو کان صفات ممکنة
یلزم حدوثها لان کل
ممکن حادث عندهم و لو
کانت واجبة یلزم التعدد
الواجب واجیب بان کل
ممکن صادر بالاختیار
حادث وانه تعالی موجب
فی صفاته وان الایجاب
فی صفات الکمال لیس بنقص

مرحلہ ۲۳ قالت الصوفیاء
جمیع الصفات الکمالیة عین
الذات من حیث الوجود فهی
امور عقلیة انتزاعیة وظهر
آثار واحکام فیما له الوجود
العینی ولما راوا قدم الذات
والصفات ولا تعطیل للصفات

قالوا بقدم العالم عند الله والحدوث باعتبار ظهور بعض لبعض فلا تعطیل للصفات

کیونکہ ہر ممکن اُن کے نزدیک حادث
ہے اور اگر واجب ہوں تو واجب کا
تعدد لازم آتا ہے اور اس کا جواب
یہ دیا گیا ہے کہ جو ممکن اختیار سے صادر
ہو وہ حادث ہے اور اللہ تعالےٰ
صفات باری کے موجب ہیں، اور
ایجاب صفات صفات کمال سے
ہے نقص نہیں ہے۔

مرحلہ سینتالیسواں صوفیاء
نے کہا ہے کہ تمام صفات کمالیہ بحیثیت
وجود کے عین ذات ہیں پس اس مذہب
کے موافق صفات امور عقلیہ انتزاعیہ
ہیں اور جس شے کا وجود عینی ہے اُس
میں ان کے آثار اور احکام ہیں اور جب
انھوں نے یہ دیکھا کہ ذات بھی قدیم
ہے اور صفات معطل بھی نہیں ہیں تو
اس لئے عالم کے قدم کے اللہ کے نزدیک
قائل ہوگئے ہیں اور حدوث کو کہتے ہیں
کروہ باعتبار ظہور بعض کے ہے بعض

Marfat.com

بالسعد و مرا المطلق وايضا
علے تقدیر حدوث العالم
عندہ تعالے يلزم ان
يكتسب اللہ سبحانہ عند
حدوث العالم علے
المحدثات فيتم بہ فيحصل
لہ صفۃ بعد ان لم يكن
وهذا اجهل في ذاتہ
وصفاتہ

مرحلہ حمـ

قد علمت ان الصوفية
يثبتون الصفات وكذلك
الاشاعرة والحكماء و
الشرذمة من قدماء
الفلاسفة حيث انكروا
الصفات راسا فليس
عندهم الا الذات ولا
يعبأ بهم لكن بين الصوفية
وغيرهم من المثبتين

کے لئے ہیں اس تقدیر پر صفات کو عدم
مطلق سے کچھ تعلق نہیں ہے اور اللہ
کے نزدیک جبکہ عالم حادث ہے تو
اس تقدیر پر یہ بھی لازم آتا ہے کہ اللہ
سبحانہٗ وقت حدوث عالم کے علم
محدثات کو حاصل کرے اور اس
علم سے کمال حاصل کریں اس پر
لازم آتا ہے کہ ان کے لئے ایسی صفت
حاصل ہو جو پہلے سے نہ تھی اور یہ ذات
صفات سے صریح جہل ہے

مرحلہ اڑتالیسواں

پہلی
تقریرات سے تو نے اس بات کو جان
لیا ہے کہ صوفیہ صفات کو ثابت کرتے
ہیں اور اشاعرہ بھی ثابت کرتے ہیں
اور حکما، اور متقدمین فلاسفہ کا ایک
گروہ صفات کا بالکل انکار کرتے
ہیں ان کے نزدیک ذات ہی ذات ہے
صفات کوئی شے نہیں اور ان منکرین
صفات کا کچھ اعتبار نہیں ہے لیکن

فرق فی تقریر الاثبات قالت
الصوفیۃ جمیع الصفات الکمالیۃ
عین الذات من حیث الوجود
ولیس عندہ موجودات متغایرۃ
بالذات یقال لہا العلم القدرۃ
الی غیر ذلک من الصفات
کصفاتنا وتوانا لحالۃ القائمۃ
بنا المختلفۃ من حیث الوجود
والمفہوم بل صفاتہ شئون
انتزاعیۃ لذات الواجب
تعالیٰ لیس لکل واحد وجود
علیحدۃ مغائر للذات
بل ھی موجودات الوجود
الذات فھی عین الذات من
حیث الوجود ومغائرۃ لہا
وبعضہا بعضاً من حیث
المفہوم فھی موجودات عقلیۃ
لا عینیۃ ولا یلزم تعدد
الذات وتکثرھا من حیث

صوفیہ اور دیگر مثبتین صفات میں
تقریر اثبات کے اعتبار سے فرق ہے
صوفیہ تو یہ کہتے ہیں کہ صفات کمالیہ بحیثیت
وجود کے عین ذات ہیں اور صفات
متغائر بالذات نہیں ہیں۔ یعنی ایسی
موجود بالذات نہیں ہیں کہ ان کو علم
اور قدرت وغیرہ کہا جائے جیسے کہ
ہماری صفات اور ہمارے قویٰ جو ہمارے
ساتھ قائم ہیں اور بحیثیت وجود اور
مفہوم کے مختلف ہیں موجود بالذات ہیں
بلکہ اس کی صفات ایسی ہیں جو ذات
واجب کے لئے منتزع کئے گئے ہیں ہر
ایک کے لئے مستقل وجود ذات کے
لئے متغائر نہیں ہیں بلکہ ذات کے ہی
موجود ہونے سے موجود ہیں پس معلوم
ہوا کہ صفات باعتبار وجود کے عین ذات
ہیں اور بحیثیت مفہوم کے ذات کے
بھی مغائر ہیں۔ پس وہ موجودات
عقلیہ میں عینیہ نہیں ہیں اور باعتبار

Marfat.com

الوجود الخارجي ولها آثار
واحكام فيما له الوجود العيني
قال المحقق الدواني ولا
يلزم من كون الشيء صفة
الشيء وثباتا له كونه موجودا
او ثابتا في نفسه مطلقا كالقدم
الذاتي والوجوب الذاتي
انتهى، وههنا دقيقة و
على قسمين انتزاع المعقولات
الثانية مثل الوجود والوجوب
وغير ذلك من الامور
العامة وانتزاع ليس كذلك
مثل العمى في زيد اعمى مع
ان كلا منهما منتزعان من
الامور الخارجة وليسا من
الامور الخارجة وليسا من الامور
الاولى من المحسولات
العقلية والقضايا الذهنية
والثانية من المحمولات

وجود خارجی کے ذات کا تعدد اور تکثر
لازم نہیں آتا اور جس شے کا وجود عینی
ہے اُس میں اُن صفات کے احکام اور
آثار ثابت ہیں۔ محقق دوانی نے کہا ہے
کہ کسی شے کا کسی شے کی صفت ہونے
سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ خود بھی موجود
مستقل ہو، مثلاً قدم ذاتی اور وجوب
ذاتی ذات کیلئے ثابت ہیں مگر ان کا مستقل
وجود نہیں ہے ختم ہوا کلام محقق دوانی
کا اور اس مقام پر ایک دقیقہ ہے
وہ یہ ہے کہ انتزاع کی دو قسمیں ہیں اول
تو انتزاع معقولات ثانیہ کا جیسے کہ وجود
اور وجوب اور دیگر امور عامہ اور دوسرے
وہ انتزاع جو ایسا نہیں ہے، جیسے
انتزاع نابینا ہونے کا جملہ "زید نابینا"
ہے تو یہ دونوں یعنی وجود وغیرہ اور
نابینا ہونا امور خارجیہ سے انتزاع کئے
گئے ہیں اور حالانکہ امور خارجیہ سے نہیں
ہیں لیکن دونوں قسموں میں یہ فرق ہے کہ

Marfat.com

. . . .

. . . .

الخارجية فبمجرد الانتزاع
من الامر الخارجي لا يكفي
في كون القضية خارجية
بل يجب ان لا يكون المحمول
في طرف الانتزاع مخلوطا
بالموضوع بل يكون الموضوع
بعد انتزاع المحمول على
حاله كالاعمى قالوا انتزاعنا
من الامر الخارجي بما هو في
كونه موجودا خارجيا
فالمنتزع عند الاعمى بعد
الانتزاع كان باقيا موجودا
بحاله بخلاف سائر الامور
العامة فانها مخلوطة
بالموضوع موجود افضفانه
تعالى وشيونه ليس مثل
الامور العامة في الانتزاع

وجود وغیرہ تو محمولات عقلیہ اور قضایا
ذہنیہ سے ہیں اور نابینا ہونا محمولات
خارجیہ میں سے ہے۔ پس محض انتزاع
امر خارجی سے اس کے لئے کافی نہیں
ہے کہ قضیہ خارجیہ ہو جاوے بلکہ قضیہ
کے خارجیہ ہونے کے لئے یہ بھی ضروری

. . . .

. . . . ہے

کہ محمول جانب انتزاع میں موضوع
سے مخلوط نہ ہو بلکہ محمول کے انتزاع
کے بعد موضوع اپنے حال پر رہے مثلاً
نابینا کے بارہ میں کہتے ہیں کہ اگر اس کو
امر خارجی سے منتزع کریں تو انتزاع
اس امر خارجی کے موجود خارج ہونے
میں منحصر نہیں، پس جس شے سے نابینا
انتزاع کیا جاتا ہے وہ شے بعد انتزاع
اپنے حال پر باقی اور موجود ہے بخلاف
امور عامہ کے کہ وہ موضوع موجود کے
ساتھ مخلوط ہیں پس اللہ تعالیٰ کی

Marfat.com

حتی یکون القضیة ذهنیة
وتخرج من کونها خارجیة

مرحلہ طم

افهام الناس قاصرة عن
درک الوجوب الذاتی
والصفاتی لان الفیض
الذاتی والصفاتی فائض
علیه من الذات والصفات
فیری فی نفسه اثرهما
فیسهل علیه درک الذات
والصفات بخلاف الوجوب
فلا یری فی نفسه اثر
منه فیشکل الامر علیه
وامهات الصفات الحیوة
والعلم والارادة والقدرة
والسمع والبصر والکلام و
بعضهم ذکر الجواد والمقسط
بدل السمع والبصر فهذه الائمة
السبعة وامام الائمة

صفات اور شیون انتزاع میں مثل امور
عامہ کے نہیں ہیں تا کہ قضیہ ذہنیہ ہو
اور خارجیہ ہونے سے خارج ہو جاوے

مرحلہ اُنچاسواں وجوب ذاتی

اور صفاتی کے ادراک سے لوگوں
کی فہم قاصر ہیں کیونکہ فیض ذاتی اور
فیض صفاتی ذات اور صفات سے
فائض ہوتے ہیں اور ان دونوں کا اثر
اپنے نفس میں دیکھتا ہے۔ پس اُس ذات
اور صفات کا ادراک سہل ہے بخلاف
وجوب کے کہ اُس کا فیض فائض ہوتا ہے
پس وجوب کا اثر بھی اپنے اندر نہیں دیکھتا
ہے پس اسی واسطے وجوب کے بارہ میں
اشکال میں پڑتا ہے اور اصول صفات
سات ہیں۔ حیات۔ علم۔ ارادہ۔ قوۃ
سمع۔ بصر۔ کلام۔ اور بعض علمائے
بجائے سمع اور بصر کے جواد اور مقسط کو
ذکر کیا ہے۔ یہ صفات آئمہ سبعہ
کہلاتی ہیں اور امام الائمہ شیخ

وجوب ذاتی اور صفاتی [illegible]

عند الشیخ محی الدین عربی
الحیوٰۃ لتوقف فی غیرھا
علیھا ولذا قال بعضھم
الاسم الاعظم الحیّ القیوم
وعند الشیخ کمال الدین
عبد الرزاق الکاشی العلم
لشرفہ وفی شرح الفصوص
للقیصری علمہ تعالیٰ بذاتہ
عین ذاتہ وعلمہ بالعالم
صور الاشیاء فیہ سواء
کانت کلیۃ او جزئیۃ لا
یعزب عنہ مثقال ذرۃ
فی الارض والسماء ولا
ھمنہ وان یکون ذاتہ
محل امور متکثرۃ فانھا
عینہ من حیث الوجود و
انکانت غیرہ من حیث
التقیید والتعین فلا حال
ولا محل بل شیئ واحد

محی الدین عربی کے نزدیک حیات ہے
کیونکہ اور صفات اسی پر موقوف ہیں
اور اسی واسطے بعض نے کہا ہے کہ
اسم اعظم الحیّ القیوم ہے اور شیخ
کمال الدین عبدالرزاق کاشی کے
نزدیک امام الائمہ علم ہے۔ کیونکہ
اور صفات پر علم شرف رکھتا ہے اور
اور قیصری کی شرح فصوص میں ہے
کہ اللہ تعالیٰ کو اپنی ذات کا علم عین
ذات ہے اور عالم کے متعلق جو اس
کا علم ہے وہ اشیاء کی صورتیں ہیں
خواہ کلیہ ہوں یا جزئیہ ایک ذرہ کے
برابر بھی زمین اور آسمان میں اُس سے
غائب نہیں ہے اور اس میں کچھ اشکال
نہیں ہے کہ ذات باری امور متکثرہ
کا محل ہو کیں یہ امور متکثرہ بحیثیت
وجود کے عین ذات ہیں اگرچہ بحیثیت
تقیید اور تعین غیر ہیں پس ذات نہ
حال ہے اور نہ محل ہے بلکہ ایک شے

Marfat.com

فهي بالصور الحالية والمحلية فهذا العلم المحيط هو نفس الامر الذي افهام العلماء فيه حائرة۔

مرحلہ ن

قال الامام الرازي في المحصل لا حد للعلم لانه ضروري ان ما عدى العلم لا ينكشف الا بالعلم فيستحيل ان يكون غيره كاشفا له وقال الامام الغزالي .... وامام الحرمين انه نظري يعسر تحديده وذهب طائفة من العلماء الى انه نظري يمكن تحديده واهل الله من الصوفية قالوا لشدة ظهوره لا يمكن تحديده اذ من شرط المعرف اجلى من المعرف وسابقا عليه ولا شيء اجلى من العلم ولا

ہے صورتوں حالیہ اور محلیہ سے ظاہر ہوتی ہے پس یہ علم محیط وہ ہے کہ علماء کے فہم اس میں حیران ہیں۔

مرحلہ پچاسواں

امام رازی نے محصل میں کہا ہے کہ علم کی حد بیان نہیں کر سکتے کیونکہ علم ایک بدیہی شئے ہے اس واسطے کہ ما سوا علم کے علم ہی سے منکشف ہوتے ہیں پس یہ محال ہے کہ غیر اس کا کاشف ہو اور امام غزالی اور امام حرمین نے کہا ہے کہ علم نظری ہے، اس کا بیان کرنا مشکل ہے اور علماء کا ایک گروہ اس طرف گیا ہے کہ علم نظری ہے مگر اس کی حد کو بیان کرنا ممکن ہے اور صوفیہ نے کہا ہے کہ شدت ظہور کی وجہ سے اس کی تحدید ممکن نہیں ہے کیونکہ معرف کی شرط یہ ہے کہ وہ معرف سے اجلی ہو اور اس پر سابق ہو اور علم سے زیادہ کوئی شئے اجلی اور کوئی شئے سابق نہیں ہے سوائے

Marfat.com

سابقا عليه الا غيب الذات
الذي لا يحيط به علم احد
غير الحق سبحانه وتقدم
الحيوٰة عليه تقدم الشرط
على المشروط على تقدير المغايرة
لا مطلقا ومع ذلك
فلا يثبت تقدمه الا بالعلم
فهو حقيقة مجردة كلية لها
نسب وخواص واحكام وعوارض
ولوازم ومراتب ولا يحد
حدا تاما قال يعسوب العارفين
كرم الله وجهه العلم نقطة
كثرها الجاهلون اي انه
من الصفات الذاتية التي لا
يمتاز عن موصوفها الا بتعقل
كل متعقل لا من حيث التعين
لما ان النقطة لا وجود لها
في الخارج بل متعقل بها
قائم بالخط القائم بالسطح

غیب ذات کے کہ کسی کا علم سوائے
حق سبحانہ کے اس کو محیط نہیں ہے
اور حیات کا تقدم علم پر اس تقدیر پر
کہ صفت علم کے مغائر ہو ایسا ہے جیسے
کہ شرط کا تقدم مشروط پر ہے اور تقدم
مطلقاً نہیں ہے اور باوجود اس کے
یہ تقدم بھی علم سے ہی حاصل ہوتا ہے
پس علم ایک حقیقت مجردہ کلیہ ہے کہ
اس کے لئے نسبت ہیں اور خواص ہیں
اور احکام اور عوارض اور لوازم ہیں
اور مراتب ہیں اور اس کی حد تام
بیان نہیں ہو سکتی یعسوب العارفین
علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ہے کہ علم
ایک نقطہ ہے اس کی جاہلوں نے
تکثیر کر دی ہے یعنی علم ان صفات ذاتیہ
میں سے ہے کہ جو اپنے موصوف سے
بحیثیت تعین کے ممتاز نہیں ہے بلکہ
تعقل متعقل سے ممتاز ہے جیسا کہ
نقطہ کا خارج میں وجود نہیں ہے

Marfat.com

انقائم بالجسم ينتهى الخط بها فى طرفه تعقلا وانه بسيط اى حقيقة مجردة والجاهل من عدد العلم بتعدد المعلومات وكثره بكثرتها والا هو واحد بسيط لا يحتمل فى نفسه التكثر لان من الصفات الذاتية بل فى متعلقاته

مرحلة ان معرّف العلم اما عارف بسره يقصد التنبيه بذكر بعض لوازمه او جاهل به فان العلم لا حد له فان اجزاء التعريف و الحد قد تعلق به العلم و هو بعد و لم يتحقق ففيه تقدم على نفسه و اهل النظر ذكر للعلم تعريفات شتّى كلها مدخولة و المختار منها فى المواقف انه صفة توجب تميز

بلکہ وہ اسی طور سے مستقل ہوتا ہے کہ خط کے ساتھ قائم ہے اور سطح جسم کے ساتھ قائم ہے اور نقطہ سے خط کی انتہا ہوتی ہے اور علم بسیط ہے یعنی حقیقت مجردہ ہے اور جو شخص علم کی حقیقت سے جاہل ہے وہ معلومات کے تعدد سے اس کو متعدد مانتا ہے اور معلومات کے تکثر سے اس کو متکثر سمجھا ہے حالانکہ واحد بسیط ہے فی نفسہ تکثر کا احتمال نہیں رکھتا ہے کیونکہ علم صفات ذاتیہ سے ہے متعلقات علم میں البتہ احتمال تکثر کا ہے۔

مرحلہ اکانواں جو شخص علم کی تعریف کرتا ہے وہ یا تو اس کے راز کو جانتا ہے اور اس کے مرتبہ پر اس کے لوازم سے تنبیہ کرنا چاہتا ہے اور یا یہ کہ اس سے جاہل ہے کیونکہ علم کی کوئی حد جامع مانع نہیں ہے کیونکہ تعریف اور حد کے اجزار سے

علم کی تعریفات اور اس کی تعیین

بین المعانی لا یحتمل لنقیض
ای قائمة بمحلة توجب
تلك الصفة ایجابا عادیًا
کون محلها ممیزا المتعلق
تمیزا لا یحتمل المتعلق نقیض
ذالك التمیز فلا بد فیه
من اعتبار المحل وبدونه
لا تتم قال السید السند
واحسن ما قیل فی تعریفه
صفة یتجلی بها المذکور لمن
قامت هی به فالمذکور
یتناول الموجود والمعدوم
والممکن والمستحیل والمفرد
والمرکب والکلی والجزئی
والمعنی انه صفة تنکشف
بها لمن قامت هی به المذکور
شانه ان یذکر انکشافا
تاما لا اشتباه فیه فیخرج
الظن والجهل المرکب و

اول علم متعلق ہوتا ہے اور یہ علم اتبک
متحقق نہیں ہوا پس اس تحدید میں
تقدم اپنے نفس پر لازم آتا ہے اور اہل نظر
نے علم کی مختلف تعریفات کی ہیں اور ہر
ایک پر ان میں سے اعتراض وارد ہوتا
ہے اور مختار ان تعریفات میں وہ ہے
جو مواقف میں ہے وہ یہ ہے کہ علم ایک
صفت ہے جو معانی کے درمیان تمیز
واجب کرتی ہے یعنی وہ صفت اس
کے محل میں قائم ہے اور وہ صفت ایجاب
عادی اس کو واجب کرتا ہے کہ اس کا
محل شے متعلق کو ایسی تمیز دے کہ اسکے
سبب سے وہ متعلق اس ممیز کے نقیض
کا احتمال نہ رکھے پس اس تعریف میں
محل کا اعتبار ضروری ہے ورنہ تعریف
تام نہ ہوگی، سید السند نے کہا ہے کہ
سب سے عمدہ تعریف یہ ہے کہ علم ایک
صفت ہے کہ اس کے سبب سے مذکور
اس شخص کے لئے کہ جس میں یہ صفت

Marfat.com

اعتقاد المقلد المصيب
لانها ليس فيها ليس الانكشاف
التام وانشراح تنحل عنه
العقدة وقال الحكماء انه
حصول صورة الشئ فى
العقل اى عنده ليتناول
ادراك الجزئيات لانها تعقل
بالآلات فان النفس الناطقة
هى المدركة لا الالة
واما عند اهل الكشف والتحقيق
لا يلزم من تعلق العلم
بالمعلوم حصول المعلوم
فى نفس العالم ولا امثاله
اى صورته فمسمّى العلم
عند القوم تعلق خاص
ونسبة محدثة للذات
من المعلوم ولا شك ان
تلك النسبة متاخرة عن
المعلوم فى العقل والملاحظة

ہو روشن ہو جائے پس لفظ مذکور اس
تعریف میں موجود اور معدوم اور ممکن اور
مستحیل اور مفرد اور مرکب اور کلی اور
جزئی سب کو شامل ہے اور معنی اس تعریف
کے یہ ہیں کہ علم ایسی صفت ہے کہ اسکے
سبب سے ایسی شے کہ جس کی شان یہ ہو
کہ ذکر کی جاوے اس شخص کے لیے کہ
جس میں یہ صفت ہے منکشف بانکشاف
تام کہ جس میں بالکل اشتباہ نہ ہو
ہو جائے پس اس تعریف کے موافق علم
سے ظن اور جہل مرکب اور اعتقاد مقلد
مصیب کا سب نکل جاویں گے اور تعریف
جامع مانع ہو جاویگی کیونکہ ان سب میں
انکشاف تام اور انشراح کامل نہیں ہے
اور حکماء نے کہا ہے کہ علم عقل میں کسی شے
کا حاصل ہونا ہے۔ مراد یہ کہ عقل کے نزدیک
حاصل ہو جائے تاکہ ادراک جزئیات کو
بھی تعریف علم کی شامل ہو جائے کیونکہ
جزئیات کا علم عقل کو آلات کے ذریعہ

Marfat.com

لانها تابعة ويرجع الى
هذا ما قال بعض العلماء
العلم له اضافتان احدهما
.... الى العالم والاخرى
الى المعلوم فعلى تقدير الحضور
لا مغائرة بين العلم
والمعلوم الا بالاعتبار
بل ههنا اضافة غيرهما
وهى اضافة العالم الى
المعلوم وكانهم الى هذا
اشاروا بقولهم العلم
صفة ذات اضافة فالصفة
هى العلم والاضافة هى
العالمية كما صرح به
فى المقاصد ومن قال
انه اضافة محضة يقول انه
نسبة بين العالم والمعلوم
ولا اثر للعالم فى المعلوم
اصلا فان سألت ما حقيقة

سے ہوتا ہے کیونکہ نفس ناطقہ ہی مدرک
ہے آلہ مدرک نہیں ہے اور اہل کشف
وتحقیق کے نزدیک علم کے معلوم کے ساتھ
متعلق ہونے سے معلوم کا حاصل ہونا
نفس عالم میں اور نہ مثال نفس میں
یعنی اس کی صورت میں لازم نہیں آتا۔
پس قوم کے نزدیک تو مسمی علم کا تعلق
خاص ہے اور وہ نسبت ہے جو ذات کے
لئے معلوم سے حادث ہوا اور یہ ظاہر ہے
کہ وہ نسبت معلوم تعقل اور ملاحظہ
میں متاخر ہو کیونکہ وہ نسبت تو تابع ہے
اور بعض علماء کا قول بھی اس طرف
راجع ہے وہ یہ ہے کہ علم کی دو اضافتیں
ہیں ایک نسبت تو عالم کی طرف ہے اور
دوسری معلوم کی طرف پس جس صورت
میں کہ کوئی شے حاضر ہو اس وقت علم
اور معلوم میں صرف اعتبار مغائرت ہے
بلکہ اس مقام پر ان دو اضافتوں کے
علاوہ ایک اور اضافت ہے اور وہ

Marfat.com

العلم قل درك المدارك
على ماهو عليه في نفسه
اذا كان دركه غير
ممتنع واما ما يمتنع دركه
فالعلم به هو لا دركه
الى العلم بما لا يعلم
بانه لا يعلم علم قال عليه
الصلوة والسلام ان الله
احتجب عن العقول كما
احتجب عن الابصار و
ان الملاء الاعلى يطلبونه
كما يطلبونه انتم فالعقول
والفهوم عاجزة عن درك
كنهه كالابصار قال له
سرافقد ورحمته ويحذركم
كم الله نفسه والله رؤف
بالعباد وقال الصديق
رضى الله عنه العجز
عن درك الادراك

اضافت عالم کی معلوم کی طرف ہے
اور شاید کہ علما نے اسی کی طرف اپنے
اس قول سے اشارہ کیا ہے کہ علم
ایک صفت اضافت والی ہے پس
صفت تو علم ہے اور اضافت عالمیت
ہے جیسا کہ مقاصد میں اس کی تصریح
کی ہے اور جو شخص یہ کہتا ہے کہ علم
اضافت محضہ ہے وہ کہتا ہے کہ علم
ایک نسبت علم اور معلوم کے درمیان
ہے اور عالم کو معلوم میں بالکل کچھ اثر
نہیں ہے پس اگر تجھ سے پوچھا جاوے
کہ علم کی کیا حقیقت ہے تو جواب میں
کہہ کہ علم دریافت کرنا مدرکات کا ہے
جس پر کہ وہ واقع میں ہیں جب کہ دریافت
کرنا ان کا غیر ممتنع ہو اور جو شے اس
قسم کی ہے کہ وہ دریافت نہ ہو سکے
تو اس کا علم یہی علم ہے کہ اس کا دریافت کرنا
متعلق نہیں ہو سکتا ہے یہی اس کا علم
ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے

Marfat.com

قال مصباح التوحید علی
کرم اللہ وجہہ حین سئل
بم عرفت ربک قال عرفت
بما عرفنی نفسہ لا یدرک
بالقیاس ولا یقاس بالناس
قریب فی بعدہ وبعید فی
قربہ فی کل شئی انتہی
قال ابو القاسم القشیری
فی رسالتہ لیس یرید الصدیق
انہ لا یعرف لان عند
المحققین العجز عجز عن
الموجود دون المعدوم
کالمقعد عاجز عن قعودہ
اولیس بکسب لہ ولا فعل
والقعود موجود فیہ کذلک
العارف عاجز عن معرفتہ
موجودۃ فیہ لانہا ضرورتہ
وعندہ ھذہ لطائف المعرفتہ
بہ سبحانہ فی الانتہاء

کہ اللہ تعالیٰ عقول سے مستتر ہو گئے
ہیں جیسا کہ عقول سے مستتر ہیں اور
ملاء اعلیٰ بھی اللہ تعالیٰ تعالیٰ کو اسی
سے نظم قرآن معجز ہے. محقق تفتازانی نے
مقاصد میں اسی طرح اس کی تحقیق کی
ہے اور بعض مجتہدین نے زبان فارسی سے

Marfat.com

فاصبغ بصور الالفاظ والحروف
فمن لا یؤمن بکلام اللہ
فهو احری ان لا یؤمن
بروئیت اللہ تعالی من
حیث ذاته اذا ما یعقل
بالابصار الالوان والمتلونا
والباری عز اسمه عن الکل
لیس بلون ولا متلون
فیستحیل رؤیته الاتری
انك یا معتوه تحدث نفسك
بما هو غیر المراد علی
الدوام من غیر صوت
وحرف ثم یعبر ذالك
بالالفاظ والحروف
وکفاك قول من
قال "ان الکلام فی
الفواد وانما جعل
اللسان علی الفواد
دلیلاً"

جو قرآن کے مرادف ہو اور معنے قدیم پر
دال ہو نماز جائز قرار دی ہے پس کلام
نفسی ہی ہے اور الفاظ اور نقوش
اُس کے دلائل اور علامات ہیں پس
کلام نفسی مترجم عنہ ہے اور مترجم پیغمبروں
کی زبانی خواہ وہ فرشتہ ہو یا آدمی اللہ
تعالیٰ ہیں پس جو یہ وہم کرتا ہے کہ یہ بین
جلد کے اور جو سینہ کے درمیان میں محفوظ
ہے اور جو زبان سے پڑھا جاتا ہے یہ کلام
اللہ نہیں ہے وہ طریق سنت سے منحرف ہے
اور طریق خلاف سنت کا درپے ہے اس
کو یہ خبر نہیں کہ یہ بعینہ اللہ ہی کا کلام ہے۔
فرق اتنا ہے کہ مظاہر میں ظاہر ہو گیا ہے اور
مرتبہ وجوبیہ مخفیہ سے اُتر کر الفاظ و حروف
کے رنگ میں رنگین ہو گیا ہے پس جو اللہ
کے کلام پر ایمان نہیں لاتا ہے وہ اللہ
کی رویت پر بحیثیت ذات اللہ کے ایمان
نہ لائے تو عجیب نہیں ہے کیونکہ ان ظاہری
آنکھوں سے تو وہی شے دکھائی دیتی ہے جو

Marfat.com

مرحلہ اس قال بعض
المحققین اللاہوت بین
فی الجبروت والجبروت بین فی
الملکوت والملکوت بین
فی الناسوت ففی کل احد
من الناس العوالم الاربعۃ
مندرجۃ فلیس ناسوتہ
خارجا عن ملکوتہ ولا
ملکوتہ عن جبروتہ و
جبروتہ عن لاہوتہ ففی
موجود واحد قد اجتمعت
ہذہ العوالم الاربعۃ
ومن المعلوم ان عالم
الارواح من اصناف
عالم المعانی فالسالک
اذا اسرای فی المنام او
الیقظۃ ملکا فانما یری
من عالم ملکوتہ لا امرا
خارجیا عنہ ففی طائفۃ

خود رنگ ہو اور یا رنگین ہو اور باری
تعالیٰ نہ رنگ ہیں نہ رنگین ہیں بس زینت
باری تعالیٰ کی محال ہوئی۔ اے بیوقوف
تجھ کو یہ بھی خبر ہے کہ تو خود بارہا اپنے نفس
سے باتیں کرتا ہے اور اس میں صوت ہوتی
ہے نہ حرف پھر وہ تیری مراد نہیں ہوتی
اور پھر الفاظ اور حروف سے تعبیر کرتا
ہے اور کلام نفسی کے کلام ہونے کیلئے یہ
قول شاعر کا کافی ہے ان الکلام
الفواد وانما جعل اللسان علی
الفواد دلیلا۔ یعنی بیشک کلام تو
دل میں ہے اور زبان محض علامت اور
دلیل ہے۔ **مرحلہ اٹھتیسواں** بعض
محققین نے کہا ہے کہ لاہوت جبروت میں
ظاہر ہے اور جبروت ملکوت میں اور ملکوت ناسوت میں
پس ہر ایک شخص میں یہ چاروں عالم مندرج
ہیں پس انسان کا ناسوت اس کے ملکوت
سے خارج نہیں ہے پس ایک شے میں چاروں
عالم مجتمع ہیں اور یہ معلوم ہے کہ عالم ارواح

Marfat.com

الانبیاء علیہم السلام منزل
من الحضرۃ اللاھوتیۃ
الکامسہ فیھم معان
علی قدر سعۃ قلوبھم
فتکتسی تلک المعانی من
حضرۃ المثال لباس الروح
وسماہ باسمہ ولقن
الرسول محاورۃ ذلک اللباس
المصور لسرعۃ نفوذ عالم
المعانی والارواح بلطافتھم
فی الرسول فالعارف یقول
ماخاطب لاھوتیۃ ذلک
النبی بتوسط ملکوتیتہ التی
ھی المعانی المکتسبۃ من
حضرۃ المثال الالبسان
ذلک النبی لیس الوحی
والواسط خارجین عن
الرسول ویقول المحجوب
الحق سبحانہ اوحی بلسانہ

عالم معانی کی اقسام ہیں سو ہے اسیواسطے
جب سالک خواب میں یا بیداری میں
فرشتہ کو دیکھتا ہے تو کسی امر خارجی کو نہیں
دیکھتا پس انبیاء علیہم السلام ہیں حضرت
لاہوت سے معانی موافق انکے قلوب
کی وسعت کے نازل ہوتے ہیں پھر
وہ معانی حضرت مثال سے لباس
روح کا پہن لیتے ہیں اور پیغمبر اس لباس
مصور کے ادا کرنے کو تلقین کئے جاتے
ہیں کیونکہ عالم معانی ارواح میں بہت
جلدی نفوذ کرتا ہے کیونکہ ارواح پیغمبر
کی بہت لطیف ہوتی ہیں پس عارف تو
یہ کہتا ہے کہ اس نبی کی لاہوتیت نے
بواسطہ اس کے اس ملکوتیت کے کہ وہ
معانی ہیں جو حضرت مثال سے اکتساب
کئے گئے ہیں۔ اس نبی کی زبان سے خطاب
اور تکلم کیا ہے اور یہ کلام وحی اور واسطہ
دونوں رسول سے خارج نہیں اور
محجوب یعنی جو عارف نہیں ہے وہ کہتا ہے کہ

Marfat.com

اللائقة بجنابه الى الملك المسمى بجبريل ما اوحى وجبريل اوحى الى النبى بلسانه وقرء النبى على الناس بلسانه ما اوحى اليه قال صاحب المثنوى :

بیت

گرچہ قرآں از لب پیغمبر است
ہر کہ گوید حق نگفت او کافر است

وكذالك ما نطق بقوله انّنى انا الله لا اله الا انا الا قلب لاهوتية موسى عليه السلام وما سمع الاذن ناسوتية موسى عليه فالحاكى والمحكى والمحكى عليه باحديته جميع المراتب امر واحد

مرحلہ بست الحروف

المنقوشة اشباح للحروف الملفوظة وهى اشباح المعانى

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنی اُس زبان سے جو اُس کے لئے شایاں ہے اپنے فرشتہ جبرئیلؑ پر وحی کی اور جبرئیلؑ نے پیغمبرؐ کی طرف اپنی زبان سے وحی کی اور پیغمبرؐ نے اپنی زبان سے لوگوں کو سنایا مثنوی معنوی میں مولانا رومؒ فرماتے ہیں :-

بیت

گرچہ قرآں از لب پیغمبر است
ہر کہ گوید حق نگفت او کافر است

اور اسی طرح انّنی انا اللہ لا الٰہ الّا انا موسیٰ علیہ السّلام کے قلب لاہوتی نے کہا تھا اور موسیٰ علیہ السّلام کے کان ناسوتی نے سنا تھا پس حاکی اور محکی علیہ اور محکی جملہ مراتب کا ایک امر ہے

مرحلہ باسٹھواں حروف منقوشہ

حروف ملفوظہ کے اشباح یعنی نقش ہیں اور حروف ملفوظ اُن معانی کے جو الفاظ سے سمجھے جاتے ہیں نقش ہیں اور معانی اس صفت ازلیہ کے جو اللہ تعالےٰ

یعنی حروف کلام لفظی اور معانی کلام نفسی ہیں

المدرکة منها دهی اشباح
للصفة الازلیة القائمة به
تعالی فهی روح ارواح
الارواح فیجب منها احترام
القوالب وفی الاعیان
ولهذا نهینا عن السفر الی
ارض العدو بالمصاحف
لدلالة نقوشها علٰے تلک
الصفة الازلیة ولو بواسطة
فالمسمّٰی واحد والتکثر فی
الاسماء فاختلاف اللغات
اختلاف فی اسماء مثلا الذات
المستجمع للصفات یدعٰی
بالعربیة الله وبالفارسیة
خدا وبالحبشة واق و
بالافرنجیة کریطور وبالهندیة
نرنجن هی فان قیل اذا لم یکن
ما بین الدفتین المصحف
کلام الله حقیقة بل هو

کے ساتھ قائم ہے اشباح وعکس
ہیں پس الفاظ روح ارواح الارواح
ہے۔ پس اسی سبب الفاظ کا احترام اور
الفاظ کی تعظیم کی جاتی ہے اور اسی واسطے
دارالحرب میں قرآن شریف لے جانا منع
ہے کیونکہ نقوش اُس صفت ازلیہ پر بواسطہ
دلالت کرتے ہیں پس مسمّٰی ایک ہے اور
تکثر اسماء میں ہے پس لغات کا اختلاف
اسماء الاسماء میں اختلاف ہے مثلاً
ذات کو جو صفات کی جامع ہے۔ عربی
میں اللہ کہتے ہیں اور فارسی میں خدا
حبشہ میں واق اور افرنجی میں کریطور
اور ہندی میں نرنجن کہتے ہیں۔
سوال جس صورت میں کہ یہ جلد
کے درمیان میں مصحف اللہ کے کلام
حقیقۃً نہیں بلکہ کلام حقیقی پر دال ہے
تو جو اس مصحف کے کلام اللہ ہونے سے
انکار کرے اس کی کیوں تکفیر کی جاتی ہے
حالانکہ اُس کے کلام اللہ ہونیکا اقرار

Marfat.com

دال علی الکلام الحقیقی فلم
یکفر من انکر کون ما بین
دفتین المصحف کلام اللہ
انزل بہ جبرئیل علیہ السلام
بلسان عربی مبین مع انہ
علم من الدین ضرورۃ کونہ
کلام اللہ تعالیٰ ویکفر جاحدہٗ
فتق ان تکفیر من انکر
کون ما بین الدفتین
کلام اللہ انما ھو اذا اعتقد
انہ من مخترعات البشر اما
اذا اعتقد انہ لیس کلام اللہ
بمعنیٰ انہ لیس فی الحقیقۃ صفتہ
قائمۃ بذات اللہ تعالیٰ
بل ھو دال علیہ فلا
یجوز تکفیرہ وکیف وھو مذھب
اکثر الاشاعرۃ وما علم
من الدین بالضرورۃ ھو
ان ما بین الدفتین دال

ضروریات دین سے ہے اور منکر کی
تکفیر کی جاتی ہے۔ **جواب** منکر کی
تکفیر . . اس وقت کی جاتی ہے.
جب یہ اعتقاد رکھے کہ یہ کلام آدمی کا
گھڑا ہوا ہے اور جب یہ اعتقاد ہو
کہ یہ اللہ تعالیٰ کی صفت حقیقتاً نہیں
ہے بلکہ اس پر دال ہے تو ایسے شخص کی
تکفیر جائز نہیں ہے اور تکفیر کیسے ہو سکتی
ہے حالانکہ یہ ہی اکثر اشاعرہ کا مذہب
ہے اور شرع سے یہ ہی معلوم ہوتا ہے
کہ یہ جلد میں جو مصحف ہے یہ صفت
پر دال ہے، عین صفت نہیں ہے
امام رازی نے تفسیر کبیر میں کہا ہے
کہ جب یہ کہتے ہیں کہ یہ حروف جو ایک
دوسرے کے بعد آتے ہیں اور یہ آوازیں
جو پے درپے سنائی دیتی ہیں اللہ کا
کلام ہیں تو ہماری مراد یہ ہوتی ہے کہ
یہ الفاظ ہیں جو صفت ازلیہ خداوندی
پر دال ہیں پس معلوم ہوا کہ ان الفاظ

Marfat.com

على الصفة لا عين الصفة
قال الامام في التفسير الكبير
اذا قلنا هذه الحروف
المتوالية والاصوات المتعاقبة
انها كلام الله تعالى اردنا
بها الفاظاً دالة على الصفة
القائمة بذاته تعالى
فالاطلاق اسم الكلام على
سبيل المجاز اللغوي وهذا
لا ينافي كون هذا الاطلاق
حقيقة شرعية وجملة الكلام
ان الكلام النفسي الذي
يوصف به الحق سبحانه
منزه عن سمات الحدوث
كالتاليف من الحروف والاصوات
وكونه اخباراً او انشاءً وكونه
ماضياً وحالياً واستقبالياً
كل ذالك لتفهيم المخاطبين
فاطلاق كلام الله على النفسي

کو کلام کہنا مجاز ہے ختم ہوا کلام امام
کا۔ اور مجاز سے مراد امام کے کلام میں
مجاز لغوی ہے اور یہ اُس کے حقیقت
شرعیہ ہونے کے منافی نہیں اور حاصل
کلام یہ ہے کہ جس کلام نفسی کے ساتھ
حق سبحانہٗ تعالےٰ موصوف ہیں وہ حدوث
کے لوازم سے جیسے کہ تالیف اور اخبار
ہونا اور ماضی اور حال اور استقبال
ہونا سب سے منزہ و بری ہے پس
یہ سب مخاطب کے سمجھانے کے لئے ہے
پس کلام نفسی اور لفظی کو کلام اللہ
کہنا لفظی اشتراک کی وجہ سے ہے۔
پس معلوم ہوا کہ کلام نفسی اور کلام
لفظی کو کلام اللہ کہنا حقیقتاً ہے مجاز نہیں
ہے محققین نے اس مقام کی اسی طرح
تحقیق کی ہے واللہ اعلم بحقیقۃ الحال
پس پاک ہے وہ ذات کہ عقول اُس
کی صفات میں حیران ہیں جیسے کہ ذات
میں حیران ہیں۔

Marfat.com

واللفظ باشتراك اللفظ فهو
حقيقة فيهما لا مجاز هكذا
حققه المحققون والله اعلم
بحقيقة الحال فسبحان من
تحير العقول فى صفاته كما
تحيرت فى ذاته

مرحلة التكوين

صفة ازلية مغائرة للقدرة
عند الحنفية قال تعالى انما
قولنا لشيئ اذا اردناه ان
نقول له كن فيكون فقوله
كن امر مقدم على الكون
المستفاد من يكون قال
فى المقاصد اشتهر هذا القول
عن الشيخ ابى منصور الماتريدي
واصحابه وهم ينسبون الى
قدمائهم الذين كانوا قبل
الشيخ ابى الحسن الاشعري
قال ابو جعفر الطحاوى له

مرحلہ تریسٹھواں تکوین صفت

ازلیہ ہے جو حنفیہ کے نزدیک قدرت کے
مغائر ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہو کہ جب
ہم کسی شے کی ایجاد کا ارادہ کرتے ہیں
تو اُس کو کہہ دیتے ہیں کہ ہو پس وہ شے
ہو جاتی ہے پس اللہ تعالیٰ کا کُن
فرمانا امر ہے جو اُس شے کے وجود پر
مقدم ہے. مقاصد میں کہا ہے کہ یہ
قول شیخ ابو منصور ماتریدی اور اُن
کے متبعین سے مشہور ہوا ہے اور شیخ ابو منصور اور
طرف جو شیخ ابوالحسن اشعری سے پہلے
ہوئے ہیں نسبت کرتے ہیں ابو جعفر
طحاوی نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالے
کے لئے ربوبیت ہے اور مربوب نہیں ہے
اور خالقیت ہے مخلوق نہیں ہے اور
تکوین ہے اور مکون نہیں ہے. پس
تکوین معدوم کو عدم سے وجود کی طرف
نکالنے کو کہتے ہیں اور باریتعالیٰ میں اس
صفت کا ہونا ضروری ہے اور صفت

صفت تکوین کا بیان

ان کے متبعین اس قول کو اپنے متقدمین کی

Marfat.com

تعالی الربوبیۃ ولا مربوب
ولهم الخالقیۃ ولا مخلوق
ولهم التکوین ولا مکون،،
فالتکوین اخراج المعدوم
من العدم الی الوجود و
لابد منه فی الباری تعالے
ولا عالم بلا علم ویحسب
ان یکون ازلیته لامتناع
قیام الحوادث بذاته تعالے
ثم تکوین الخلق تخلیق وتکوین
الرزق ترزیق وتکوین الصور
تصویر وتکوین الحیٰوۃ احیاء
وتکوین الموت اماتۃ فاختلف
اسمائه باختلاف الاٰثار
قالوا فالجواب ان ذالک انما
هو فی الصفات الحقیقۃ
کالعلم والقدرۃ والارادۃ
ولا نسلم ان التاثیر و
والایجاد کذالک بل هو معنے

ازلیہ ہے کیونکہ ذات باری میں حوادث
کا وجود تو محال ہے خلق کو تکوین کرنا.....
تخلیق ہے اور رزق کی تکوین ترزیق
ہے اور صورت کی تکوین تصویر ہے اور
اور حیات کی تکوین احیاء ہے۔ اور
موت کی تکوین اماتت ہے پس صفت
تکوین کے اسماء آثار کے مختلف ہونے
کے سبب سے مختلف ہیں۔ علماء نے
کہا ہے کہ جواب اس کا یہ ہے کہ یہ
امر صفات حقیقت میں ہے۔ جیسے
علم اور قدرت اور ارادہ ہیں ہم اس کو
تسلیم نہیں کرتے ہیں کہ تاثیر اور ایجاد بھی
ایسا ہی ہے بلکہ ایجاد اور تاثیر تو ایک
معنی ہیں جو موثر کے اثر کی طرف مضاف
کرنے سے سمجھے جاتے ہیں۔ پس یہ معنی
اسی شے میں متحقق ہوں گے جو ازلی ہو
امام رازی نے کہا ہے کہ جس صفت
کا نام تکوین رکھا ہے اس کی تاثیر بذات
خود بے کسی ارادہ کی جو دو جانب میں
سے فعل کو یا ترک کو ترجیح دے ضرورت

Marfat.com

نعقل من اضافة المؤثر الے
لاثر فلا یکون الا فیما یزال قال
قال الامام الرازی الصفة
التی یسمو بها التکوین تاثیرها
بالنظر الے انفسهما من غیر
انضمام الارادة المرجحة لاحد
طرفی الفعل والترک اما علی
سبیل الجواز او الوجوب فعلی
الاول عین القدرة وعلے
الثانی لا یکون الباری تعالے
مختارا بل موجبا قال فے جمع
الجوامع اما صفات الافعال
کالخلق والرزق والاحیاء
والاماتة فلیست ازلیة خلافا
للحنفیة بل هی حادثة
متجددة لانها اضافات
تعرض للقدرة وهی
بوجودات المقدورات لاوقات
وجودها ولا محذور فے

ہے اب وہ تاثیر دو حال سے خالی
نہیں، یا تو علی سبیل الجواز اثر کرے گی
اور یا علی سبیل الوجوب پہلی صورت میں
تو وہ عین قدرت ہے اور دوسری صورت
میں باری تعالیٰ کا غیر مختار ہونا لازم آتا
ہے جمع الجوامع میں کہا ہے کہ افعال کی
صفات جیسے کہ خلق اور رزق اور احیاء
اور امانت ہیں سب ازلی نہیں ہیں اور یہ
حنفیہ کے خلاف ہے بلکہ یہ سب حادث
ہیں اور متجدد ہیں کیونکہ یہ جملہ صفات
ہیں جو قدرت کو عارض ہوتی ہیں اور
.... وجود مقدور کے ساتھ ان کے
اوقات میں قدرت کا تعلق ہے اور
اس میں کچھ اشکال نہیں کہ باری تعالیٰ
اضافات کے ساتھ موصوف ہو کیونکہ
بھی ہیں اور ساتھ بھی ہیں اور بعد بھی ہیں
سوال قرآن میں اسماء افعال وارد
ہوئے ہیں جیسا کہ حق تعالیٰ فرماتے ہیں
کہ ھو اللہ الخالق الباری المصور

اتصاف الباری سبحانہ
بالاضافات لکونہ قبل العالم
معہ وبعدہ لا **رتق**
اسماء الافعال وردت
فی القرآن قال تعالیٰ ھو اللّٰہ
الخالق الباری المصور
وورد۔ ھو الرزاق ذو القوۃ
المتین فکیف اتصافہ تعالیٰ
فیما لا یزال کما ان القرآن
والاسماء الواقعۃ فیہ قدیمۃ
ینبغی ان یکون التخلیق ۔۔۔
والتصویر والترزیق کلہا
قدیمۃ قال الامام الغزالی
معنی کونہ تعالیٰ خالقا فی الازل
انہ سیخلق۔ **فتق** ذھب
صاحب جمع الجوامع الی
ان ازلیۃ اسمائہ الراجعۃ
الی الصفات والافعال من
حیث رجوعہا الی القدرۃ

اور فرمایا ہے ھو الرزاق ذو القوۃ
المتین پس باریتعالیٰ کا موصوف
ہونا صفات ازلیہ ہی کے ساتھ کیسے
درست ہوا جیسا کہ قرآن اور جو اسماء
اس میں واقع ہیں قدیم ہیں۔ اسی طرح
یہ بھی ضروری ہے کہ تخلیق اور تصویر اور ترزیق سب
قدیم ہوں۔ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ
نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالےٰ کے خالق
ہونے کے یہ معنے ہیں کہ وہ عنقریب پیدا
کرنیوالے ہیں۔

جواب مصنف جمع الجوامع کا
مسلک یہ ہے کہ جن اسماء کا صفات اور
افعال کی طرف مرجع ہے تو ان کی
ازلیت اس حیثیت سے ہے کہ وہ
قدرت کی طرف راجع ہیں۔ نہ کہ
فعل کی طرف۔ پس خالق وہ ہے کہ
جس کو قدرت ہے نہ وہ کہ فعل خلق کے
ساتھ متصف ہے اور قدرت ظاہر
ہے کہ ازلی ہے۔ اسی طرح خلق بھی

Marfat.com

لا الفعل فالخالق من له
قدرة لانه متصف بالفعل
بالخلق والقدرة ازلية
فلذالك الخالق كما يقال
للماء الذى لكوز مروٍ اى
هو شان لو صار فى باطن
العاطش يحصل له الرى
وكما يقال للسيف قاطع قال
بعض المحققين ضارب
.... من اتصف بالضرب
بالفعل ولا يصح ازلية تلك
الاسماء فينبغى ان لا يعد
اسم الخالق من الاسماء
الحسنىٰ لانها كلها ازلية
والازلية نفى الاولية لوجودها و
قولنا فيما يأتى وفيما لا يزال
يخلق يوجب المستقبل
فلا مقابلة له بالازل فان
الماضى والحال والاستقبال

ازلی ہوگی جیسے کہ اس پانی کو جو پیالہ
میں رکھا ہے سیراب کرنے والا کہا
جاتا ہے تو معنی اس کے یہ ہیں کہ وہ
ایسی حالت کے ساتھ موصوف ہے
کہ پیاسے کے پیٹ میں جائے تو اس
کو سیرابی حاصل ہو جائے اور جیسا
کہ تلوار کو کاٹ کرنے والی کہا جاتا ہے
بعض محققین نے کہا ہے کہ ضارب
اُس کو کہتے ہیں کہ جو صفت ضرب کے
ساتھ بالفعل متصف ہو اور ان اسماءُ
کی ازلیت صحیح نہیں ہے پس مناسب
یہ ہے کہ خالق اسماءِ حسنیٰ سے نہ شمار
کیا جائے کیونکہ اسماءِ حسنیٰ سب ازلی
ہیں اور کسی شے کی ابتدا نہ ہونے کو ازلیت
کہتے ہیں اور ہمارا یہ قول کہ عنقریب پیدا
کریں گے مستقبل کو واجب کرتا ہے۔
پس اس کو ازل سے مقابلہ نہیں ہے
کیونکہ ماضی و حال و مستقبل یہ سب
زمانہ کی قسمیں ہیں اور ازل زمانہ پر مقدم ہے

Marfat.com

كلها اقسام الزمان والازل
مقدم على الزمان اذ الزمان
يضاف اليه الاول والازل
نفي الاول وعدمه

رتق البون الذي يتوهم
بين الخالق والمخلوق لا تحقق
له الا في الوهم فهو موصوف
بالخالقية في الازل وهو
المقصود.

فتق ان الزمان عند
الاشاعرة متجدد معلوم
نقدر به متجدد مبهم
لازالة ابهامه وقد يتعاكس
التقدير والغرض من
المتجددات فيقدر تارة
هذا بذاك واخرى
بهذا فاذا قيل متى جاء
زيد يقال عند طلوع الشمس
ان كان المخاطب مستحضرا

کیونکہ زمانہ کی طرف اولیت مضاف
کی جاتی ہے اور ازل اول کی نفی اور
اور عدم ہے **سوال** وہ فرق جو
خالق اور مخلوق کے درمیان متوہم
ہوتا ہے اُس کا وجود وہم میں ہوتا ہے
پس باری تعالیٰ خالقیت کے ساتھ ازل
میں موصوف ہیں اور یہی مقصود ہے
جواب اشاعرہ کے نزدیک زمانہ
ایسا متجدد اور معلوم ہے کہ جیسا کہ دوسرا
متجدد مبہم ابہام کے ازالہ کے لئے اندازہ کیا
جاتا ہے، اور کبھی یہ اندازہ کرنا برعکس
بھی ہوتا ہے۔ پس کبھی یہ اُس کے ساتھ
اندازہ کیا جاتا ہے اور کبھی وہ اُس کے
ساتھ اندازہ کیا جاتا ہے۔ پس جب
کہتے ہیں کہ زید کب آیا ہے تو جواب میں
مثلاً جس وقت مخاطب آفتاب نکلنے
سے واقف ہو اور زید کے آنے سے
واقف نہ ہو کہتے ہیں کہ آفتاب نکلنے
کے وقت اور پھر اگر یہ دریافت کیا

Marfat.com

للطلوع وان لم يكن مستحضراً
لمجئ زيد ثم اذا قيل
متى طلعت الشمس في حين
جاء اذا كان مستحضراً لمجئ
زيد دون الطلوع ولذا
اختلف البرهان بالنسبة
الى الاقوام فيقدر كل واحد
منهم المبهم بما هو معلوم
عنده وبالجملة قد نزه الخالق
عن الزمان والزمانيات ايضا
فكيف تفرض بينه وبين
خلقه امتداد ولذا ذهب
حجة الاسلام الى ان ازلية
اسماء الصفات والافعال
راجعة الى صفة القدرة
فقولنا انه خالق اى قادر
على الخلق ويلزم عليه ان اطلاق
الخالق على الله تعالى قبل
الخلق ينبغي ان يكون مجازاً

جاتا ہے کہ آفتاب کب نکلا ہے تو جواب
دیا جاتا ہے کہ جب زید آیا سو یہ جواب
اُس وقت دیا جاوے گا جبکہ مخاطب
زید کے آنے کو جانتا ہو اور آفتاب نکلنے
کو نہ جانتا ہو اور اسی واسطے زمانہ ہر
قوم کے نزدیک مختلف ہے ہر شخص شئے
معلوم سے شئے مبہم کا اندازہ کرتا ہے۔
حاصل کلام یہ ہے کہ خالق کی زمانہ
اور زمانیات سب سے تنزیہ کیجاتی
ہے پس خالق اور مخلوق میں کیسے امتداد
ہوسکتا ہے اور اسی واسطے امام
حجۃ الاسلام کا مسلک یہ ہے کہ صفات
اور افعال کی ازلیت صفت قدرت
کی طرف راجع ہے پس ہمارا یہ کہنا کہ وہ
خالق ہے مطلب اس کا یہ ہے کہ وہ
خلق پر قادر ہے اور اس تقدیر پر یہ
لازم آتا ہے کہ لفظ خالق کا اطلاق
اللہ تعالیٰ پر قبل از خلق مجاز ہو حالانکہ
خالق اسماء حسنیٰ سے ہے اور اسماء

Marfat.com

او الحال انہ من اسماء الحسنیٰ
وھی لہ بالفعل وبالحقیقۃ
لبراءتہ عن ان یکون لہ
ذالک بالقوۃ والامکان و
ماھو وجودہ بالفعل اتم
مما وجودہ بالقوۃ والامکان
وما ھو وجودہ بالفعل اتم
مما وجودہ بالقوۃ والامکان
ولیس للہ حالۃ منتظرۃ یتم
بہا وقال فی التفصی عن ھذا
المضیق ان القدرۃ توثر فی
الازل بالفعل لکن لم یظہر
المقدورات لتعلق الارادۃ
بظہور کل واحد منہا
فی وقت الازل لعدم تعلق
الارادۃ لا لعدم تاثیر
القدرۃ وقال بعض الخلق
خلقان خلق تقدیر فھو مقدم
علی الامر کما قدم فی الذکر

سب حقیقتاً اور بالفعل ثابت ہیں
کیونکہ اللہ تعالیٰ اس سے بری ہیں کہ
کوئی شئے ان کو بالقوۃ اور بالامکان
ثابت ہو اور جس شئے کا وجود بالفعل
ہے وہ اُس شئے سے اتم ہے جس کا
وجود بالقوۃ اور بالامکان ہے۔ اور
اللہ کی کوئی حالت منتظرہ جس سے وہ
تمامی حاصل کرے نہیں ہے اور
امام نے اس اشکال سے بچنے کیلئے
کہا ہے کہ قدرۃ ازل میں بالفعل اثر
کرتی ہے۔ لیکن مقدورات اس وقت
ظاہر نہ ہوئے تھے کیونکہ ہر مقدور
ایک وقت میں اور اپنے رتبہ میں ظاہر
ہوتا ہے پس مقدورات کا ازل میں
نہ ہونا اس سبب سے ہے کہ ارادہ
اُن کے متعلق نہیں ہوا اس سبب سے
کہ قدرت نے تاثیر نہیں کی اور بعض نے
کہا ہے کہ خلق کی دو قسم ہیں اول خلق
تقدیر اور وہ امر پر مقدم ہے جیسا کہ

Marfat.com

فی قولہ الا لہ الخلق والامر
والخلق الآخر بمعنی الایجاد و
ھو الذی یساق الامر و
انکان الامر مقدما رتبۃ
علے ذالک الخلق بمعنے الایجاد
فالخالق الذی ھو اسم من
اسماء الحسنیٰ ازلی لانہ مشتق
من الخلق الذی مقدم علے
الامر فظھر مما تلونا علیک
ان التکوین ردھا اکثر المتکلمین
الی القدرۃ والمحققون من
الصوفیۃ رجعوھا الی صفۃ
الکلام قال الشیخ فی الفص
فما اوجد ھذا الشئ بعد
ان لم یکن عند الامر بالتکوین
الا نفسہ فاثبت الحق ان
التکوین للشئ لا للحق والذی
للحق فیہ امرہ خاصۃ ولذا
اخبر عن نفسہ انما قولنا

حق تعالیٰ کے قول میں بھی اول ذکر
کیا ہے فرماتے ہیں الا لہ الخلق والامر
اور دوسری قسم خلق ایجاد اور وہ امر
کے پیچھے ہے اور امر اس سے رتبۃً مقدم
ہے پس خالق اسماء حسنیٰ میں سے ایک
اسم ہے اور ازلی ہے۔ کیونکہ وہ اس
خلق سے مشتق ہے جو امر سے مقدم ہے
پس اس تقریر سے واضح ہو گیا کہ تکوین
کو اکثر متکلمین نے تو قدرت ہی کی طرف
رد کیا ہے اور محققین صوفیہ نے اس کو
صفت کلام کی طرف لوٹایا ہے۔ شیخ
نے فص میں کہا ہے کہ جب باریتعالیٰ
کسی شے کی تکوین کا امر کرتے ہیں تو اس
شے کا مکون ہونا اپنی ذات سے ہے
پس تکوین شے کے لئے ہے حق کیلئے
نہیں اور حق کا اس میں صرف امر ہے
اور اسی واسطے فرمایا ہے کہ انما
قولنا لشئ اذا اردناہ ان نقول
لہ کن فیکون پس تکوین کی نسبت

Marfat.com

لشیٔ اذا اردنا ان نقول
له کن فیکون فنسبتا التکوین
الی نفس الشیٔ عن امر الله
وهو الصادق فی امره
خاصة ولن الخبر وهذا
هو المعقول فی نفس الامر
کما نقول للذی یخاف منه
فلا یعصی لعبده قم فیقوم
امتثالا لامر سیده ولیس
للسید فی قیام هذا العبد
سوی امره بالقیام والقیام
من الفعل العبد لا السید

مرحلہ دس رویۃ
الله سبحانه متحققه عند
الاشاعرة ومنعها....
الاکثرون قال السید الشریف
الجرجانی قدس سره من
اراد منها الکشف التام
فذلك مسلم عنده لان عنده

(باری تعالیٰ کی رویت جائز ہے یا ممتنع؟)

نفس شئے کی طرف اللہ کے امر سے ہے
اور یہ بات خاص باری تعالیٰ کے
ہی امر میں صادق ہے اور اسی واسطے
اپنی طرف نسبت کرکے فرمایا ہے انما
قولنا الخ اور یہ بات واقع میں معقول
ہے جیسے کہ وہ شخص کہ اس کا خوف
کیا جاتا ہے اور اس کی کوئی نافرمانی
نہیں کرتا اپنے غلام سے کہے کہ کھڑا
ہو لیں وہ اپنے آقا کا حکم بجالانے کے
لئے کھڑا ہو جاتا ہے اور خود آقا کو اس
غلام کے کھڑا ہونے میں سوائے امر
کرنے کے کوئی دخل نہیں ہے اور کھڑا
ہونا خود اس غلام کا فعل ہے نہ کہ
آقا کا

مرحلہ چوسٹھواں

اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی رویت اشاعرہ
کے نزدیک تو متحقق ہے اور اکثروں نے
اس کو ممتنع کہا ہے سید شریف جرجانی
نے کہا ہے کہ رویت سے اگر مراد کشف تام
ہے تو اس کا ....

Marfat.com

كشف الغطاء وقطع العلائق
والانخراط في مسلك الملاء
الاعلى يصير المعارف يقينية
كالمشاهدات ومن اراد
منها الحالة التي تمدها عنه
ابصار الاجسام فلا يقبل منه
لان تلك الحالة لا يتصور
الا عند ارتسام صورة المرئي
او عند اتصال الشعاع الخارج
من العين على اختلاف الحكماء
في الرؤية وذلك محال في
حقه تعالى ومن اراد منها
الحالة التي تجدها الانسان
حين ما يري الشئ بعد علمه
به فيقول له هذه الحالة
اخرى مغايرة للحاصل عند
العلم فانا ندرك تفرقة
بين الحالتين وتلك التفرقة
لا يجوز عودها الى ارتسام

. . . . امکان
مسلم ہے کیونکہ اُس طرف کا پردہ کھلنے
اور تعلقات کے قطع ہونے کے وقت
اور ملاء اعلی میں جا ملنے کے وقت تمام
معارف یقینیات مثل مشاہدات کے
ہو جاتے ہیں۔ اور اگر رویت سے مراد
وہ حالت ہو جو اجسام کے دیکھنے کے وقت
مدرک ہوتی ہے تو ایسی رویت کا امکان
مسلم نہیں ہے کیونکہ ایسی حالت تو
جب ہی متصور ہو سکتی ہے جب کہ اُس
شے دیکھی ہوئی کی صورت نقش پذیر
ہو، اور یا شعاع جو آنکھ سے نکلتی ہے
وہ اُس شے سے ملے اور یہ امر اللہ تعالے
کے حق میں محال ہے اور اگر رویت سے
مراد وہ حالت ہو جو انسان کسی شے
کے دیکھنے کے بعد علم کے طور پر پاتا ہو۔ پس ہم
کہتے ہیں کہ یہ حالت دوسری ہے جو
اس حالت کے جو علم کے وقت حاصل
ہوتی ہے مغائر ہے چنانچہ ہم دونوں

Marfat.com

الانقش وخروج الشعاع ويمكن
ان يحصل تلك الحالة مع عدم
الارتسام وخروج الشعاع
فلا يبعد ان يصح الرؤية
بهذا الوجه على الله تعالى لكن
يحتاج الى اثبات مغايرة
هذه الحالة لكشف التام
الذی مر ذكره قال المحقق
الدوانی الابصار عبارة عن
ادراك تام وانكشاف بليغ
يحصل فی الدنيا عقيب فتح
البصر ووجود المحاذات والقرب
وخروج الشعاع والانطباع
وفی حقه تعالى يحصل هذا
الادراك فی الآخرة بدون
تلك الشرائط ولا يلزم من كون
تلك الشرائط شرطا فی ادراكنا
فی هذه النشاة كونها شرطا
فی النشاءة الآخرة اذ فی قدرته

حالتوں میں فرق پاتے ہیں اور اس فرق
کا مرجع صورت کے نقش پذیر ہونے
اور شعاع کے نکلنے کی طرف نہیں ہے
کیونکہ باوجود نقش پذیر نہ ہونے کے اور
شعاع کے نہ نکلنے کے بھی اس حالت
کا حاصل ہونا ممکن ہے پس کچھ بعید
نہیں ہے کہ اللہ کی رویت اسی طریق
سے ہو لیکن اس کا ثابت ہونا اس پر
موقوف ہے کہ یہ ثابت کیا جاوے کہ
یہ کشف تام بہ معنی مذکور کے مغایر ہے
محقق دوانی نے کہا ہے کہ دیکھنے سے
مراد ادراک تام اور انکشاف بلیغ ہے
جو دنیا میں تو آنکھ کھولنے اور دیکھنے
والے میں اور اس شے میں محاذات
اور قرب اور شعاع کے نکلنے اور یا نقش
پذیر ہونے کے بعد حاصل ہوتا ہے۔
اور اللہ تعالی کے حق میں یہ ادراک آخرت
میں بغیر ان شرائط کے حاصل ہو جاویگا
اور ان شرائط کے اس دنیا میں ہماری

Marfat.com

تعالی ان یخلق فی البصر قدرۃ
یمکن لہ ادراک الحق بھا
من غیر تلک الشرائط اذ تلک
الاسباب عادیۃ فیجوز
الابصار بدونھا وقد قال اھل
الحق ان مزاج النشأۃ الآخرویۃ
بخلاف مزاج النشأۃ
الدنیاویۃ والشخص واحد
الا لم یبق الشخص مستمرا دائما
لان المزاج . . . . الحالی
لا یقبل الدوام وان الدار
الآخرۃ لھی الحیوان فیمکن
ان یتغیر مزاج الابصار
الباصرۃ انتھی واما الرؤیۃ
عند اھل الکشف والعیان
فھی صحیحۃ فی ذاتھا الا انھا
لا تقع الا من وراء الحجب
النورانیۃ کانت او ظلمانیۃ
قال علیہ السلام ان للہ

ادراک کے شرط ہونے سے یہ لازم نہیں
آتا کہ یہی شرائط آخرت میں بھی شرائط
ہوں کیونکہ اللہ تعالی کو قدرت ہے کہ
آنکھ میں ایسی قدرت پیدا کر دیں کہ جو
بغیر ان شرائط کے بھی حق کا ادراک ہو سکے
یا یہ کہا جاوے کہ یہ اسباب عادیہ ہیں
دیکھنا بدون ان کے بھی ممکن ہے اور
اہل حق نے کہا ہے کہ آخرت کی زندگی
کا مزاج دنیا کی زندگی کے مزاج کے خلاف
ہے ورنہ وجود ہمیشہ ابد الاباد تک کیسے
باقی رہ سکتا ہے کیونکہ یہ مزاج ہمیشہ
رہنے کے قابل نہیں اور دار آخرۃ میں
محض حیات ہی حیات ہے پس ممکن ہے
کہ آنکھ کے دیکھنے کا مزاج متغیر ہو جائے
ختم ہوا کلام اہل حق کا، اور اہل کشف
و معائنہ کے نزدیک رویت اپنی حد
ذات میں صحیح ہے لیکن رویت بغیر نورانی
پردوں یا ظلمانی پردوں کے واقع
نہیں ہوتی۔ رسول اللہ صلی اللہ

Marfat.com

سبعين حجابا من نور وظلمة
الخ ومما يدل على صحة الرؤية
ولو كانت من وراء الحجاب
بيان رؤية الجنة المشابهة
برؤية الشمس والقمر فاخبر
صلى الله عليه وسلم انهم
يرون ربهم وانه ليس
بينه وبينهم حجاب الا رداء
الكبرياء في جنة عدن
فتنبه على بقاء الحجاب وهي
رتبة المظهر قال العارف
بالله لن ينال اي الانسان
الذات في غير مظهر ولو هلك
الانسان من شدة الحرص
سئل النبي صلى الله عليه وسلم
هل رأيت ربك ليلة المعراج
قال نوراني يرى اي النور
الحقيقي المجرد لا يمكن
رؤيته قال تعالى في بيان

علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بیشک اللہ
کے لئے ستر پردے نور کے ہیں اور ستر
ظلمت کے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنت
کی رویت کو بیان فرمایا ہے کہ وہ مشابہ
رویت چاند وسورج کے ہے اور فرمایا
ہے کہ وہ اپنے رب کو دیکھیں گے اور رب کے
درمیان اور لوگوں کے درمیان صرف
ردائے کبریائی ہوگی پس حجاب وہاں بھی
باقی رہے گا اور وہ مرتبہ مظہر کا ہے
عارف باللہ نے فرمایا ہے کہ انسان
ذات کا بغیر مظہر کے ادراک نہیں کرسکتا
اگرچہ انسان شدت حرص سے ہلاک
ہوجائے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے
دریافت کیا گیا کہ حضرت آپ نے
اپنے پروردگار کو شب معراج میں دیکھا
ہے۔ فرمایا گیا نورانی بھی دیکھا جاسکتا
ہے یعنی نور حقیقی مجرد کی رویت ممکن نہیں
ہے۔ حق تعالیٰ اپنے نور کے ظہور کے

Marfat.com

ظہور نورہ اللہ نور السمٰوٰت
والارض فلما ذکر مراتب
التمثیل قال نور علی نور
فاحد النورین النور المقید
والنور الآخر المطلق وقال
یہدی اللہ لنورہ من یشاء
ای یہدی اللہ بنورہ المتعین
فی المظاہر الی نورہ المطلق
الاحدی من یشاء من
عبادہ وسئل ابن عباس
عن رویتہ صلے اللہ علیہ
وسلم فقال راٰہ فقیل
للسائل قالت عائشۃ رضی
اللہ عنہا سألتہ قال علیہ
السلام نورانی اراہ فرجع
السائل ابن عبّاس فقال
رضی اللہ عنہ ذالک فی النور الذی
ھو النور ای تعذر الادراک
باعتبار التجرد عن المظاہر

بارے میں فرماتے ہیں کہ اللہ آسمان
اور زمین کا نور ہے اور تمثیل کے مراتب
جب ذکر کئے تو فرمایا کہ نور پر نور ہے
تو ان میں سے ایک نور تو مقید ہے
اور دوسرا مطلق ہے اور فرمایا ہے
کہ اللہ اپنے نور کی جس کو چاہیں ہدایت
کریں یعنی اپنے اس نور سے جو مظاہر
میں متعین ہے، نور مطلق احدی کی
طرف جس کو چاہیں ہدایت کریں ابن
عباس رضی اللہ عنہما نے رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت دریافت
کیا کہ آپؐ نے پروردگار کو دیکھا یا نہیں
فرمایا کہ دیکھا ہے۔ اُس سائل سے
کسی نے کہا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا
فرماتی ہیں میں نے پوچھا تھا تو فرمایا
کہ نورانی کو دیکھ سکتا ہوں۔ سائل نے
پھر ابن عباس رضی اللہ عنہما سے
دریافت کیا فرمایا کہ حضور کا یہ فرمانا
اُس نور کی نسبت ہے، جس کا ادراک

Marfat.com

والنسب والاضافات فاما في
المظاهر ومن وراء حجاب
المظاهر فالادراك ممكن
لان بصرنا لا يقدر على رؤية
النور الحقيقي و اطلاق النور
حقيقة لا يمكن الا على الله
تعالى وعلى غيره مجاز والنور
الحقيقي لا يرى لان وصفه
الخاص الباطن فلا يرا الا
الا هو وانما كان باطنا
لغاية ظهوره كالشمس
فان ضوءها يبهر الباصر
فلا يرى واما باعتبار
المجالي والمظاهر فلا شبهة
انه يرى قال صلى الله عليه
وسلم رايت ربي في احسن
صورة امرد قطط ورد في
الاخبار اثبات الصورة له
قال ان الله خلق آدم على

اس اعتبار سے کہ مظاہر اور
اور اضافات سے مجرد ہو ممکن نہیں
ہے اور مظاہر میں اور پردوں کے
پیچھے تو ادراک ممکن ہے کیونکہ ہماری
بینائی نور حقیقی کی رویت پر قادر نہیں
ہے اور کسی اور شے کو سوائے اللہ تعالیٰ
کے نور کہنا مجاز ہے اور نور حقیقی دیکھا
نہیں جا سکتا۔ کیونکہ اُس کا وصف
خاص تو پوشیدگی ہے پس اُس کو
سوائے اُس کے کوئی نہیں دیکھ سکتا
اور باطن بہ سبب غایت ظہور کے ہے
جیسے کہ سورج کہ اس کی روشنی آنکھ
کو چوندھیاتی ہے۔ پس دیکھی نہیں جا سکتی۔
اور باعتبار مظاہر کے بلا شبہ دیکھ سکتے
ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا ہے کہ میں نے اپنے رب کو نہایت
اچھی صورت میں دیکھا ہے اور میں نے
اپنے رب کو امرد گھونگریالے بال والے
کی صورت میں دیکھا ہے۔ اور احادیث

Marfat.com

صورتہ لظهوره تعالی فی
المجالی والمظاهر کظهور
حقیقۃ الجبرئیلیۃ فتمثل
لها بشرا سویا واذا لم یکن
ذالک استحالۃ فی ذلک
الملک ولا انقلابا بل بقی
جبرئیل علی حقیقتہ وکذالک
دحیۃ علی صورتہ فلا یستحیل
مثل هذا فی حق اللہ سبحانہ
فی النوم والیقظۃ وقد ورد
فی صحیح المسلم ان الحق تعالیٰ
یتجلی یوم القیامۃ علی صورۃ
عقیدۃ کل احد وقدرتہ
فی الظهور والبطون علی السویۃ
وقول امیر المؤمنین یعسوب
الموحدین لا اعبد ربا
لم اره حین سئل عن الرویۃ
محمول علی التجلی فی المظاهر

مرحلہ ہشتم اعلم ان اللہ

میں صورت کا اثبات حق تعالیٰ کے
لئے وارد ہے۔ فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ
نے آدم کو اپنی صورت پر پیدا کیا ہے
کیونکہ اللہ تعالیٰ مظاہر میں ظاہر
ہوتے ہیں جیسے کہ حقیقت جبرئیلیہ بشر
کی صورت میں ظاہر ہوئی تھی اور جبکہ
یہ امر فرشتہ کے اندر استحالہ اور انقلاب
نہیں ہے، بلکہ جبرئیل اپنی حقیقت پر
باقی رہے اور اسی طرح دحیہ اپنی صورت
پر رہے تو اللہ سبحانہ تعالیٰ کے حق میں
سوتے یا جاگتے محال نہیں ہے اور
صحیح مسلم میں وارد ہے کہ حق تعالیٰ
دن قیامت کے ہر ایک عقیدے کی
صورت میں تجلی فرما دیں گے اور اس
کی قدرت ظہور اور بطون میں برابر ہے
اور جب امیر المومنین یعسوب الموحدین
علی رضی اللہ عنہ سے رویت کی نسبت
سوال کیا تو فرمایا کہ میں ایسے رب
کی عبادت نہیں کرتا جس کو دیکھا نہیں

Marfat.com

سبحانہ اسماء لا تحصی منها
متقابلات ومتضادات
كاللطيفية الجمالية والقهرية
الجلالية فتعين احدهما
يضاد تعين الآخر فان الباطن
مقتضاه يضاد مقتضى الظاهر
والاسماء المتضادة والصفات
المتقابلة من الازل الى الابد
احدهما يثبت مقتضاها وينفي
مقتضى الاخرى من غير تعطيل
وتمهيل فان التعطيل لہ شوب
من العجز واللغو والعبث منافاة
بصفة القدرة ولا بد في
رفع التعطيل من القول بان
العالم في كل آن ينعدم
ومثلہ يتجدد فان الآن
الواحد لا يسع التجليتين
المتضادتين بخصوصهما و
ان كان على جميع الاسماء في

ہے تو یہ مظاہر پر تجلی فرمانے پر محمول ہے

مرحلہ پینسٹھواں جاننا چاہیے
کہ اللہ تعالیٰ کے بے شمار اسماء ہیں
بعض تو ان میں سے متقابل و متضاد
ہیں جیسے کہ لطیفہ جمالیہ اور قہریہ جلالیہ
پس ایک کا تعین دوسرے کے تعین
کے متضاد ہے۔ چنانچہ باطن کا مقتضی
ظاہر کے مقتضی کے خلاف ہے اور
اسماء متضادہ اور صفات متقابلہ
ازل سے ابد تک ان میں سے ایک
کا مقتضی ثابت ہوتا ہے اور دوسرے
کا منفی ہوتا ہے اور کچھ اس میں تعطیل
وتمہیل لازم نہیں آتی کیوں کہ تعطیل
تو ایک قسم کا عجز اور لغو اور عبث ہے
اور صفت قدرت کے منافی ہے اور
تعطیل کے نہ ہونے کی صورت میں
یہ لازم آتا ہے کہ عالم ہر آن میں معدوم
ہوتا ہے اور نیا پیدا ہوتا رہے کیونکہ
ایک آن میں دو تجلی متضاد نہیں

تجلی کل اسم فلا بد ان یکون
فی آن تجلی لطفی و فی آن تجلی
قہری مثلاً فکل حقیقة امکانیة
اذا حصلت شرائط وجودھا
وارتفعت الموانع ادرکتھا
الرحمة للرحمانیة التی افاضته
الوجود فیفیض علیھا الوجود
بقدر استعداد اقتضاء
قابلیتھا فیصبغ ظاھر الوجود
الذی ھو مرأة باطن الوجود
باحکام العین الثابتة فیتعین
خاص ممتاز عن سائر التعینات
لا تعین اطلاقی فانه لا مجال
لظھوره فی المظاھر کلہ
حاصل التجلی اللطفی فاقتضت
الصفة القھریة اضمحلال
ذالك التعین واستھلاك
جمیع آثارھا وسلخ مقتضی اللطف
و تنسخ حکم الجمال و فی آن

ہمہ گیتی اور اگر تمام اسماء کی تجلی ہر اسم
کی تجلی میں ہو تو یہ لازم آتا ہے کہ ایک
ہی آن میں تجلی لطفی ہو اور اسی آن
میں تجلی قہری ہو ... پس ہر حقیقت
امکانیہ کو جب شرائط وجود حاصل
ہو جاویں تو اس کو رحمۃ الہیہ جس کا
فیض وجود ہے ادراک کرتی ہے۔
پس وجود اس پر بقدر اس استعداد
کے جس کو وہ مقتضی ہے فایض ہوتا ہے
پس ظاہر وجود کہ جو باطن وجود کا آئینہ
ہے عین ثابتہ کے احکام کے ساتھ
رنگین ہو جاتا ہے پس ایک تعین خاص
ہے کہ جو اور تعینات سے ممتاز ہے،
متعین ہو جاتا ہے اور وہ تعین اطلاقی
نہیں ہوتا ہے کیونکہ وہ کل مظاہر میں
ظہور کی مجال نہیں رکھتا ہے۔ پس یہ
تجلی لطفی کا حاصل ہے اس کے بعد
صفت قہریہ اس تعین کے اضمحلال
کو اور اس کے تمام آثار کے ہلاک کرنے

Marfat.com

الانسلاخ من غیر تخلل آن
وزمان یقتضی الرحمۃ الرحمانیۃ
بتعین بتعین مماثل للاول و
ھٰکذا یتکرر التعین باللطف
والجمال والانسلاخ بالقھر
والجلال الی ماشاء اللہ
تعالےٰ واشار الیہ بقولہ
کل یوم ھو فی شان وفی
قولہ بل ھم فی لبس من خلق
جدید فکل من الصفتین
المتضادتین بالنوبۃ فی
الفعل والسلخ من غیر تعطیل
فالبطون شنشنۃ الجلال و
الظھور آثار الجمال ولھٰذا
قیل لولا بطونہ لا نھد ر
رکن العظمۃ والجلال ولولا
ظھورہ لانسد باب الحسن
والجمال وقال المحققون قدست
اسرارھم العالم کلہ من جواھرہ

کو مقتضی ہوتی ہے اور لطف کے مقتضی
کو اور جمال کے جاتے رہنے کو مقتضی
ہوتی ہے اور اسی آن میں رحمت رحمانیہ
سے ایک اور تعین جو پہلے کا مماثل
ہے متعین ہو جاتا ہے اور اسی طرح
لطف اور جمال سے تعین مکرر ہوتا
رہتا ہے اور انعدام بھی ہوتا رہتا ہے
جب تک اللہ چاہتے ہیں اور اسی
طرف اللہ تعالیٰ نے اپنے اس قول
میں اشارہ فرمایا ہے کل یوم ھو
فی شان یعنی وہ ہر دن ایک
حال میں ہے اور فرمایا ہے کہ بل
ھم فی لبس من خلق جدید
یعنی بلکہ وہ التباس میں ہیں پیدائش
نئی سے پس دونوں صفت متضاد
میں سے ہر ایک نوبت بہ نوبت فعل
اور اعدام میں ہے اور تعطیل لازم
نہیں آتی پس بطون تو اثر جلال کا
ہے اور ظہور علامت جمال کی ہے۔

Marfat.com

واعراضه عرض الذات
فان ما يتخيله القاصرون
جواهر اذا دقق النظر فيه
نتبين انه عرض فان ما
يحسبونه جواهر اذا نظر في
حدودها لا يظهر غير
الاعراض لان كل مرتبة
الذات ذات اوصاف
تميز ماهيتة بها عن ماهية
اخرى الا ترى انه اذا قيل
ما الانسان يقول حيوان
ناطق والنطق عرض يمتاز
به عن سائر الحيوانات و
اذا سئل ما الحيوان تقول
جسم نامي حساس متحرك
بالارادة فالنمو والحس
والتحرك اعراض يمتاز
بها عن سائر الاجسام و
اذا سئل بالاجسام تقول

اور اسی واسطے کہا گیا ہے اور اگر بطون
نہ ہوتا تو عظمت اور جلال کا رکن بے کار
ہو جاتا اور اگر ظہور نہ ہوتا تو حسن و جمال کا
دروازہ بند ہو جاتا محققین نے کہا ہے
کہ سارا عالم خواہ جوہر ہو یا عرض باعتبار
ذات کے عرض ہے کیونکہ جس شے کو
ظاہر بیں اور کوتاہ نظر جواہر خیال
کرتے ہیں اگر اس میں نظر تدقیق سے
دیکھا جاوے تو معلوم ہوگا کہ وہ عرض
ہے کیونکہ جس شے کو وہ جوہر سمجھتے ہیں اگر
اس کی حد میں غور کیا جاوے تو سوائے
عرض کے کوئی شے ظاہر نہیں ہوتا کیونکہ
ہر شے مرتبہ ذات میں ایسی اوصاف
والی ہے کہ اس کی ماہیت دوسرے
ماہیت سے ممتاز ہوتی ہے۔ دیکھئے
نہیں کہ جب یہ کہا جاوے کہ انسان
کیا ہے اور جواب میں حیوان ناطق
کہا جاتا ہے تو نطق عرض ہے کہ جس
سے انسان تمام حیوانات سے ممتاز

Marfat.com

هو جوهر يقبل الابعاد
الثلثة فالمقبول عرض يمتاز
به عن سائر الجواهر واذا
سئال ما الجوهر تقول ممكن
كان فى موضوع فكونه اذا
وجد وجد لا فى موضوع
عرض يمتاز عن سائر الممكنات
واذا اسئل ما الممكن تقول
موجود استوى وجوده وعدمه
فى ذاته فكونه مستوى الوجود
والعدم عرض فليس فى هذه
المراتب الاذات مبهمة اى
وجود مطلق طرأت عليه
الاعراض للتمييز بين الماهيات
فالذات المبهمة هو الجوهر
الحقيقى لانه المقوم لغيره
والممكن والجوهر والجسم
والجسم النامى والحيوان
والانسان اعراض قامت

ہوتا ہے اور جب یہ پوچھا جاوے
کہ حیوان کیا ہے اور جواب میں کہا
جاتا ہے کہ ایک جسم نامی حساس
متحرک بالارادہ ہے تو اس حد میں
ظاہر ہے کہ نمو اور حس اور تحرک سب
کے سب عرض ہیں ان سے ہی اور جسم
سے حیوان ممتاز ہوتا ہے اور جب
پوچھا جاتا ہے کہ جسم کیا ہے اور جواب
میں کہا جاتا ہے کہ جسم ایک جوہر ہے
جو ابعادِ ثلاثہ کو قبول کرے پس یہ
قبول ایک عرض ہے کہ جس سے جسم
اور جواہر سے ممتاز ہوتا ہے اور جب
یہ پوچھا جاوے کہ جوہر کیا ہے اور جواب
میں کہا جاتا ہے کہ ایک ایسا وہ ممکن
موجود ہے کہ جس کا وجود اور عدم برابر
ہو پس اس کا اس برابری کے ساتھ
موصوف ہونا عرض ہے۔ پس ان
مراتب میں سوائے ذات مبہمہ کے یعنی
وجود مطلق کے کچھ نہیں ہے اس ذات ہی پر

بظاهر الوجود ليخصصه تخصيص
معينة وتخصصه باحكام
مخصوصة والقول بان الامور
المذكورة ليست بفصول
بل لوازمها فانا لا نعرف
حقيقتها حقيقة لعدم القدرة
على تعيين الحقائق الفصولية
مع ان اصحاب الكشف والشهود
تعاضدت مشاهداتهم لما
قلنا ومن اهل النظر منهم
من ذهب فی الاعراض الی
انها لا یبقی زمانین لکن
غفل عن حال الجواهر ومنهم
من ذهب ان العالم بجمیع
اجزائه خیال لا یبقی زمانین
لکن غفل عن ذات مبهمة
مطلقة مقومة لصورة العالم
من الاعراض والجواهر واما
اهل الکشف والشهود

عرض ماہیات میں تمیز دینے کے لئے
طاری ہوئے ہیں پس ذات مبہمہ وہ
ہی جوہر حقیقی ہے کیونکہ وہی غیر کا مقوم
ہے اور ممکن اور جوہر اور جسم اور جسم نامی
اور حیوان اور انسان یہ سب اعراض
ہیں جو ظاہر وجود کے ساتھ افراد معینہ
اور احکام مخصوصہ کے ساتھ اس کو
خاص کرنے کے لئے قائم ہیں اور اس
بات کا قائل ہونا کہ یہ امور مذکورہ فصول
نہیں بلکہ لوازم ماہیت ہیں کیونکہ ہم
کسی حقیقت کو نہیں پہچانتے تو یہ قول
حقیقی اور واقعی ہے کیونکہ فصول کی
حقائق کی تعیین پر ہم کو قدرت نہیں ہے
باوجود اس کے اصحاب کشف و مشاہدہ
کے مشاہدات ہمارے قول کے موید ہیں
اور بعض اہل نظر کہتے ہیں کہ اعراض
دو زمانوں میں باقی نہیں رہ سکتے
مگر یہ قائل جواہر کے حال سے غافل
رہا کہ ان کی بھی یہی حالت ہے اور

Marfat.com

فوجد وانه تعالى فى كل
ان يتجلى فى تجلى خاص فلا
تكرار فى تجليات ففى كل
ان لمعه جمال غير جمال مقدم
فان التكرار ينبئ عن النقصان
فبالتعين الواحد فى الانين
او فى الآن الواحد بالتعينين
لا ينبغى ان يكون لانه يورث
نقصانا اما فى الفاعلية او
القابلية ولا نقصان فيهما
ولقد حان ان تتنفس القوى
عن ترتيب الامور وتشريح
البنان عن تسطير السطور
فى الدبور وتعتق وجه
القرطاس عن حداس حدة
القلم والقلم عن طعن
السكين عن الصرم من
الراس الى القدم فان
هذا آخر ما كتب القلم

بعض کہتے ہیں کہ عالم اپنے تمام اجزاء
سے ایک خیال ہے جو دو زمانوں
میں باقی نہیں رہ سکتا لیکن یہ قائل
ذات مبہمہ مطلقہ سے جو صورۃ عالم
کی مقومہ ہے غافل رہا اور اہل کشف
ومشاہدہ نے یہ ادراک کر لیا ہے
کہ اللہ تعالیٰ ہر آن میں ایک تجلی خاص
میں تجلی فرماتے ہیں پس تجلیات میں
تکرار نہیں ہے پس ہر آن میں اس کا
ایک جمال ہے جو پہلے جمال کا غیر ہے
کیونکہ تکرار اگر ہو تو اس میں ایک قسم
کا نقصان ہے پس دو آن میں ایک تعین
کے ساتھ ہونا یا ایک آن میں دو تعین
کے ساتھ ہونا دونوں نازیبا ہیں کیونکہ
یہ دونوں سب نقصان ہیں خواہ فاعلیت
میں نقصان ہو یا قابلیت میں، اور
حالانکہ دونوں میں نقصان نہیں ہے
اور اب اس کا وقت پہنچ گیا کہ قوت
عاقلہ ترتیب امور سے سانس لے اور

Marfat.com

مرفوعًا وجبين الكرام
الطمان موضوعًا وكان
الفراغ سنة الف ومأة
واربع وثلثين من هجرة
خير الكل عليه من الصلوٰة
والتسليم ازيد من ان
يتصورهما الكل ہ تم

انگلیاں سطور کے لکھنے سے راحت
پاویں اور کاغذ کا چہرہ قلم کی تیزی
کی خراش سے متغیر ہو اور قلم چاقو
کی ضرب سے سر سے قدم تک فنا
ہو جائے پس یہ آخر اُس مضمون کا
ہے، جس کو قلم نے لکھا ہے۔ اور میں
اس کی تالیف سے ۱۱۳۴ھ گیارہ
سو چونتیس ہجری نبوی صلے اللہ
علیہ وسلم میں فارغ ہوا ختم اللہ
لنا بالحسنیٰ۔ آمین۔
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِسُوْءِ لَفْظِهِمْ وَ
لِمُسْتَرِحِيْبِهِمْ وَ اَقِلْ عَثَرَاتِهِمْ

آمین

Marfat.com

حقیقت نماز

نماز سے دین بھی ملتا ہے اور دنیا بھی ملتی ہے۔ اعلیٰ سیرت بھی ملتی ہے۔ اختیار اقتدار بھی ملتا ہے۔ اسی نماز نے جو کیرکٹر بناتی ہے عربوں کو قیصر و کسریٰ کے تخت و تاج کا مالک بنا دیا تھا۔ اگر نماز کی پابندی کے باوجود مسلمانوں میں برائیاں ہیں تو تسلیم کرنا پڑیگا کہ اول تو نماز عام طور سے نہیں پڑھی جاتی اور اگر پڑھی جاتی ہے تو نماز پڑھنے کا طریقہ صحیح نہیں ہے۔ نماز کا صحیح طریقہ معلوم کرنے کے لئے "حقیقت نماز" کا مطالعہ کیجیے جس میں نماز ادا کرنے کا صحیح طریقہ بتایا گیا ہے۔ اس لئے کہ نماز اگر صحیح طریقہ سے ادا کرلی جائے تو اس سے بڑی کوئی عبادت نہیں ہوسکتی۔ نمازوں کو صحیح طور پر ادا کرنے کے جو طریقے اس کتاب میں بتائے گئے ہیں وہ سنت نبوی، صحابۂ کرامؓ اور اولیاء کرامؒ کی تعلیمات، ہدایات اور عمل کا خلاصہ ہیں۔ کتاب کے کئی سو عنوانات میں سے ذیل کے چند عنوانات قابل غور ہیں:۔

○ نماز فرض کیوں کی گئی ○ نماز کی حقیقت و روح کیا ہے ○ نماز کس طرح پڑھنی چاہیے ○ نماز کو اسلام نے افضل عبادات کیوں قرار دیا ہے ○ انبیاء علیہم السلام کس طرح نماز پڑھا کرتے تھے ○ اولیاء اللہ کا کیا طریقہ تھا ○ نماز کے لئے وضو کیوں ضروری ہے ○ اعضاء کے دھونے میں کیا کیا حکمتیں پوشیدہ ہیں ○ پانچ وقت کی نمازیں کیوں فرض ہوئیں ○ قیام، رکوع، سجدہ، قومہ، جلسہ، قعدہ کیوں مشروع قرار دیئے گئے ہیں۔ ○ نماز میں دل لگانیکا طریقہ

Marfat.com

○ نماز پڑھنے سے کیا فائدے حاصل ہوتے ہیں۔

کتابت وکتابت بہتر، کاغذ اچھا۔ رنگین ٹائیٹل۔

قیمت تین روپے ۵۰ نئے پیسے۔ محصول ڈاک علاوہ

رُوحِ تصوّف

حضرت خواجہ گیسو دراز بندہ نوازؒ کی مایہ ناز تصنیف کا یہ اُردو ترجمہ ہے جس میں حضرت خواجہؒ نے معرفت و روحانیت کی تمام تعلیمات کا بہترین خلاصہ لکھ دیا ہے مجاہدات و ریاضات کا ذکر بھی پوری تفصیل سے ہے۔ اس کتاب میں بہت سے اولیاء اللہؒ کے اعمال و اذکار جمع کر دیئے گئے ہیں۔ یہ تصوف و معرفت کی تمام تعلیمات کا بہترین خلاصہ ہے جو اللہ کی رضا چاہتا ہو، اُسے تصوف کی بڑی بڑی کتابوں سے یہ کتاب بے نیاز کر دیگی۔ اس میں اعمال و اذکار، مجاہدات و ریاضات کے موثر طریقے بیان کئے گئے ہیں۔ پیری مریدی کے نکتے اور سچے بزرگوں کی پہچان کے طریقے بتائے گئے ہیں۔ انداز بیان دلکش ہے۔ کتابت و طباعت عمدہ حسین رنگین گردپوش۔ قیمت صرف دو روپے۔ محصول ڈاک علاوہ

پاکستانی خریدار

قیمت کتب مع محصول ڈاک ادارہ فروغ اسلام ۱۶۸ انار کلی، لاہور کو بھیجیں اور رسید منی آرڈر ہمیں بھیجدیں۔ کتابیں دہلی سے بھیجدی جائیں گی۔ محصول ڈاک ایک پیکٹ پر ۸۰ پیسے رجسٹری اور ۳۰ پیسے فی کتاب لگتا ہے۔

Marfat.com

خواجہ غریب نوازؒ

سرکار غریب نواز، خواجۂ خواجگان، سلطان الہند حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی ذاتِ اقدس روحانیت کا ابرِ کرم تھی اور یہ ابرِ کرم کفر و الحاد کی بنجر اور پتھریلی زمینوں پر ٹوٹ ٹوٹ کر برسا اور ویران بستیوں کو سدا بہار کر گیا۔ حضرت خواجہ غریب نواز پوری دنیا کے لئے معرفت و صداقت کی سب سے بڑی افادہ گاہ، سب سے بڑی انجمن بن کر تشریف لائے اور ہندوستان اُن کے ابدی پیغام سے بیدار ہو گیا۔ اس کتاب میں جو یمن و سعادت کا سرچشمہ ہے حضرت خواجہ غریب نواز کے مکمل حالاتِ زندگی، اخلاق و عادات، روحانی کمالات، کشف و کرامات اور ان کا روحانی نظامِ زندگی، ان کے ذکر و فکر کے طریقوں پر، روح پرور انداز میں عالمانہ گفتگو کی گئی ہے۔ یہ کتاب اپنے معنوی محاسن کے اعتبار سے جاں نثارانِ حضرت خواجہ کیلئے ایک انمول تحفہ بن گئی ہے۔ حسب ذیل چند عنوانات سے کتاب کی اہمیت کا کچھ اندازہ ہو سکتا ہے:۔

○ ہندوستان پر حضرت خواجہؒ کے احسانات ○ روحانی اور جسمانی انقلاب ○ اشاعتِ اسلام اور اسلامی حکومت کا قیام ○ حضرت خواجہ غریب نوازؒ اور حضرت غوث اعظمؒ کی قرابتداری ○ حضرت خواجہ کی ایک مجذوب سے ملاقات اور دُنیا سے بیزاری ○ حضرت خواجہ کی بیس سالہ ریاضت و مجاہدہ ○ خواجہ غریب نوازؒ دہلی میں ○ کھانڈے راؤ کے خادم حلقہ بگوش ○ حضرت خواجہ اجمیر میں ○ حضرت خواجہ

Marfat.com

بیاض الاولیاءؒ

اس کتاب میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی، حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ۔ حضرت بابا فریدالدین گنج شکرؒ، حضرت سلطان نظام الدین اولیاؒ۔ حضرت شیخ کلیم اللہ ولی۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ، حضرت شیخ محمد گوالیاریؒ، حضرت مولانا شاہ اشرف علی تھانویؒ اور دوسرے اکابر و مشاہیر ملت کے آزمودہ اوراد و وظائف اور عملیات درج ہیں۔ اگر کسی کا دل جلتا ہو، آپ بیمار ہوں اور بیماری پیچھا نہ چھوڑتی ہو۔ دشمنوں نے ستا رکھا ہو۔ آپ دعا کرتے ہوں اور مراد پوری نہ ہوتی ہو، تو یہ کتاب پڑھئے جس میں دعائیں مانگنے، عملیات اور مرادیں پوری ہونے کے طریقے بیان کئے گئے ہیں۔ اس کتاب کا ہر وظیفہ، ہر عمل، ہر نقش، اولیاء کرام کا آزمایا ہوا ہے۔ یہ کتاب ہر مراد کی کنجی ہے۔ ہر قسم کی روحانی و جسمانی بیماری کا سو فیصدی کامیاب و مجرب علاج ہے۔ اس کتاب سے آپ کی تقدیر بدل جائے گی۔ ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔ عمدہ طباعت و کتابت، کاغذ اچھا، مجلد خوشنما رنگین گرد پوش۔

قیمت تین روپے ۵۰ نئے پیسے۔ محصول ڈاک علاوہ

روحانیت کے چوبیس ۲۴ ستارے

اولیائے کرام نے دین کی پوری تبلیغ کی مصیبتیں برداشت کیں، سختیاں جھیلیں اسلام کا نور دنیا کے گوشہ گوشہ میں پھیلایا ہے۔ یہ کتاب اولیاء اللہ کے ایمان افروز روحانی

Marfat.com

اور تبلیغی حالات وواقعات کا بیش بہا مجموعہ ہے اس میں مولائے کائنات حضرت علی مرتضیٰ سید الشہدا امام حسین علیہ السلام حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ۔ حضرت ابراہیم بن ادھمؒ۔ حضرت بایزید بسطامی، حضرت شیخ فریدالدین عطار رحمۃ اللہ حضرت شیخ جمال الدین ہانسویؒ حضرت ابوسعید ابوالخیرؒ۔ حضرت خواجہ امیر خسروؒ حضرت شیخ احمد عبدالحق رودولویؒ۔ حضرت شیخ علاؤالدین بنگالیؒ حضرت شیخ محمد میاں سید بالا پیر قادریؒ حضرت خواجہ سید آدم بنوریؒ اور دوسرے اکابر اولیاء اللہ کے حالات، مجاہدات، کرامات پڑھیے اور حق و باطل کی معرکہ آرائیوں سے سبق لیجئے۔ اس کتاب میں بتایا گیا ہے کہ کس طرح ان اولیاء اللہ نے ظلم و جبر کا مقابلہ کیا۔ ظالم و جابر بادشاہوں اور امیروں کی اصلاح کی اور دنیا کو حق و صداقت کا درس دیا انھوں نے ایک تاریخ بنائی اور ایک نیا سماج بنایا جس کی بنیادیں روز ابد تک استوار رہیں گی۔ کتابت و طباعت بہتر، خوشنما گرد پوش۔ قیمت دو روپے۔

بابا فرید گنج شکر

شیخ الاسلام شیخ المشائخ حضرت شیخ بابا فریدالدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی ذات اقدس اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا انعام تھی اور اللہ تعالیٰ اپنے جن محبوب بندوں کے صدقہ میں دنیا والوں پر رحمتیں نازل فرماتا ہے ان میں حضرت بابا صاحبؒ کا منصب بہت رفیع الشان اور مرتبہ بالشان ہے۔ حضرت بابا صاحبؒ نے اپنی زندگی بھی اسلام کے سانچے میں ڈھالی اور موحدانہ و عارفانہ زندگی بسر کی اور اپنی روحانیت اور حق آگاہی اور معرفت آگاہی سے ان گنت چراغ روشن کئے جو سدا روشن رہیں گے۔ حضرت بابا صاحبؒ سے حضرت

Marfat.com

سلطان نظام الدین اولیا اور حضرت سلطان علاء الدین مخدوم صابر کلیریؒ نے فیض حاصل کرکے دنیا کو وہ روحانی واخلاقی دولت تقسیم کی کہ دنیا مالا مال ہوگئی اور اس سرچشمہ فیض سے ایسے ایسے دریا نکلے کہ خشک وادیاں لہلہا اٹھیں۔ یہ بابا فرید گنج شکرؒ ہی تھے جن کے اقوال وارشادات نے سکھ دھرم کے بانی بابا گورو نانک کے دل کو موہ لیا اور وہ وحدت کے گیت گانے لگے حضرت باباصاحبؒ کے ان روحانی کمالات، حالات وواقعات، ریاضت ومجاہدات کرامات، بابرکات، اور عارفانہ زندگی (جس نے غیرمسلموں کے قلوب کو بھی جلا بخشی)، اس مایۂ ناز کتاب میں پوری تفصیل سے لکھی گئی ہے اور اس انداز سے لکھی گئی ہے کہ اپنے تو اپنے غیر بھی یہ جام پئیں اور سرمست وسرشار ہوجائیں۔ کتاب شروع کرنیکے بعد ختم کئے بغیر چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا اور کتاب کا ہر ہر ورق پڑھ کر اللہ تعالےٰ کی محبت، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت اور اولیائے کرام سے عقیدت پیدا ہوتی ہے اور باباصاحبؒ کا عظیم کردار دل ودماغ کیلئے نمونہ بنجاتا ہے۔ اس کتاب کے بیشمار عنوانات میں سے چند عنوانات یہ ہیں۔ حضرت باباصاحبؒ کے والد سلطان محمود غزنویؒ کے بھانجے تھے۔ حضرت باباصاحبؒ کی ولادت کی پیشگوئی۔ ولادت سے پہلے کی کرامت۔ ولادت کے بعد باباصاحبؒ نے روزے رکھے۔ حضرت باباصاحبؒ حضرت قطب الاقطاب قطب الدین بختیار کاکیؒ کے حلقۂ ارادت میں۔ برگزیدہ استاد کی جناب میں مشقتیں اور ریاضتیں۔ حضرت باباصاحبؒ پر سرکار غریب نوازؒ کا خصوصی کرم۔ حضرت باباصاحبؒ کا حضرت غوث الاعظمؒ کے مزار مبارک کی تعمیر میں حصہ۔ حضرت باباصاحبؒ کے مقابلے میں جادوگر اور اسکے سارے چیلے بے بس ہوگئے شمبھوناتھ جوگی مسلمان ہوگیا۔ حضرت باباصاحبؒ کی اجودھن میں تشریف آوری۔ نمک شکر بن گیا۔ اینٹیں سونا بن گئیں۔ حضرت باباصاحبؒ کی گدڑی کی کرامت۔ کتابت وطباعت بہترین مجلد حسین ورنگین گردپوش قیمت تین روپئے پچاس پیسے۔

کتابیں ملنے کا پتہ:۔ آستانہ بکڈپو، پوسٹ بکس نمبر ۱۲۰۶ جامع مسجد دہلی

Marfat.com

Marfat.com